یہ ستارے یہ کہکشاں یہ فلک رہبرِ راہِ زندگانی ہیں!

FEBRUARY 2019
ABC Certified/CPNE Member

GOLDEN YEARS 71 سالہ مسلسل اشاعت

آفاقی معلومات کا علمبردار

ماہنامہ روحانی آئینہ قسمت لاہور

بارہ امامیہ جنتری 2019ء

البیرونی تقویم 2019ء

2019 LUCKY NUMBERS

زنجانی جنتری 2019ء

آسمانی کونسل پاکستان پر مہربان

نئے پاکستان کا نیا جھنڈا

تیسری عالمگیر جنگ کا خطرہ؟

کائنات میں نیا پاکستان

تدبیر سے تقدیر بدلنے کا سال

زنجانی جنتری 2019ء، 12 امامیہ جنتری 2019ء اور البیرونی تقویم لکی نمبرز شائع ہو چکی ہیں

مسئلہ کشمیر میں پیشرفت

سابق و موجودہ حکمرانوں کی جان کو خطرہ ہو سکتا ہے

ASTROLOGY FOR ALL

بیاد حضرت میراں حسین زنجانی رحمۃ اللہ علیہ پیر بھائی حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ لاہور

A.B.C سے باقاعدہ منظور شدہ اشاعت

جلد نمبر 71 FEBRUARY 2019 شمارہ نمبر 11

بانی ادارہ منجم اعظم الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی قدس سرہ العزیز

جانشین خاندانِ زنجانیہ عالیہ

شہزادہ سیّد مصوّر علی شاہ زنجانی

شہزادہ سیّد محمد علی شاہ زنجانی

شہزادہ سیّد محسن علی شاہ زنجانی

بیرون ممالک سالانہ چندہ

مڈل ایسٹ 12000 روپے

انڈیا، ایران، سری لنکا 12000 روپے

یورپ، فار ایسٹ 14000 روپے

امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا 15000 روپے

قیمت 90 روپے

سالانہ چندہ 1000 روپے

لائف ممبر شپ 15000 روپے For 12 Years

لائف ممبر شپ 1000 ڈالر For 12 Years

کاشانہ زنجانی 125-ڈی، گلبرگ 2

54660 بلمقابل یونین کونسل حضرت میراں حسین زنجانی روڈ، نزد مین مارکیٹ لاہور

Ph: 042-357522277 - 35872277

Mobile: 0300-9483758

کاشانہ زنجانی

19-A، جی ٹی روڈ (جہلم روڈ)، بالمقابل گالف کلب/آرمی ہاؤس، عقب پی ایس او پٹرول پمپ

راولپنڈی

PH: 051-8732742
051-8732764

کاشانہ زنجانی

نزد انصار برنی ٹرسٹ و ہمدرد دواخانہ

آرام باغ روڈ، کراچی -74200

Ph: 021-32217544

حضرت علی علیہ السلام

اگر تم کسی کو دھوکہ دینے میں کامیاب ہو جاتے ہو تو یہ نہ سمجھنا

کہ وہ کتنا بیوقوف ہے بلکہ یہ سوچنا کہ اُس کو تم پر اعتبار کتنا تھا

سید انتظار حسین زنجانی ایڈیٹر/ پبلشر نے حیدری پریس، ریلوے روڈ، لاہور سے چھپوا کر کاشانہ زنجانی 125-D گلبرگ 2 لاہور سے شائع کیا

حمد

ضمیر جعفری

دِکھا دے پھر سے اپنا گھر دِکھا دے
مرا سر صحنِ کعبہ میں جھکا دے
حرم میں میرے سجدے اَن گنت ہوں
جبیں کو روشنی سے جگمگا دے
درِ اقدس پہ ایسی حاضری ہو
دیارِ دِل کو اِک کعبہ بنا دے
ترا کعبہ مری چاہت کا مرکز
مری آنکھوں میں یہ کعبہ بسا دے
ترا ہی نام لے کر نیند آئے
مجھے اس خوابِ غفلت سے جگا دے
کوئی بخشش کا ہو جائے اِشارہ
گناہوں کو مرے مولا مٹا دے

نعت

رشید ملنگی

نعتِ شہنشہِ کونین سناتے چلے جاؤ
بگڑی ہر ایک بات بناتے چلے جاؤ
محشر میں ہے پناہ اِسی سائباں تلے
گُن اُن کے اس جہان میں گاتے چلے جاؤ
خود کو رسولِ پاکؐ کی سیرت میں ڈھال کر
حسنِ عمل کے پھول کھلاتے چلے جاؤ
آقائے دو جہان کی آمد کے ہیں آثار
سر کو عقیدتوں سے جھکاتے چلے جاؤ
وابستہ ہو کے اُن سے بہ صدق و صفائے قلب
دوزخ سے تم بھی خود کو بچاتے چلے جاؤ
فرمانِ مصطفیٰؐ پہ عمل کر کے اے رشیدؔ
جنت میں آشیانہ بناتے چلے جاؤ

آج جشنِ حیدرِ کرارؑ ہے
جو ہمارا مالک و مختار ہے
پڑھ رہے ہیں آپ جو صلے علیٰ
اُن سے اُلفت کا یہی اظہار ہے
فاطمہ بنت اسد کی گود میں
دین و دنیا کا یہی سردار ہے
چادر تطہیر میں شامل ہے جو
اور ولائت کا بھی دعوے دار ہے
بندگی سیکھی ہے سب نے آپ سے
ساری خلقت کو یہ ہی اقرار ہے
ان کا دامن تھام لو تم بھی مظہرؔ
فکرِ محشر بھی تو آخر کار ہے

سال نو 2019ء کا معجزہ نما 19

انتخاب:۔ شہزادہ سید مستور علی زنجانی

قرآن حکیم کا دعوی ہے کہ اس میں کوئی باطل بات داخل نہیں ہوسکتی۔اس لئے کہ قرآن حکیم کا ایک ایک حرف اتنی زبردست کیلکولیشن اور اتنے حساب وکتاب کے ساتھ اپنی جگہ پرفٹ ہے کہ اسے تھوڑا سا ادھر ادھر کرنے سے وہ ساری کیلکولیشن درھم برھم ہوجاتی ہے جس کے ساتھ قرآنِ پاک کی اعجازی شان نمایاں ہے۔اتنی بڑی کتاب میں اتنی باریک کیلکولیشن کا کوئی رائٹر تصور بھی نہیں کرسکتا۔بریکٹس میں دیے گئے یہ الفاظ بطور نمونہ ہیں ورنہ قرآن کا ہر لفظ جتنی مرتبہ استعمال ہوا ہے وہ تعداد اور اس کا پورا بیک گراؤنڈ اپنی جگہ خود علم وعرفان کا ایک وسیع جہان ہے۔دنیا کا لفظ اگر 115 مرتبہ استعمال ہوا ہے تو اس کے مقابل آخرت کا لفظ بھی 115 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔ وعلی ھذ القیاس۔(دنیا وآخرت: 115) (شیاطین وملائکہ: 88) (موت وحیات: 145) (نفع وفساد: 50) (اجر فصل 108) (کفر وایمان: 25) (شہر: 12) کیونکہ شہر کا مطلب مہینہ اور سال میں 12 مہینے ہی ہوتے ہیں (اور یوم کا لفظ 360 مرتبہ استعمال ہوا ہے اتنی بڑی کتاب میں اس عددی مناسبت کا خیال رکھنا کسی بھی انسانی مصنف کے بس کی بات نہیں۔مگر بات یہیں ختم نہیں ہوتی۔جدید ترین ریسرچ کے مطابق قرآن حکیم کے حفاظتی نظام میں 19 کے عدد کا بڑا عمل دخل ہے، اس حیران کن دریافت کا سہرا ایک مصری ڈاکٹر راشد خلیفہ کے سر ہے جو امریکہ کی ایک یونیورسٹی میں کیمسٹری کے پروفیسر تھے۔1968ء میں انہوں نے مکمل قرآنِ پاک کمپیوٹر پر چڑھانے کے بعد قرآنِ پاک کی آیات ان کے الفاظ وحروف میں کوئی تعلق تلاش کرنا شروع کردیا رفتہ، رفتہ اور لوگ بھی اس ریسرچ میں شامل ہوتے گئے حتیٰ کہ 1972ء میں یہ ایک باقاعدہ سکول بن گیا۔ریسرچ کے کا کام جونہی آگے بڑھا ان لوگوں پر قدم قدم پر حیرتوں کے پہاڑ ٹوٹ پڑے، قرآنِ حکیم کے الفاظ وحروف میں انہیں ایک ایسی حسابی ترتیب نظر آئی جس کے مکمل ادراک کیلئے اس وقت تک کے بنے ہوئے کمپیوٹر ناکافی تھے۔کلام اللہ میں 19 کا ہندسہ صرف سورہ مدثر میں آیا ہے جہاں اللہ نے فرمایا: دوزخ پر ہم نے انیس محافظ فرشتوں کو مقرر کر رکھا ہے اس میں کیا حکمت ہے یہ تو رب ہی جانے لیکن اتنا اندازہ ضرور ہوجاتا ہے کہ 19 کے عدد کا تعلق اللہ کے کسی حفاظتی انتظام سے ہے پھر ہر سورت کے آغاز میں قرآنِ مجید کی پہلی آیت بسم اللہ کو رکھا گیا ہے گویا کہ اس کا تعلق بھی قرآن کی حفاظت سے ہے کیونکہ ہم دیکھتے ہیں بسم اللہ کے کل حروف بھی 19 ہی ہیں پھر یہ دیکھ کر مزید حیرت میں اضافہ ہوتا ہے کہ بسم اللہ میں ترتیب کے ساتھ چار الفاظ استعمال ہوئے ہیں اور ان کے بارے میں ریسرچ کی تو ثابت ہوا کہ اسم پورے قرآن میں 19 مرتبہ استعمال ہوا ہے لفظ الرحمن 57 مرتبہ استعمال ہوا ہے جو 19×3 کا حاصل ہے اور لفظ الرحیم 114 مرتبہ استعمال ہوا ہے جو 19×6 کا حاصل ہے اور لفظ اللہ پورے قرآن میں 2699 مرتبہ استعمال ہوا ہے 19×142 کا حاصل ہے لیکن یہاں بقیہ ایک رہتا ہے جس کا صاف مطلب ہے کہ اللہ کی ذات پاک کسی حساب کے تابع نہیں ہے وہ یکتا ہے۔قرآن مجید کی سورتوں کی تعداد بھی 114 ہے جو 19×6 کا حاصل ہے سورہ توبہ کے آغاز میں بسم اللہ نازل نہیں ہوئی لیکن سورہ نمل آیت نمبر 30 میں مکمل بسم اللہ نازل کرکے 19 کے فارمولا کی تصدیق کردی اگر ایسا نہ ہوتا تو حسابی قاعدہ فیل ہوجاتا۔اب آیئے حضور علیہ السلام پر اترنے والی پہلی وحی کی طرف: یہ سور علق کی پہلی 5 آیات ہیں: اور یہیں سے 19 کے اس حسابی فارمولے کا آغاز ہوتا ہے! ان 5 آیات کے کل الفاظ 19 ہیں اور ان 19 الفاظ کے کل حروف 76 ہیں جو ٹھیک 19×4 کا حاصل ہیں لیکن بات یہیں ختم نہیں ہوتی جب سورہ علق کے کل حروف کی گنتی کی گئ تو عقل تو ورطہ حیرت میں ڈوب گئی کہ اسکے کل حروف 304 ہیں جو 19×4×4 کا حاصل ہیں۔اور سامعین کرام! عقل یہ دیکھ کر حیرت کی اتھاہ گہرائیوں میں مزید ڈوب جاتی ہے کہ قرآنِ پاک کی موجودہ ترتیب کے مطابق سورہ علق قرآن پاک کی 96 نمبر سورت ہے اب اگر قرآن کی آخری سورت والناس کی طرف سے گنتی کریں تو اخیر کی طرف سے سورہ علق کا نمبر 19 بنتا ہے اور اگر قرآن کی ابتدا سے دیکھیں تو اس 96 نمبر سورت سے پہلے 95 سورتیں ہیں جو ٹھیک 19×5 کا حاصل ضرب ہیں جس سے یہ بھی ثابت ہوجاتا ہے کہ سورتوں کے آگے پیچھے کی ترتیب بھی انسانی نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کے حسابی نظام کا ہی ایک حصہ ہے۔قرآنِ پاک کی سب سے آخر میں نازل ہونے والی سورت سورہ نصر ہے یہ سن کر آپ پر پھر ایک مرتبہ خوشگوار حیرت طاری ہوگی کہ اللہ پاک نے یہاں بھی 19 کا نظام برقرار رکھا ہے پہلی وحی کی طرح آخری وحی سورہ نصر ٹھیک 19 الفاظ پر مشتمل ہے یوں کلام اللہ کی پہلی اور آخری سورت ایک ہی حسابی قاعدہ سے نازل ہوئیں۔سورہ فاتحہ کے بعد قرآن حکیم کی پہلی سورت سورہ بقرہ کی کل آیات 286 ہیں 2 ہٹا دیں تو مکی سورتوں کی تعداد سامنے آتی ہے 6 ہٹا دیں تو مدنی سورتوں کی تعداد سامنے آتی ہے۔86 کو 28 کے ساتھ جمع کریں تو کل سورتوں کی تعداد 114 سامنے آتی ہے۔آج جب کہ عقل وخرد کو سائنسی ترقی پر بڑا ناز ہے یہی قرآن پھر اپنا چیلنج دہراتا ہے حسابدان، سائنسدان، ہر خاص وعام مومن کافر بھی سوچنے پر مجبور ہیں کہ آج بھی کسی کتاب میں ایسا حسابی نظام ڈالنا انسانی بساط سے باہر ہے طاقتور کمپوٹرز کی مدد سے بھی اس جیسے حسابی نظام کے مطابق ہر طرح کی غلطیوں سے پاک کسی کتاب کی تشکیل ناممکن ہوگی لیکن چودہ سو سال پہلے تو اس کا تصور ہی محال ہے لہذا کوئی بھی صحیح العقل آدمی اس بات کا انکار نہیں کرسکتا کہ قرآنِ کریم کا حسابی نظام اللہ کا ایسا شاہکار معجزہ ہے جس کا جواب قیامت تک کبھی بھی نہیں ہوسکتا۔

زائچہ فُل مون: ۔اپنے اندر عجیب وغریب سیاسی اسرار ورموز لیکر طلوع ہورہا ہے سبھی نحس گھروں 12,8,6 کے حاکم شمس گیارہویں (پارلیمنٹ) زہرہ (عدلیہ مذہب) جبکہ زحل دسویں (سربراہ مملکت اور سیاسی حکومت) کے حاکم نحس ستارے اچھے گھروں میں بیٹھ کر حکومت کی سبھی کارکردگی کو متاثر کررہے ہیں۔ حکومت ماضی کے یوٹرن فیصلوں سے یقیناً سبق سیکھ چکی جس کی وجہ سے وزیراعظم کا حالیہ بیان کے ہم اپنی غلطیوں کی اصلاح کریں گے۔ طالع (قوم) دسویں (سربراہ مملکت) کا مشترکہ حاکم ستارہ مشتری نویں (عدلیہ مذہب) اپنے فطرتی گھر ہمراہ آٹھویں نحس گھر کے حاکم زہرہ کے ساتھ مستقیم جبکہ طالع مریخ نویں دوسرے کا گھر بنکر بندھن یوگ بنا رہا ہے مریخ کا یہاں قیام عوام میں حکومت کے بارے ناخوشی بے اطمینانی ہڑتال مظاہرے ہنگامے آتش زدگی کے واقعات کے اندیشے ماضی کے سیاسی حکمرانوں کے احتساب ان کے خلاف فیصلے بھی اپوزیشن کو متحد اور حکومت مخالف سخت سیاسی محاذ آرائی کا سامنہ رہے۔ پانچویں قمر راہو مقابل شمس کیتو عطارد ہونے سے پریس میڈیا کے مالکان ورکر اپنے معاشی حقائق کے لئے احتجاج جاری رکھیں جبکہ حکومت میڈیا کی آزادانہ پریس خصوصاً الیکٹرانک میڈیا کو بنائے گئے ضابطہ اخلاق پر سختی سے پابندی کرانے میں کوشاں رہے۔

زائچہ نیو مون: ۔طالع برج عقرب نیا چاند تیسرے گھر طلوع ہورہا ہے سیاسی نجوم میں یہ گھر ملکی نشریات مواصلات اطلاعات ریلوے اخبارات پریس میڈیا اور پڑوسی ممالک کے سیاسی پروپیگنڈہ سے منسوب قمر کی یہاں موجودگی اور غروب ہونے سے مندرجہ بالا سبھی معاملات اُتار چڑھاؤ اور سیاسی حکومت کے لئے وقفہ وقفہ سے مسائل وپریشانیاں لاتے رہیں۔ تاہم دسویں کے حاکم شمس کی تیسرے ہونے سے سبھی حکومتی اراکین بشمول حکومتی کارکردگی اور حالات کو سنوارنے اور قابو رکھنے میں کوشاں رہیں اور ایک حد تک انہیں کامیابی بھی ملے۔ مذہبی وسیاسی جماعتیں حکومت اور عدلیہ کے ناپسندیدہ فیصلوں کے خلاف اپنا احتجاج جاری رکھیں۔ میڈیا کے کالم نگار واینکر پرسنل حضرات اپنے متضاد تجزیوں سے عوام میں بے چینی اور تذبذب کی کیفیت پیدا کرسکتے ہیں۔ پیمرا ایسے اداروں کو نوٹس جاری کرسکتی ہے۔ اندرون ملک روپیہ کی قدر میں اُتار چڑھاؤ سے روزمرہ اشیاء خوردنی مہنگائی میں اضافہ سے عوام الناس میں بے چینی غم وغصہ کی سی کیفیت رہے۔ ملکی معیشت میں استحکام وبہتری لانے کے لئے حکومت کو قابل عمل معاشی ماہرین کے مشوروں سے کسی حد تک فائدہ ملے دوست ممالک سے اس سلسلے میں مشاورت مدد بھی ملے گی۔ خفیہ ملک دشمن قوتیں بے نقاب اور مزید کئی اہم شخصیات کے مالی اسکینڈل سامنے آئیں۔ اندرون ملک مواصلات روڈ ٹرانسپورٹ ریلوے پی آئی اے اور نجی ایئر لائنوں کی خاطر خواہ عوامی سفری سہولتوں کی کارکردگی بڑھے گوادر ایئر پورٹ اور دیگر غیر فعال اندرون ملک ہوائی اڈوں کو بحال کیا جائیگا۔ حکومتی سنجیدگی پاک چین تجارت ثقافت میں اضافہ چین میں حالیہ تجارتی اصلاحات کے نفاذ سے سی پیک براستہ پاکستان گوادر تجارت کا حجم بڑھے۔

قمر در عقرب

اس نحس وقت کی ابتداء 23 فروری 20:55، خاتمہ 26 فروری 02:19 منٹ، جبکہ بحساب ویدک ابتداء 25 فروری 15 بجکر 31 منٹ خاتمہ 28 فروری 00 بجکر 15 منٹ پر ہوگا اس دوران آئمہ معصومینؑ کے نزدیک کوئی بھی نیا کام شادی بیاہ نئے کام کا آغاز کرنا بے برکتی کا باعث بنتا ہے۔

express نیوز
ہر خبر پر نظر

مسئلہ کشمیر میں پیشرفت، سابق و موجودہ حکمرانوں کی جان کو خطرہ ہوسکتا ہے، سیّد انتظار حسین زنجانی

دُنیا تیسری عالمی جنگ کی جانب جاسکتی ہے، سیّد مصوّر علی زنجانی

سابق و موجودہ حکمرانوں کی جان کو خطرہ ہوسکتا ہے، سیّد انتظار حسین زنجانی، پی ٹی آئی حکومت پانچ سال پورے کریگی، یاسین وٹو

دُنیا تیسری عالمی جنگ کی جانب جاسکتی ہے، مصوّر علی زنجانی، اُتار چڑھاؤ جاری رہیگا حالات متوازن نہیں ہونگے، نائلہ ادریس

لاہور (فورم رپورٹ: اجمل ستار ملک) سال 2019ء اینٹی وائرس ہے جو سسٹم کی تمام خرابیوں کو دُور کریگا۔ یہ نئی شروعات، آسانیوں اور خوشخبریوں کا سال ہے۔ مضبوط اپوزیشن کے باوجود وزیراعظم عمران خان اپنا مشن جاری رکھیں گے۔ مسئلہ کشمیر میں پیشرفت ہوگی اور کرتار پور کوریڈور مکمل ہوجائے گا۔ سال کے آخر میں معیشت قدرے مستحکم ہوگی۔ 2019ء میں قدرتی آفات کا بھی خطرہ ہے تاہم پاکستان کو کوئی نقصان نہیں ہوگا۔ یہ پیش گوئیاں ماہرین علم الاعداد اور علم نجوم نے ''نیا سال 2019ء کیسا ہوگا؟'' کے موضوع پر منعقدہ ''ایکسپریس فورم'' میں کیں۔ فورم کی معاونت کے فرائض احسن کامرے نے سرانجام دیئے۔ ماہر علم نجوم سیّد انتظار حسین زنجانی نے کہا کہ 2019ء پاکستان کی آزادی کا 72واں سال ہے، 72 کا تعلق شہداء کربلا سے ہے لہٰذا یہ سال پاکستان کی اشرافیہ، حکمران اور عوام کی قربانیوں کا سال ہوگا، احتساب کا عمل جاری رہے گا۔ آئندہ برس قدرتی آفات، معاشی اُتار چڑھاؤ اور سیاسی تبدیلیاں آسکتی ہیں۔ سابق و موجودہ حکمرانوں کی جان کو خطرات لاحق ہوسکتے ہیں۔ ملکی سیاست میں بھونچال آسکتا ہے۔ اور حالات مڈٹرم الیکشن کی طرف جاسکتے ہیں۔ بظاہر ایسا نظر آئے گا کہ حالات خراب ہیں مگر معاملات بہتری کی جانب جائیں گے۔ علم الاعداد اور علم نجوم کے ماہر یاسین وٹو نے کہا کہ 2019ء پاکستان کیلئے آسانیوں اور خوشخبری کا سال ثابت ہوگا۔ عمران کے حروف 19 ہیں یہ کمپوزٹ عدد ایسا ہے کہ اگر اس کا حامل شخص کوئی غلط قدم بھی اُٹھا رہا ہو تو دستِ غیب سے اِس کی مدد ہوجاتی ہے۔ اسلامی اقدار کو فروخ ملے گا، حکومت مضبوط جبکہ اپوزیشن کمزور ہوتی ہوئی دکھائی دے رہی ہے۔

ایکسپریس فورم میں سیّد انتظار حسین زنجانی، یاسین وٹو، نائلہ ادریس، مصوّر علی زنجانی شریکِ گفتگو ہیں۔

نواز شریف کی مشکلات میں اضافہ ہوگا، شہباز شریف جیل سے رہا ہوں گے۔ مریم نواز کا مستقبل مخدوش نظر آرہا ہے۔ عمران خان کے ازدواجی تعلقات مزید خوشگوار ہوں گے۔ گورنر پنجاب چودھری سرور تبدیل ہوسکتے ہیں، تحریک انصاف کی حکومت اپنے پانچ سال پورے کرے گی۔ آسٹرالوجسٹ سیّد مصوّر علی زنجانی نے کہا کہ عمران خان کو روحانی طور پر اقتدار ملا ہے۔ 2019ء میں دُنیا تیسری عالمی جنگ کی جانب جاسکتی ہے۔ عمران خان کے اقتدار کو بہت سارے خطرات لاحق رہیں گے۔ قبل از وقت انتخابات ہوسکتے ہیں۔ مارچ اور اپریل معاشی دباؤ کے مہینے ثابت ہوں گے۔ جبکہ 17 جون 2019ء سے عوام بہتری محسوس کرنا شروع کردیں گے۔ غیر ملکی سازشوں کا امکان بھی ہے۔ آسٹرالوجسٹ نائلہ ادریس نے کہا کہ 2019ء میں اُتار چڑھاؤ رہے گا اور حالات متوازن نہیں ہوں گے۔ ملکی حالات کی وجہ سے عمران کو پریشانی ہوگی مگر وہ احتساب سے پیچھے نہیں ہٹیں گے۔ عمران خان کی حکومت اور ان کی ذات کو 2019ء میں خطرات لاحق ہیں، نواز، شہباز اور زرداری کی سیاست ختم ہوتی ہوئی نظر آرہی ہے۔ کھیلوں کو فروغ ملے گا۔

آلِ محمدؐ سے مودت کے فائدے

خداوند تعالیٰ نے سورۃ شوریٰ میں اپنے رسول پاکؐ کے ذریعے اُمتِ مسلمہ سے اجرِ رسالت کے طور پر مودت آلؑ رسولؐ طلب فرمائی ہے۔ قُل لَّآ اَسْئَلُکُمْ عَلَیْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِی الْقُرْبٰی o اور رسول پاکؐ نے ہمیشہ اپنی اُمت کو اس خبر سے بار بار خبردار کیا کہ میں تمہارے درمیان دو بھاری چیزیں چھوڑے جا رہا ہوں قرآن اور میری آلؑ۔ جب تک تم ان دونوں سے تمسک رہو گے تو کامیاب رہو گے اور جب چھوڑ دیا تو گمراہ ہو جاؤ گے یہ دونوں حوضِ کوثر پر مجھے اکٹھے آن ملیں گے۔ (از صواعق محرقہ)

معلوم ہوا کہ رسولؐ کی آلؑ ہمیشہ قرآن کے ساتھ اور قرآن ہمیشہ آلؑ رسولؐ کے ساتھ ساتھ ہی ہیں اور تا قیامت اِن میں جُدائی نہیں ہے یعنی اپنے ماننے والوں کو کسی زمانے میں تنہا نہیں چھوڑتے بلکہ رسول پاکؐ کے پاس حوضِ کوثر تک لے جائیں گے۔ قیامت میں مودت آلؑ محمدؐ کا فائدہ کچھ اسطرح بیان ہوتا ہے کہ ابوبکر الخوارزمی نے بیان کیا ہے کہ حضورؐ باہر تشریف لائے تو آپؐ کا چہرہ چاند کی طرح چمک رہا تھا۔ عبدالرحمن بن عوف نے آپؐ سے پوچھا تو آپؐ نے فرمایا کہ مجھے میرے رب کی طرف سے اپنے بھائی اور چچا کے بیٹے اور میری بیٹی کے متعلق بشارت ملی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے علیؑ کو فاطمہؑ سے بیاہ دیا ہے اور جنت کے خازن رضوان کو حکم دیا ہے کہ درخت طوبیٰ کو ہلائے تو اُس نے درخت طوبیٰ کو ہلایا اُس نے میرے اہلبیتؑ کے محبوں کی تعداد کے برابر وثیقے اُٹھا لئے ہیں اور اُن کے نیچے اُس نے نوری فرشتے پیدا کئے ہیں ہر فرشتہ کو ایک وثیقہ دیا ہے۔ جب قیامت اپنے اہل پر قائم ہو جائے گی تو فرشتے مخلوق میں آواز دیں گے اور اہل بیتؑ کے محب کی طرف وثیقہ پھینکیں گے جس میں اُس کے آگ سے آزادی پانے کا ذکر ہوگا۔ پس میرا بھائی اور چچا کا بیٹا اور میری بیٹی فاطمہؑ میری اُمت کے مردوں اور عورتوں کے آگ سے گردنیں چھڑانے والے بن جائیں گے۔ (از صواعق محرقہ صفحہ **581**)

دوست وہ جو مصیبت کے وقت کام آئے۔ قیامت سے بڑھ کر ایک انسان کیلئے اور زیادہ کون سی مصیبت ہوگی کہ جس وقت ماں' باپ' بہن' بھائی بھی الگ ہو جائینگے۔ مگر آلؑ محمدؐ آ کر ہمیں بچا لے جائیں اور یہ بھی حقیقت ہے کہ بچانے والا وہ ہوتا ہے جسے خود امان دی گئی ہو۔ محمدؐ وآلؑ محمدؐ ہی وہ خاندان ہے کہ جہاں انبیاءؑ کرام جیسی ہستیاں بھی اپنی اپنی اُمت کی نجات کے فکر میں ہوں گی مگر محمدؐ وآلؑ محمدؐ کو کوئی فکر نہ ہوگی کیونکہ ہر انسان اور ہر نبیؑ کی زبان پر نفسی نفسی کی پکار ہوگی لیکن قربان جاؤں کہ محمدؐ وآلؑ محمدؐ اتنے پاک نفوس ہیں کہ نفسی نفسی کی بجائے امتی امتی ہوگا۔ یہ طہارت کے اُس درجہ پر فائز ہیں جہاں کسی کا وہم گمان تک نہیں جا سکتا۔ کیونکہ خدا نے خود انہیں ہر برائی سے' ہر شر سے' ہر نجاست سے دور رکھا ہوا ہے۔ ایسے نفوس کو قیامت کا ڈر یا دوزخ کا ڈر کیا کہہ سکتا ہے؟ قرآن میں تو یہاں تک ہے کہ یہ ہستیاں دوزخ کی آگ کی آواز تک نہ سن سکیں گی۔ خدا اور رسولؐ کی طرف سے انہیں جنت کی سرداری کی سند ملی ہوئی ہے۔

الحسن و الحسین سید الشباب اهل الجنة۔ حسنؑ و حسینؑ نوجوانانِ جنت کے سردار ہیں اور اُن کا باپ اُن سے افضل ہے۔ فاطمہؑ جنتی عورتوں کی سردار ہے۔ حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ میرے والد حضرت ابوبکر صدیقؓ اکثر حضرت علیؑ کے چہرے کی طرف دیکھتے تھے میں نے اُن سے دریافت کیا تو کہنے لگے کہ میں نے رسول کریمؐ سے سنا ہے کہ علیؑ کے چہرے کی طرف دیکھنا عبادت ہے۔ حضرت عمرؓ فرماتے ہیں کہ علیؑ ہر مومن کا آقا ہے اور جس کا علیؑ آقا نہیں وہ مومن ہی نہیں۔ (از صواعق محرقہ صفحہ **600**) پس دعا گو ہوں کہ ہر مسلمان کو مودت آلؑ محمدؐ نصیب ہو۔ از: محمد علی سلیمانی

3 جمادی الثانی شہادت اور 20 جمادی الثانی ولادت حضرت فاطمۃ الزہراءؑ

جناب سیدہ طاہرہؑ جناب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اور جناب خدیجۃ الکبریٰؑ کی دختر ہیں۔ حضرت علیؑ مولا مشکل کشا کی زوجہ ہیں۔ حسنین شریفینؑ زینبؑ وکلثومؑ اور حضرت محسنؑ کی والدہ ماجدہ ہیں۔ ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبر حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعظیم کے لئے کھڑے ہوکر استقبال کرتے ہیں مگر جناب سیدہ طاہرہؑ وہ عظیم ہستی ہیں جن کے احترام کیلئے نبی آخرالزمان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خود کھڑے ہوکر احترام بجالاتے ہیں۔ ہمارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کوئی کام وبات نہیں کرتے مگر حکم خدا کے تحت ہر امر بجالاتے مگر اس کنیزؑ خدا کے در اقدس پر جناب محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آیت تطہیر تلاوت کر کے اس کی عظمت کو روزِ روشن کی طرح اُجاگر کیا۔ ہم خدائے بزرگ وبرتر کے حضور شکرگزار وسجدہ ریز ہیں کہ اس وجہ تخلیق کائنات کے نور سے عالمین کو منور کیا' اس کامل نور سے حصول فیوض وبرکات کیلئے عمل کریں اور دلی مراد حاصل کریں۔

تسبیح جناب فاطمۃ الزہرا علیہا السلام: 40 یوم 2 نوافل جناب خاتون جنت بجالائیں۔ 9 تسبیح روزانہ یا شب جمعہ وروز جمعہ جناب فاطمۃ الزہراءؑ سلام اللہ پڑھیں جو کہ یہ ہے: (اللہ اکبر 34 بار - الحمد للہ 33 بار - سبحان اللہ 33 بار)

زیارت سیدہ علیہا السلام الکونین: (1 سلام ہو آپ پر اے کنیز خدا (2 سلام ہو آپ پر امیرالمومنین علیؑ کی زوجہ (3 سلام ہو آپ پر جناب خاتونؑ جنت (4) سلام ہو آپ پر اے تمام جہانوں کی عورتوں کی سردار (5) سلام ہو آپ پر تمام معصومین کی والدہ اے فاطمۃ الزہراءؑ (6 سلام ہو آپ پر اے بنت رسولؐ خدا وجناب خدیجۃ الکبریٰؑ (7 سلام ہو آپ پر اے ہماری آقازادیؑ

دن رات کثرت سے درود شریف جناب سیدہ طاہرہؑ کے حضور ہدیہ کریں (اس محبت وعقیدت سے پڑھیں کہ قلب جاری ہوجاہے)۔ مکان کے صحن یا چھت پر سلام عقیدت انتہائی مؤدب باوضو ہوکر حاضری دے رہے ہیں۔ آپ کی روحانیت اس قدر بلند ہو کہ آپ اپنے کانوں سے سلام کا جواب سن سکیں

حل المشکلات: جب آپ گھر سے باہر نکلیں جناب سیدہ فاطمۃ الزہراءؑ سلام اللہ علیہا کی ذات اقدس پر سلام پڑھیں' آپ اللہ تعالیٰ کی حفظ وامان میں ہوجائیں گے۔ گولی بھی آپ پر اثر نہیں کرے گی۔ جب بھی سخت مصیبت اور انتہائی مشکل' کٹھن ہو نماز حاجت 2 رکعت نماز سیدہ فاطمۃ الزہراءؑ بجا لائیں' فوری مشکل حل ہوگی۔ کسی افسر کے پیش ہونا ہو' کوئی مشکل امتحان ہو' آپریشن کے لئے ہسپتال میں ہو' دشمن آپ کے مدمقابل ہو' الغرض آپ مصیبت میں گرفتار ہوں' آقا زادی کے حضور 7 سلام پیش کریں پتھر موم ہوجائیں گے۔ پہاڑ رائی بن جائیں گے۔ مصیبت پل بھر میں ٹل جائے گی۔

نوٹ: نہ تو ہم مدینہ منورہ کے رہائشی ہیں' نہ ہی ہم فی الحال وہاں پہنچ سکتے ہیں لہٰذا اس عمل خیر سے ہم وہاں اپنی حاضری لگوانے کے قابل ہوسکتے ہیں۔

فرمان خاتون جنت علیہا السلام: ☆ بہتر یہ ہے کہ عورت نامحرم کو نہ دیکھے' مرد نامحرم عورت کو نہ دیکھے۔ ☆ ایک دفعہ اندھا صحابی حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ملاقات کیلئے گیا۔ جناب سیدہؑ نے اندھے صحابی سے پردہ کیا۔ وضاحت پر جناب سیدہؑ نے کہا میں تو اندھی نہیں۔ میری آواز اندھا صحابی سنتا ہے۔ (گویا پردہ آنکھ کے ساتھ ساتھ کان اور زبان کا بھی ہوتا ہے)

شانِ بنتِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

20 جمادی الثانی حضرت فاطمۃ الزہراؑ کی سالگرہ کا دن

ازتحریر: علامہ ذوالفقار حسین جعفری، راولپنڈی

سورۃ ہل اتی...... اہل بیتؑ کی شان میں نازل ہوا۔ کسی نے ایک عالم سے پوچھا اس میں خالق نے ہر قسم کی نعمت کا ذکر کیا ہے مگر حور العین کا ذکر نہیں کیا جواب دیا گیا محض فاطمہ زہراؑ کے خیال سے تا کہ ان کی عظمت وجلالت، قدر و منزلت اور ان کا مرتبہ ظاہر ہو۔ آپؑ کا قرآنی نام "الکوثر" ہے۔ جناب رسالتمآبؐ نے خدیجۃ الکبریٰؑ سے ایک مرتبہ پوچھا "ابھی تم کس سے باتیں کر رہی تھیں کہنے لگیں میرے بطن میں جو بچہ ہے میرا انتہائی کا مونس ہے مجھ سے باتیں کرتا ہے۔" فرمایا "اے خدیجہ" ابھی جبرائیل نے آ کر خبر دی ہے کہ تیرے بطن میں معصومہ ہے۔ بیٹی ہے۔ لڑکی ہے۔ وہ پاک و پاکیزہ، طاہر و مطہر بابرکت ہے اور "میری نسل اسی بیٹی سے باقی رہے گی۔ اعداء ابتر ہونگے اور یہ بچی انا اعطینٰك الکوثر کی مصداق ہوگی۔ اسکی نسل سے آئمہ اور خلفاء پیدا ہونگے۔"

یہ وہ مخدومہ کونین ہے جس کی ولادت ظاہری کے موقع پر چار عظیم المرتبت خواتین موجود تھیں۔ انہوں نے جناب خدیجہؑ سے کہا ہم سب کو خدا نے تمہارے پاس بھیجا ہے۔ میں سارہ ہوں۔ یہ آسیہ ہیں۔ یہ مادر عیسیٰ ہیں اور یہ کلثوم خواہر موسیٰ ہیں۔

روئے زمین پر جناب سیدہؑ کے سولہ نام ہیں جن میں بعض یہ ہیں:

(۱) اَلْمُصَدِّقه تصدیق کرنے والی۔

(۲) المبارکه برکت دینے والا۔ خود بابرکت

(۳) الطاهره طہارت کی حامل

(۴) البتول دُنیا سے توجہ ہٹا کر خدا کی جانب رجوع کرنے والی

(۵) السیده

(۶) فاطمة الزهرا

آسمان پر آپ کے نام:

(۱) النُّورِيَّه (۲) السَّمَارِيَّه (۳) اَلْحَانِيه

بنت رسالتمآبؐ کے متعلق...... یہ تین باتیں ایسی ہیں جس کا انسان تصور نہیں کر سکتا۔ فرمایا گیا۔

(۱) اَلصَّدِيقَةُ بِالْاَقْوَال جب بات کرے۔ جو اس کی زبان سے ادا ہو۔

(۲) اَلْمُبَارِكَةُ بِالْاَحْوَالِ احوال کے اعتبار سے بابرکت و برکت عطا کرنیوالی

(۳) وَالْطَّاهِرَةُ بِالْاَفْعَالْ عمل، افعال، فعل کے لحاظ سے پاک و پاکیزہ، طاہرہ

جناب فاطمہؑ کے متعلق ختمی مرتبتؐ نے ارشاد فرمایا:

اِبْنَتِیْ فَاطِمه سَیِّدَةُ نِسَآءِ العالمین مِنَ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ o

میری بیٹی فاطمہ، اولین و آخرین سے، تمام خواتین کی سردار ہے۔ (صحیح بخاری فی کتاب بدر الخلق۔ مسند احمد حنبل ج ۶ ص ۲۸۲) محراب عبادت میں بزرگی کی یہ کیفیت تھی یہ کہ جب مشغول عبادت ہوتیں تو ستر ہزار ملائک مقربین آپ پر سلام کرتے تھے اور کہتے تھے اے فاطمہؑ بے شک اللہ نے آپ کو برگزیدہ کیا۔ طاہر قرار دیا اور تمہیں تمام عالم کی عورتوں پر فضیلت عطا کی۔

فاطمہ علیہا السلام نام کیوں؟ عبرانی (Hebrew) زبان میں مریم کے معنیٰ عابدہ کے ہیں اور فاطمہؑ کے معنیٰ چھڑانے والی کے ہیں۔ ایک سوال کے جواب میں حضرت امام جعفر صادقؑ نے فرمایا "فِطام کے معنیٰ" چھڑانے کے ہیں اور وہ معصومہؑ آتش جہنم سے اپنے محبوں کو چھڑائیں گی اس لئے آپ کا نام فاطمہ ہے۔

زہرا علیہا السلام نام کیوں؟ کسی نے حضرت امام جعفر صادقؑ سے پوچھا فرزند رسول...... جناب فاطمہ کو زہرا کس لئے کہتے ہیں جواب دیا "زہرا" اس لئے کہتے ہیں کہ خداوند تعالیٰ نے اس معصومہ کو اپنے نورِ عظمت وجلالت سے خلق فرمایا۔ اس وقت ارض وسما، زمین و آسمان روشن ہو گئے اور اس نور کی چمک سے

تمام فرشتوں کی آنکھیں خیرگی کرنے لگیں۔سب فرشتے سربسجود ہو گئے۔سوال کیا"پالنے والے" یہ نور کیسا ہے؟ جس کی نورانیت' چمک سے آنکھیں خیرہ ہوتی جاتی ہیں اور ساتوں زمین وآسمان روشن ہیں۔

فَاَوْحَی اللہُ تَعَالٰی اِلَیْھِمْ یَا ملائِکَتِیْ ھٰذَا نُوْرٌ مِنْ نُوْرِیْ اَسْکَنْتُہٗ فِی السَّمٰوٰتِ خَلَقْتُہٗ مِنْ عَظَمَتِیْ اَخْرِجُہٗ مِنْ صَلْبِ وَلِیٍّ مِّنْ اَنْبِیَائِیْ۔

پس اللہ نے ان کی طرف وحی کر کے فرمایا۔اے میرے فرشتو" یہ وہ نور ہے جسے میں نے اپنی عظمت وجلالت سے خلق کیا ہے۔اپنے آسمانوں میں اسے ساکن کیا ہے اور ہم اس نور کو اپنے نبی کے صلب سے ظاہر کریں گے۔اس نور سے آئمہ' پیشوائے دین پیدا ہونگے وہ سب ہمارے حکم کے تابع ہونگے۔خلق کی ہدایت کریں گے اور ہماری طرف سے روئے زمین پر حجت وبرہان وخلیفہ ہونگے۔

فاطمہؑ کو زھرا کیوں کھتے ھیں؟ حضرت امام جعفر صادقؑ نے سائل کو جواب دیا: اس لئے کہ: لِاَنَّھَا تَزْھَرُ لِاَ اَمِیْرِ الْمُؤمِنِیْنَ فِی النَّھَارِ ثَلٰثَ مَرَّۃٍ بِالنُّوْرِ ٥ فرمایا"اس لئے کہ بنت رسولؐ ہماری جدہ کا نور ہر روز تین مرتبہ جناب امیر المومنین کے لئے روشن ہوتا تھا"

اول: جناب سیدہ جب نماز فجر کیلئے محراب عبادت میں قیام کرتی تھیں اس وقت ایسا نور پیشانی اقدس سے ساطع ہوتا تھا کہ تمام مکانات مدینہ منورہ کے بسبب اس نور کی چمک کے روشن' منور اور سفید ہو جاتے تھے۔

دوم: زوال کے قریب جب سورج پہنچتا اور جناب خاتونِ جنت نماز ظہر ادا کرتیں اس وقت ایک نور جبین مبارک سے ایسا روشن ہوتا کہ مدینہ کے در و بام روشن ہو جاتے اور ہر شخص کے چہرے کا رنگ زردی مائل دکھائی دیتا۔

سوم: غروب آفتاب کے وقت"جب سیدہ انتہائی خوشی کے عالم میں" شکر خدا بجالاتیں اس وقت ایک ایسا نور سرخ چہرہ انور سے ساطع ہوتا تھا کہ تمام درو دیوار اور مکانات اس نور کی روشنی سے سرخ ہو جاتے۔ہر شخص اپنے چہرے اور لباس کو سرخ پاتا۔

اس کیفیت کو دیکھ کر مدینے والے جناب رسالتمآبؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور متعجب ہو کر اس روشنی کا پوچھتے۔آپؐ فرماتے: اس وقت میری بیٹی فاطمہ عبادتِ خدا میں مصروف ہیں اور یہ نور جس سے درو دیوار منور ہیں یہ نور سیدہ طاہرہ کے روئے انور سے ساطع ہے۔

چکی خود بخود پھر رھی ھے: ام ایمنؓ کہتی ہیں میں نے شگاف در سے دیکھا معصومہ کونین سو رہی ہیں اور چکی خود بخود پھر رہی ہے۔لیکن آسیہ گردان نظر نہیں آتا۔جناب سیدہؑ کے نزدیک حضرت امام حسینؑ کا جھولا خود بخود متحرک ہے لیکن کوئی حرکت دینے والا سامنے نہیں۔ام ایمنؓ نے خدمت آقا میں حاضر ہو کر ساری کیفیت بیان کی۔فرمایا: اے ام ایمنؓ"آج میری لخت جگر فاطمہ روزے سے ہے' گرمی کا موسم ہے اور معصومہ خستگی سے چور تھی۔خالق دو جہاں نے اپنے فضل سے اس پر نیند کا غلبہ کر دیا تاکہ سوجانے سے راحت محسوس کرے اور فرشتے مقرر کر دیئے" فرمایا اے ام ایمن

اول: آسیہ گردانی کرنے والے۔چکی پیسنے والے......جبرائیلؑ تھے۔

دوم: معصوم حسینؑ کا جھولا جھلانے والے......میکائیلؑ تھے۔

سوم: عوضِ فاطمہ کے تسبیح کرنے والے......اسرافیلؑ تھے۔

حضرت میکائیل تمام ملائک میں انتہائی سریلے اور سوز کے حامل فرشتہ ہیں۔جھولا جھلانے کے ساتھ ساتھ لوری بھی دیتے تھے۔بحار الانوار نے چار مصرعے درج کئے ہیں۔

(1) ان فی الجنۃ نھر ابنی۔ بیشک جنت میں دودھ کی ایک نہر ہے۔

(2) بعلی و فاطمہ و حسین و حسن، علیؑ، فاطمہؑ، حسینؑ و حسنؑ کے لئے

(3) ولمن کان محبالھم کائنات میں جو بھی ان کا محب ہے

(4) دخل الجنۃ بغیر محن۔ وہ جنت میں بغیر کسی مشکل' مصیبت کے داخل ہو جائیگا۔

جناب سیدہ کا عقد......آسمانوں......پر ہوا بیت المعمور میں جنت کے راحیل فرشتے نے خطبہ نکاح پڑھا جو سب ملائک میں فصیح و بلیغ تھا۔ختمی مرتبتؐ نے زمین پر اس عقد کا اہتمام کیا۔جناب امیرؑ نے بھی اس موقع پر خطبہ پڑھا۔

جناب رسولؐ خدا نے کہا: مَرَجَ الْبَحْرَیْنِ یَلْتَقِیَان

مرحبا...... یہ دو دریا ہیں جو باہم ملے ہیں۔ وَبَیْنَھُمَا یَفْتَرِقَان۔

یہ دو ستارے ہیں جو قران السعدین کی طرح ایک جگہ جمع ہوئے ہیں۔

خالق کائنات نے رضوانِ خازنِ جنان کو حکم دیا کہ وہ شجر طوبیٰ کو ہلائے۔جب اس نے حکم کی تعمیل کی اس درخت سے بہت سے رقعے گرے۔رب العزت نے

اپنی رحمت سے اس شجر طوبیٰ کے نیچے سے کچھ فرشتے نور کے پیدا کئے اور ہر فرشتے کو ایک ایک رقعہ دیا۔ قیامت کے روز ملائکہ محبان اہل بیتؑ کو پکاریں گے اور ہر ایک کو جہنم سے برأت کا ایک رقعہ دیں گے۔ جس پر درج ہوگا۔

بَرَائَۃٌ مِنَ الْعَلِیِّ الْجَبَّارِ لِمُحِبِّ عَلِیٍّ وَ فَاطِمَۃَ مِنَ النَّارِ۔

عقد جناب فاطمہ بے مثال ہے:

جس کا ولی...... اور ایجاب قبول کرنے والا...... خود خالق کائنات

قبول کرنے والے سید الملائکہ...... حضرت جبرائیل

خطبہ پڑھنے والے...... حضرت راحیل

گواہ...... حاملانِ عرش وملائک سمٰوٰت

نثار کرنے والے...... رضوانِ خازنِ جنان

طبق نثار...... موتی' یاقوت' جواہرات اور مرجان

لوٹنے والیاں...... حوریں...... اور علی وفاطمہ کے

عقد سے جو اولاد پیدا ہوئی...... وہ سب آئمہ طاہرین اور حجِ خدا۔

گریۂ فاطمہؑ اور بیت الحزن: اہل مدینہ نے جناب امیرؑ سے کہا...... فاطمہؑ سے کہیں دن کو روئیں یا رات کو۔ اس لئے کہ ان کے رونے' گریہ کرنے سے ہم دن کو کام کر سکتے ہیں نہ رات کو۔

جناب سیدہ نے فرمایا" شیوخ مدینہ سے کہد و' رسولؐ کی بیٹی چند ایام کی مہمان ہے" یہاں تک کہ اپنے باپ سے ملاقات کروں۔ بیت الحزن بنوایا گیا' دن رات روتیں فرمایا: صُبَّتْ عَلَیَّ مَصَائِبُ لَوْ اَنَّھَا صُبَّتْ عَلَی الْاَیَّامِ صِرْنَ لَیَالِیَا۔ مجھ پر وہ مصیبتیں پڑیں اگر دنوں پر پڑتیں تو رات ہو جاتے۔

حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں:

وَکَانَتْ اِذَا دَخَلَتْ عَلَی النبی قَامَ اِلَیْھَا فَقَبَّلَھَا وَ اَجْلَسَھَا فِی مجلسہo

جب فاطمہؑ رسالتمآب کے پاس جاتیں' ختمی مرتبت کھڑے ہو جاتے۔ بیٹی کیلئے تقدس کا اظہار کرتے اور اپنے مقام پر بٹھاتے۔

(صحیح الترمذی ج ۲' صفحہ ۳۱۹۔ مستدرک الصحیحین ج ۳ صفحہ ۱۵۴۔ الادب المفرد صفحہ ۱۴۱۔ استیعاب ج ۲ صفحہ ۷۵۱۔ سنن البیہقی ج ۷ صفحہ ۱۰۱)

مستدرک الصحیحین ج ۳ صفحہ ۱۵۳ پر ہے۔

قال رسول اللہ لفاطمہ انّ اللہ یغضب لغضبک و یرضی یرضاکo

اے فاطمہ...... اللہ...... تیرے غضب سے غضبناک ہوتا ہے اور...... تیری رضا سے راضی ہوتا ہے۔ (اسد الغابہ ج ۵ صفحہ ۵۲۲۔ رصابہ ج ۸ صفحہ ۱۵۹۔ تہذیب التہذیب ج ۱۲ صفحہ ۴۴۱۔ کنز العمال ج ۷ صفحہ ۱۱۱)

حشر کا دن اور جناب فاطمہؑ

اِذَا کَانَ یَوْمُ الْقِیَامَۃِ نَادٰی مُنَادٍ مِنْ وراء الحجاب قیامت کے روز ایک منادی پس حجاب آواز دیگا۔

یای اھل الجمع غضو ابصارکم عن فاطمہ بنت محمد حتی تمرo

اے اہل محشر...... اپنی آنکھیں بند کر لو حتی کہ ختم الرسل کی بیٹی کی سواری گزر جائے۔ اس وقت تمام انبیاء و رسل' اتقیاء' اولیاء اپنی آنکھیں بند کرلیں گے۔

ہائے افسوس: اس خاتون کی زبان سے دُنیا میں یہ فقرے نکلے" مجھ پر وہ مصائب پڑے اگر دنوں پر پڑتے تو وہ سیاہ راتیں بن جاتے" خالق کائنات کو مخدومۂ کونین کے پردے کا اتنا خیال تھا۔

افسوس! وَاَنَّ بَنَاتِھَا فِی الْکَرْبَلَاءِ خَرَجْنَا مِنَ الخیام بلا رداءo

کربلا میں انہی فاطمہؑ کی بیٹیاں" زینب' ام کلثوم بے پردہ کی گئیں۔ نور عصمت کی حامل خواتین کے خلاف اہل نار نے خیموں کو آگ لگا دی۔ بیبیاں بے مقنع و چادر ہو گئیں۔ ماں پر وہ مصائب اور بیٹی" زینب" ام المصائب۔

جب کبھی عزت انسان کا سوال آتا ہے
بنت زہراؑ تیرے پردے کا خیال آتا ہے

دُنیا سے جب گزر گئیں زہراؑ جگر فگار

ماں سے لپٹ کے کرتے تھے حسنینؑ جب یہ بین
دیکھا کہ غش ہیں فاطمہؑ زہرا کے نورِ عین
پیارو نہ روؤ جان مری نکلی جاتی ہے
زہراؑ کو غسل دے چکیں جب زینبؑ حزیں
آئے حسنؑ حسینؑ بھی روتے ہوئے قریں
اعجاز سے بتولؑ نے دل کو سنبھال کر

ناگاہ آئے روتے ہوئے شاہِ مشرقین
دے کر دِلاسہ بچوں کو بولے شہِ حسنین
سُن لو صدا بتولؑ کے رونے کی آتی ہے
آ کر کفن پہنانے لگے بادشاہِ دیں
ماں کے گلے لپٹ گئے دونوں وہ نازنیں
لے لیں بلائیں ہاتھ کفن سے نکال کر

نزولِ قرآن سے 43 سال پہلے خطبہ عقد

دُنیا میں دو واجب الاحترام ہستیاں، ایک ابو طالبؑ ایک فاطمہ بنت اسد، جن کے مبارک بیت میں، ختمی مرتبت عقل کل ختم الرسل حضرت احمد مجتبیٰ محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ظہور کیا۔ دونوں ہستیوں نے سرکارِ دو عالم کی کفالت کا حق ادا کر دیا۔ جناب ابو طالبؑ وہ ہستی ہیں جنہوں نے حضور کائناتؐ کا جناب خدیجۃ الکبریٰ سے عقد پڑھا اور ثابت کر دیا کہ آنحضورؐ ایسی ہستی کا نکاح وہی پڑھ سکتا ہے جو اسلام و ایمان کے مکمل درجے پر فائز ہو۔ خاتم النبینؐ کا نکاح مشرک کیسے پڑھا سکتا ہے۔ جناب عمران الملتب ابو طالبؑ کا عقد جناب فاطمہ بنت اسد سے تنزیل قرآن سے تینتالیس سال پہلے ہوا مناقب میں ابن شہر آشوب مازندرانی (المتوفی ۵۸۰ھ) نے اور تاریخ یعقوبی میں یوں درج ہے:

صنادیدِ قریش جمع ہوئے اکابرین مکہ اکٹھے ہوئے درمیان میں پردہ حائل ہے۔ ایک طرف مرد' دوسری طرف خواتین۔ ایسے میں جناب عمران (ابو طالب) کے لب متحرک ہوئے زبان سے بِسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے الفاظ نے حاضرین کو اپنی طرف متوجہ کر لیا۔ بجائے اہم بتوں لات و منات و عزیٰ کے اللہ کا لفظ اور پھر رحمن اور رحیم کی صفات' انتہائی توجہ اور انہماک کی کیفیت میں ہر حاضر ''سامع'' فکر کی گہرائی میں ڈوب کر رہ گیا کہ جناب عمران اب کیا کہتے ہیں اب یوں سلسلہ ذکر شروع ہوا: الحمد للہ رب العالمین: تمام حمد اللہ کے لئے ہے جو عالمین کا رب ہے۔ مشرکین' کافرین نے پہلی مرتبہ یہ سنا کہ حمد کیا ہے۔ کون اس کا سزاوار ہے اور وہ ہستی کن صفات کی حامل ہے چونکہ پہلے جملے میں رب کا لفظ استعمال کیا۔ اب جناب ابو طالبؑ نے اسکی تشریح کی۔ رب العرش العظیم وہ عرش عظیم کا رب ہے۔ یہاں بتایا کہ عالمین کے رب کا عرش بھی ہے جو عظیم ہے۔ والمقام الکریم وہ مقام کریم کا رب ہے۔ والمشعر الحطیم وہ مشعر و حطیم کا رب ہے۔ جملے آگے بڑھتے رہے اب تک معرفت خدا کا ذکر کیا گیا۔ اب اپنا تعارف کرانا شروع کیا۔ الذی اصطفانا اعلاماً جس رب کا اب تک میں (ابو طالب) ذکر کر رہا تھا' وہ اللہ ہے جس نے ہمیں کائنات میں بلند و ارفع و اعلیٰ کیا' چن لیا۔ کہیں اپنا پسندیدہ عباد بنایا' برگزیدہ کیا۔ وسیدنۃ ہمیں کائنات میں سید و سردار بنایا۔ ہم مطاع ہیں۔ مخلوق مطیع ہے۔ ہم سید ہیں۔ دوسرے غلام ہیں۔ جوشِ تمجید و حمدِ خداوندی میں ابو طالبؑ کی زبانِ صداقت شعار پر پھر یہ جملے آئے۔

اَلَّذِیْ جَعَلَنَا اطْهَارًا... مِنَ الْعیبِ الرَّیْبِ والاذیٰ۔ وہ...... وہ رب ہے جس نے ہمیں طاہر' مطہر' پاکیزہ بنایا، ہمارے نزدیک کوئی رجس نہیں، ہمیں دور رکھا، عیب سے، ریب (شک و شبہ۔ ہذیان) سے ظلم و جور' تشدد' حق تلفی سے یعنی ہم وہ ہستیاں ہیں جو عدل و احسان کا پیکر ہیں۔ عدالت خداوندی کا معیار ہیں۔ ہماری سیرت و کردار دیکھتے چلیں۔ ظالم سے نفرت ہے۔ مظلومیت سے پیار ہے۔ یقین کامل رکھتے ہیں۔ خدا' رسل' کتب ہر آیت تامہ میں کوئی ریب، شک و شبہ نہیں رکھتے بلکہ ایمان تامہ کے حامل ہیں۔ اب ابو طالبؑ نے رُخ موڑا اور کہا: اَلَّذِیْ جَعَلَنَا مِنْ ذرعِ ابراھیم و اسماعیل۔ اللہ رب العزت نے ہمیں، حضرت ابراہیمؑ و اسماعیلؑ کی نسل' ذریت میں قرار دیا، وَ اَمَّامَ لَنَا مَقَامَ کَرِیْم ہمارے لئے مقام کریم وضع کیا یعنی ہمیں رب نے دوسروں سے ممتاز بنایا۔ اصلاب طاہرہ سے ارحام طاہرہ کی طرف منتقل کرتا چلا آیا۔ ہم سجدہ کرنے والوں کی پیشانیوں میں تسبیح خداوندی کرتے رہے اور پوری کی پوری نسل در نسل طہارت کاملہ کے حامل رہے اور ایک نور مسلسل آگے بڑھتا رہا۔ جناب عبدالمطلب تک سلسلہ ایک رہا۔ وہاں سے دو حصے ہوئے ایک صلب عبداللہ میں ایک مجھ عمران کی صلب تک پہنچا۔ اس کے بعد کہا اتنے مہر پر میں یہ عقد' نکاح فاطمہ بنت اسد سے سب کی موجودگی میں کرتا ہوں۔ وقت گزرتا چلا پہلے فرزند طالبؑ پھر دس سال کے بعد حضرت عقیل' حضرت جعفر طیار پیدا ہوئے اور پھر حضرت علیؑ نے کعبہ میں ظہور (ولادت) کیا۔ اِنَّ علیاں ولد فی الکعبۃ وھو

بمنزلة الكعبة۔ بیشک علیؑ کی ولادت کعبہ میں ہوئی اور وہ بمنزلۂ کعبہ ہیں۔

مستدرك الصحيحين ج ٣ ص ٣٨٣} قال: فقد تواترت الاخبار ان فاطمة بنت اسد ولدت امير المؤمنين على بن ابى طالب عليه السلام فى جوف الكعبة۔ {نور الأبصار ص ٦٩}: قال: ولد رضى الله عنه بمكة داخل البيت الحرام. على قول. يوم الجمعة ثالث عشر رجب الحرام سنة ثلاثين من عام الفيل قبل الهجرة بثلاث و عشرين سنة (وقيل) بخمس و عشرين، و قيل المبعث بأثنتى عشرة سنة (وقيل) بعشر سنين، ولم يولد فى البيت الحرام قبله أحد سواه (قال) قاله ابن صباغ۔ {كنوز الحقائق ص ١٨٨} قال:يا على انت بمنزلة الكعبة (قال) أخرجه الديلى۔ {اسد الغابة ج ٤ ص٣١} روى بسنده عن الصناعى عن علىؑ قال: قال رسول ﷺ انت بمنزلة الكعبة تؤتى ولا تاتى (الحديث)

13 رجب تھی یوم جمعتہ المبارک تھا، سوائے علیؑ ابن ابی طالب کوئی اور بیت اللہ میں ولادت نہ پا سکا۔ رسالتمآبؐ نے فرمایا: اے علی ...... تو بمنزلۂ کعبہ ہے۔ تیرے پاس آنے والے آئیں تو کسی کے پاس جانے والا نہیں۔ جیسا کہ لوگ کعبے کے پاس آتے ہیں کعبہ کسی کے پاس نہیں جاتا۔ ابن قعنب راوی ہے میں عباس بن عبدالمطلب اور کچھ اور بیت اللہ کے قریب بیٹھے ہوئے تھے کہ فاطمہ بنت اسد ام امیر المومنین تشریف لائیں اور وہ نو ماہ سے حاملہ تھیں اور بچے کی ولادت کا وقت قریب تھا۔

قال يزيد بن قعنب : كنت جالسا مع العباس بن عبدالمطلب و فريق من عبدالعزى بأزاء بيت الله الحرام۔ اذا اقبلت فاطمه بنت اسد ام امير المومنين "ع" وكانت حاملا به لقسمة اهر، وقد اخذها الطلق فقالت : رب انى مؤمنة بك، وبما جاء من عندك من رسل و كتب، و انى صدقة بكلام جدى ابراهيم الخليلؑ وانه بنى البيت العتيق فبحق الذى بنى هذا البيت، و بحق المولود الذى فى بطنى لما يسرت على ولادتى. قال يزيد بن قعنب: فرأينا البيت وقد انفتح عن ظهره، ودخلت فاطمة فيه۔

کہ ایسے میں لب متحرک ہوئے اور فاطمہ بن اسد کے یہ جملے ہر ایک نے سنے۔ اے میرے رب میں انی مؤمنة بك میں تجھ پر ایمان لانے، ایمان رکھنے والی ہوں۔ اے میرے رب ولما جاء من عندك من رسل و كتب تو نے جو جو رسول بھیجے اور جو جو کتابیں نازل کیں۔ ان سب پر ایمان رکھتی ہوں۔ حضرت نوحؑ ہوں یا حضرت ابراہیمؑ حضرت موسیٰؑ ہوں یا حضرت عیسیٰؑ توریت، زبور، انجیل سب پر ایمان ہے اور کہا: وَ انی مُصَدِّقَةٌ بِكَلَامِ جَدِّی ابراهيم الخليل۔ میرے جد حضرت ابراہیم خلیلؑ نے جو فرمایا ہے میں ان کے کلام کی تصدیق کرتی ہوں کیونکہ میرے جد حضرت ابراہیمؑ ہی ہیں جنہوں نے بیت عتیق کو بنایا۔ جو آج تیرا بیت ہے: تجھے اس بیت کا واسطہ ہے جو انہوں نے بنایا، تعمیر کیا، اور پھر تجھے اُس مولود کا واسطہ ہے۔ جو اس وقت میرے بطن میں ہے اس کی ولادت کو اسی کے صدقے میں آسان کر دے۔ اب تعنب کہتے ہیں پھر ہم نے دیکھا بیت کو یہ بیت پشت پر سے کھلا حضرت فاطمہ بنت اسد اندر چلی گئیں ہماری آنکھوں سے اوجھل ہو گئیں اور جدار کعبہ میں داخلے کا جو در بنا وہ پھر جڑ گیا ہم نے چاہا کہ بیت اللہ کا قفل کھولیں لیکن دروازے کا قفل نہ کھل سکا۔ پس ہم نے سمجھ لیا کہ اس امر میں خدا کی کوئی مصلحت ہے۔ پھر فاطمہ بنت اسد چوتھے روز بیت اللہ سے برآمد ہوئیں اور ان کے ہاتھ میں مولودِ کعبہ امیر المومنین تھے پھر کہا۔ مجھ سے پہلے جو نساء (عورت) دُنیا میں آئیں مجھے اُن پر فضیلت دی گئی۔

وغابت عن أبصارنا والتزق الحايط فرمنا ان ينفتح لنا قفل الباب فلم ينفتح، فعلنا ان فى ذلك امر من الله عز وجل ثم خرجت بعد الرابع و بيدها امير المؤمنينؑ ثم قالت انى فضلت على من تقدمنى من النساء۔ لان آسية بنت مزاحم عبدت الله عزوجل سراً فى موضع لا يحب ان يعبد الله فيه الا اضطراراً، وأن مريم بنت عمران هزت النخلة اليابسة بيدها حتى أكلت منها و طبا جنيا، و انى دخلت بيت الله الحرام فأكلت من ثمار الجنة و أوراقها فلما أردت ان اخرج هتف بى هاتف! يا فاطمة سميه علياً فهو على والله العلى الأعلى يقول: انى شققت اسمه من اسمى، وأدبته بأدبى و وقفته على غوامض على، وهو الذى يكسر الاصنام فى بيتى، وهو الذى يؤذن فوق ظهر بيتى و يقدسنى و يمجدنى، فطوبى لمن احبه و اطاعه، وويل لمن ابغضه و عصاء۔

اس لئے کہ آسیہ بنت مزاحم نے خفیہ طور پر اللہ کی بندگی کی، حالانکہ وہ ایسے مقام پر تھیں کہ سوائے مجبوری کے خدا کی عبادت وہاں کریں۔ جہاں تک مریم بنت عمران کا تعلق ہے انہوں نے خشک کھجور کے درخت کو اپنے ہاتھ سے ہلایا

اور پھر تازہ تازہ رطب کھائے۔ لیکن میں (فاطمہ بنت اسد) بیت اللہ میں داخل ہوئی، میں جنت کے میوے اور اوراق تناول کئے پھر جب میں نے بیت اللہ سے باہر نکلنا چاہا تو ہاتف کی آواز آئی۔ یا فاطمہ......اے فاطمہ سمیہ علیاً مولود کا نام علی رکھنا' فھو علی اس لئے کہ وہ علی ہے اور واللہ العلی الاعلی اور اللہ علی و اعلیٰ ہے۔ میں (اللہ......علی الاعلیٰ) نے اپنے نام سے مولود کا نام مشتق کیا ہے۔ اپنے ادب سے اُسے مؤدب کیا ہے۔ وہ میرے گھر میں بتوں کو توڑے گا۔ میرے گھر کی چھت پر اذان دے گا۔ میرے تقدیس کرے گا۔ میری بزرگی کا اعلان کرے گا۔ پس خوش خبری ہے اُس کے لئے جو علی سے محبت کرے اور اس کی اطاعت کرے اور لعنت ہے اس پر جو علی سے بغض رکھے اور اس کی معصیت اختیار کرے۔ فاطمہ بند اسد بیت اللہ میں اصل دروازے سے اندر نہیں گئیں بلکہ جدار مسکرائی' در بن گیا پھر جڑ گیا لوگوں نے دروازے کا قفل توڑنے کی کوشش کی مگر لا حاصل یہ خبر دور دراز تک پھیل گئی۔ قریہ قریہ بستی بستی لوگ جمع ہوتے چلے گیے۔ حضرت ابو طالبؑ کے پاس آئے' ماجرا سنایا 'آپ چپ دروازہ بند۔ سرکار ختمی مرتبتؐ چلے کے کی گلیوں میں ہجوم یہ پہلا جلوس تھا جس کی قیادت جناب محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کر رہے تھے۔ ساتھ ابو طالبؑ تھے دروازے پر پہنچے اشارہ کیا قفل ٹوٹ گیا۔ جناب ابو طالبؑ کو باہر کھڑا کیا۔ خود اندر گئے مولود کو ہاتھوں پر لیا آنکھیں کھول دیں پہلی نگاہ حضورؐ پر نور کے چہرے پر زبان نے حرکت کی اسلام علیك یا رسول اللہ رسالت مآبؐ نے پلٹ کر جواب دیا وعلیکم السلام یا ولی اللہ۔ اس بات نے حقیقت ظاہر کر دی کہ امامؑ......امامؑ ہوتا ہے۔ وہ اپنے وجود میں کائنات کا علم لے کر آتا ہے۔ وہ محتاجِ ہدایت نہیں ہوتا کہ کسی کے کہنے پر اسلام' ایمان لائے وہ پیدا ہی اسلام' ایمان پر ہوتا ہے اور علم کان و یکون لے کر آتا ہے۔ اس لئے یہ بحث ختم ہو جاتی ہے کہ حضورؐ پر پہلے کون اسلام لایا۔ علامہ اقبال نے بجا و کالت فرمائی کہ:

مسلم اول شہ مرداں علیؑ عشق را سرمایۂ ایمان علیؑ

حضرت علیؑ کے بیت اللہ میں ظہور کے تیرہ سال بعد قرآنِ پاک نازل ہوا لیکن جس وقت امام کو رسالت مآبؐ نے ہاتھوں پر اٹھایا۔ تر عرض کی آقا فرمایئے میں آپ کو کیا سناؤں! صحیفۂ آدم؟ صحائف ابراہیم! توریت' انجیل' زبور یا پھر قرآن۔ اشارہ ملتے ہی سورۃ مومنون کی تلاوت کی' سارے صحائف سنائے۔ ختمی مرتبت نے فرمایا آج اگر انبیاء و رسل ہوتے تو تصدیق کرتے کہ تیرا لہجہ اُن سے بہتر ہے۔ تیری تصدیق کرتے اسی لئے رسالت مآبؐ نے فرمایا: القرآن مع علی و علی مع القرآن۔ قرآن علیؑ کے ساتھ ہے اور علیؑ قرآن کے ساتھ ہے۔ کسی اور کیلئے یہ الفاظ استعمال نہیں کئے گئے۔ شعراء حضرات کی یہ کاوش ملاحظہ کیجئے۔ رسالتمآب نے ولایت مآب کو اپنے دست مبارک پر اٹھایا ہوا ہے دونوں نگاہیں' نظریں ملتی ہیں اب کیفیت یہ ہے:

دونوں کی نگاہوں میں فرقت کے گلے ہونگے
ہونٹوں پہ تبسم کے کچھ پھول کھلتے ہونگے
کعبے سے کوئی پوچھے' اُس وصل کے منظر کو
جب نور کے دو ٹکڑے آپس میں ملے ہونگے

☆☆

شک نہیں جس میں کوئی وہ تیری یکتائی ہے
کچھ بہکتا ہے نصیری تو وہ سودائی ہے
لم یلد پر میرا ایمان ہے لیکن یا رب
تیرے گھر سے کسی بچے کی صدا آئی ہے

☆☆

بیت الحرم امامؑ کا کاشانہ بن گیا
باطن نوازؑ جلوۂ جانانہ بن گیا
کعبہؑ کہ جس میں مریم و حوا نہ آسکیں
وہ آج فاطمہؑ کا زچہ خانہ بن گیا

حضرت ابو طالبؑ نے 15 شوال اعلان نبوت سے دس سال بعد اسی سال کی عمر میں شہادت پائی جبکہ زوجہ فاطمہ بنت اسد کی رحلت ۴ھ مدینہ منورہ میں ہوئی۔ دو لڑکیاں' ام ہانی اور جمانہ تھیں۔ حضرت ابو طالبؑ کی زبان سے ادا ہونے والے الفاظ الحمد للہ رب العالمین بعد میں قرآن کی آیت بن گئے۔ سورۃ فاتحہ کا جز' ان کی ادائیگی کے بغیر نماز باطل۔ اب فرمایئے اسلام و ایمان ابو طالبؑ کی منزل۔

از تحریر: آغا گل، اسلام آباد

امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام

ابن ابی طالب کی پیش گوئیاں

امیر المومنینؑ مسجد کوفہ میں منبر پر بیٹھے ہوئے خطبہ ارشاد فرما رہے تھے۔ رمضان المبارک کا مہینہ تھا۔ خطبہ کے دوران آپ نے منبر کے دائیں جانب نگاہ دوڑائی تو حضرت امام حسنؑ کو بیٹھے ہوئے دیکھا۔ پوچھا:

☆ ......{ ''بیٹے اس ماہ کے کتنے دن باقی رہ گئے ہیں؟'' جواب دیا'' تیرہ دن باقی رہ گئے ہیں۔'' پھر بائیں طرف حضرت امام حسینؑ کو بیٹھے ہوئے دیکھ کر سوال کیا'' ''بیٹے! اس ماہ کے کتنے روز گزر گئے ہیں۔'' جواب ملا'' سترہ دن'' یہ سن کر امیر المومنینؑ نے ریش مبارک پر ہاتھ پھیرتے ہوئے فرمایا: ''اس ماہ میں میری داڑھی کو میرے سر کے خون سے وہ شخص خضاب کرے گا جو اس امت کا بدبخت ترین فرد ہوگا۔ قبیلہ مراد کا ایک نامراد میری موت کا خواہاں ہے جبکہ میں اس کی بھلائی چاہتا ہوں۔''}

اس پیشگوئی کے دوسرے روز یعنی 19 رمضان المبارک کو عبدالرحمان ابن ملجم مرادی نے مسجد کوفہ میں آپ کے سر پر ضرب لگائی جس کے اثر سے آپ 21 رمضان کو شہادت پا گئے۔ امیر المومنینؑ کی شہادت کوئی معمولی واقعہ نہیں تھا بلکہ ایک عظیم سانحہ تھا۔ پیغمبر خداؐ نے بھی کئی بار اس کا ذکر فرمایا تھا۔ جنگ خندق میں عمر بن عبدود نے امیر المومنینؑ کے سر پر ایسی ضربت لگائی تھی کہ سر مبارک سے لہو جاری ہوا تو رسولؐ خدا نے اپنے دست مبارک سے اس زخم کو باندھتے ہوئے فرمایا:

''میں اس وقت کہاں ہوں گا جب اس سر کے خون سے اس داڑھی کو رنگین کریں گے۔''

اس سے بھی زیادہ تفصیل اس پیشگوئی میں ہے جس کے راوی خود امیر المومنینؑ ہیں۔ فرماتے ہیں کہ رسولؐ خدا ماہ شعبان کے آخری جمعہ میں ماہ رمضان کی فضیلت میں خطبہ ارشاد فرما رہے تھے۔ خطبہ کے اختتام پر میں نے کھڑے ہو کر سوال کیا:

''یا رسولؐ اللہ! اس ماہ مبارک میں بہترین اعمال جمیع کیا ہے؟''

آنحضرتؐ نے فرمایا: ''اے ابوالحسن! بہترین اعمال اس ماہ مبارک میں محرمات الٰہی سے پرہیز گاری ہے۔''

پھر آپ نے ارشاد فرمایا:

''اے علی اس ماہ میں جو کچھ تم پر گزرے گی کیا وہ تم جانتے ہو؟ گویا میں دیکھ رہا ہوں کہ تم مشغول نماز ہو اور ناقہ صالح کی کونچیں کاٹنے والے کی طرح اولین و آخرین کا بدبخت ترین شخص اُٹھا ہے اور اُس نے تمہارے سر پر ضربت لگائی اور تمہاری داڑھی کو تمہارے سر کے خون سے رنگین کر دیا۔''

پیغمبر خدا کے بعد ایک یہودی عالم نے جناب امیرؑ کی خدمت میں حاضر ہو کر چند مسئلے پوچھے۔ ان میں سے ایک مسئلہ یہ بھی پیش کیا گیا کہ: ''آپ کے نبیؐ کا وصی آپ کے پیغمبرؐ کے بعد کتنے سال زندہ رہے گا''

امیر المومنینؑ نے جواب دیا: ''تیس سال'' یہودی نے پوچھا: ''وصی مرے گا یا قتل ہوگا'' جناب امیرؑ نے فرمایا: ''قتل ہوگا۔ ایک ضربت اس کے سر پر ماریں گے اور اس کی داڑھی اس کے خون سے خضاب ہوگی۔'' امیر المومنینؑ جب جنگ نہروان سے واپس ہوئے تو ایک یہودی نے آپ کی خدمت میں حاضر ہو کر سوال کیا کہ: ''ہر پیغمبر کے وصی پر سات مصیبتیں نازل ہوتی ہیں۔ کیا آپ پر بھی کوئی مصیبت نازل ہوئی ہے؟'' آپ نے فرمایا: ''دوسری مصیبتیں تو نازل ہو چکی ہیں البتہ ایک مصیبت باقی ہے جس کا نزول قریب ہے اور وہ ہے کہ یہ داڑھی خون سے تر ہوگی۔''

عبدالرحمن ابن ملجم یمن کا باسی تھا اور قبیلہ بنی مراد سے تعلق رکھتا تھا۔ حضرت عثمانؓ کے دور خلافت میں مصر چلا گیا اور وہیں آباد ہو گیا۔ محمد بن ابوبکر جب

مصر کے گورنر مقرر ہوئے تو انہوں نے اشراف مصر کا ایک وفد حضرت علیؑ کی خدمت میں بیعت کے لئے بھیجا۔ عبدالرحمن بھی اس وفد میں شامل تھا اور فہرست اسامی اسی کے ہاتھ میں تھی۔ جناب امیرؑ نے نامہ اور فہرست اسامی پڑھی اور عبدالرحمن ابن ملجم کے نام تک پہنچے تو فرمایا: ''تم ہی عبدالرحمن ابن ملجم ہو۔'' اس نے عرض کیا ''ہاں! یا امیرالمومنینؑ میں ہی ہوں'' اس کے بعد اس نے ایک خوبصورت اور آبدار تلوار ہدیتاً امیرالمومنینؑ کی خدمت میں پیش کی۔ آپ نے تبسم فرماتے ہوئے کہا: ''اس تلوار کو اپنے پاس ہی رکھو۔ تم کو اس کی ضرورت پڑے گی اور تم اسی کے ذریعہ سے اپنے مقصد تک پہنچ جاؤ گے۔'' پھر امیرالمومنینؑ نے ارکانِ وفد سے فرداً فرداً بیعت لی لیکن ابن ملجم کی بیعت لینے سے انکار کیا۔ ابن ملجم اصرار کرتا رہا اور آپ انکار کرتے رہے۔ اس کے متواتر اصرار سے جناب امیرؑ بیعت لینے پر مجبور ہو گئے۔ بیعت کے بعد آپ نے فرمایا: ''اے ابن ملجم اپنی بیعت سے نہ پھرنا۔''

وہ قسم کھاتا رہا کہ وہ بیعت سے سرِ انحراف نہیں کرے گا۔ امیرالمومنینؑ نے ایک مرتبہ پھر تاکید فرمائی کہ بیعت سے منحرف نہ ہونا۔ عبدالرحمن نے تکرار کی وجہ پوچھی۔ آپؑ نے فرمایا: ''کیونکہ عبدالرحمن ابن ملجم ہی میرا قاتل ہوگا۔'' یہ سن کر عبدالرحمن انتہائی خوفزدہ ہو گیا اور کھڑے ہو کر عرض کیا کہ: ''میں خدا کی پناہ چاہتا ہوں۔ اس گمان سے۔ میں درخواست کرتا ہوں کہ آپ میرے ہاتھ کاٹنے کا حکم صادر فرمائیں یا مجھے اذیت ناک طریقہ سے قتل کرا دیں۔'' جناب امیرؑ نے فرمایا: ''تم نے ابھی تک نہ کوئی جرم کیا ہے جس کی تمہیں سزا دوں اور نہ کوئی قتل کیا ہے کہ قصاص لوں۔ میں ایسے شخص کو کیونکر سزا دے سکتا ہوں۔ جس نے ابھی تک کوئی جرم نہ کیا ہو۔''

یہ سن کر ابن ملجم مزید عاجزی و انکساری کا اظہار کرتا رہا۔ جناب امیرؑ نے فرمایا: ''اے ابن ملجم! میں خدا کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ تم اپنے عہد و پیمان پر قائم نہیں رہو گے۔''

آپ نے اسے ایک عمدہ گھوڑا عطا کیا اور وقتاً فوقتاً اس پر بخشش و احسان فرماتے رہے۔ الغرض آپ کی یہ پیشگوئی بھی حرف بحرف پوری ہوئی اور اسی خبیث نے انیسویں ماہ رمضان شب جمعہ کو بوقت طلوع صبح بحالت رکوع آپ کے سر مبارک پر تلوار کا وار کیا اور اسی کے اثر سے آپ اکیسویں رمضان 40 ہجری کو شہادت سے سرفراز ہوئے۔

☆ ...... {امیرالمومنینؑ نے فرمایا ''قرآن کے نام کے سوا ان کے پاس کچھ نہ ہوگا۔ یہ اس کی خط و کتابت کے علاوہ کچھ نہ جان سکیں گے۔ (نہج البلاغہ)}

پیشگوئی کے مطابق قرآن مجید کے حقائق و معارف بھول جائیں گے صرف اس کے الفاظ اور فصاحت و بلاغت کو اصل قرآن اور محض کاغذ و روشنائی کے مجموعہ اوراق کو اصل کتاب سمجھ لیں گے۔ روح قرآن اور احکاماتِ الٰہی کو بالائے طاق رکھ دیں گے۔ پیشگوئی کے مطابق جلد مسلمانوں اور اسلامی حکومتوں میں ایسا ہی ہونے لگا اور یہ سلسلہ آج تک جاری ہے۔ پیشگوئی کے مطابق مسلمان قرآن مجید کی خط و کتابت کے علاوہ اب تو کچھ بھی نہیں جانتے' وہ قرآن کے احکام و اوامر کو بھول گئے ہیں لیکن اس کے حروف پر اس قدر توجہ دی کہ الفاظ قرآن کو سونے' چاندی کی تختیوں' ہاتھی دانت کی گولائیوں اور حریر دیبا کی چادروں پر سونے چاندی کے پانی سے لکھ ڈالا۔ مسجدوں کی محرابوں' قبروں کے کتبوں اور محلات و عمارات کے صحنوں پر کندہ کرا دیا۔ اس کی آیتیں کلمات اور حروف تک کو شمار کر ڈالا بلکہ یہ تک بھی گن لیا کہ اس میں کتنے ''الف'' کتنے ''ب'' اور دوسرے حروف ہیں اور اس کے اعراب تک کا شمار کر ڈالا لیکن قرآن حکیم جس امر کے لئے نازل کیا گیا تھا اس پر کوئی عمل نہیں کرتا۔ اپنی نوعیت کے لحاظ سے یہ پیشگوئی بظاہر نا قابل تسلیم تھی مگر صدیوں کے عمل میں پیشگوئی اپنی پوری توانائی سے ظاہر ہوئی۔ بڑے بڑے علماء محض قواعد زبان' گرامر اور لفظوں کے حسن میں کھو کر رہ گئے۔ بعض من پسند تاویلیں کرنے لگے۔ کچھ مجددِ زبان بن گئے اور بحیثیت مجموعی Neologistical انداز اختیار کر لیا۔ قرآن حکیم کو بادشاہوں کے جلو میں پلنے والے علمائے سو کی میراث سمجھ کر مسلمانوں نے انہی پر تکیہ کر لیا۔ بادشاہوں نے ایسے علماء کو پروان چڑھا کر مسلمانوں کے خلاف Pressure Group قائم کر لیا اور مذہب کے نام پر ظلم کا بازار گرم کر دیا۔ قدیم مصری فراعین کی طرح اقتدار کی مثلث قائم کر لی۔ فرعون' پروہت اور جنرل کے نمونہ پر Administrative Hierarchy بنائی۔ بادشاہ (ظل اللہ)' علماء دین کے نمائندے اور جنرل طاقت کا سرچشمہ مارشل لاء کا بید (ڈنڈا) لئے پھرتا ہے۔ اب تک اسلامی ممالک میں مثلث بعینہٖ قائم ہے۔ ناموں یا عہدوں کا فرق ہو تو الگ بات ہے۔ اپنے دور کی ہی کسی اسلامی ملک کی انتظامیہ کا جائزہ لے لیجئے۔ دُنیا کے 57 اسلامی ملک اس کی جیتی جاگتی تصویر ہیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۝ اللہ تعالیٰ کا ارشادِ پاک ہے اے ایمان والوں اللہ کے حکم پر خوب قائم ہو جاؤ انصاف کے ساتھ گواہی دیتے رہو اور تم کو کسی قوم کی عداوت اس پر نہ اُبھارے کہ انصاف نہ کرو۔ انصاف کرو وہ پرہیزگاری کے زیادہ قریب ہے۔ اور اللہ سے ڈرو بے شک اللہ کو تمہارے کاموں کی خبر ہے۔ بیشک معاشرے کی بقاء اور توانائی کا انحصار صرف انصاف پر ہے۔ حضور اکرم ﷺ کا ارشاد پاک ہے۔ ''دو لوگوں پر رشک کرنا چاہئے ایک وہ دولت مند جو اللہ کے راستے میں مال خرچ کرتا ہے اور دوسرا وہ عالم جو علم کے ذریعے فیصلے کرتا ہے۔ 18 جنوری 2019ء پاکستان کی تاریخ کا ایک بہت اہم دن ہے جب جسٹس آصف سعید کھوسہ بحیثیت چیف جسٹس آف پاکستان اپنے عہدے کا حلف اُٹھائیں گے۔ یہ 21 دسمبر 1954ء کو جنوبی پنجاب کے علاقے ڈیرہ غازی خان میں از تحقیق زائچہ صبح 04 بجے پیدا ہوئے۔ جسٹس آصف سعید کھوسہ صاحب ایک اصول پسند اور سخت گیر جج کے طور پر جانے جاتے ہیں مشرف دور میں جب ایمرجنسی کا نفاذ ہوا تو جسٹس آصف سعید کھوسہ بھی ان ججز میں شامل تھے جنہوں نے پی سی او کے تحت حلف اُٹھانے سے انکار کیا۔ اسی کے نتیجے میں انہیں اپنے عہدے سے معطل ہونا پڑا۔ زندگی میں بڑے بڑے امتحانات میں کامیابی سے ہمیشہ عدل کا علم بلند کرتے ہوئے گزرے۔ کسی بھی موقعے پر ان کے عمل میں لغزش نہیں آئی۔ یہی وجہ ہے کہ بڑے بڑے سیاستدان ان کی عدالت میں، عام انسان کی طرح کھڑے نظر آتے ہیں۔ چاہے پاناما کیس میں جے آئی ٹی کی تشکیل کے حوالے سے فیصلہ ہو، یا یوسف رضا گیلانی کے خلاف توہینِ عدالت کا کیس ہو ہر موقعہ پر جسٹس آصف سعید کھوسہ اپنے فیصلوں سے بھرپور اور نمایاں طور پر سامنے آئے۔

آج ہم دیکھیں گے کہ جسٹس آصف سعید کھوسہ کی شخصیت ستاروں کی روشنی میں کیسی ہے؟ اور ان کے چیف جسٹس بننے کے بعد آئندہ پاکستان کا منظر نامہ کیا تشکیل پاتا ہے؟ تاریخ پیدائش کے اعتبار سے ان کا طالع پیدائش برج میزان بنتا ہے۔ ان کے برج اور انکے ستارے کی روشنی میں ان کو دیکھیں تو یہ منقطع البروج کا ساتواں عدل وانصاف کا ترازو کا نشان ہے۔ سراب کی مانند حقیقت پسند اور آسانی سے اصلیت جاننے والا خوشگوار اور کامیاب زندگی کا مظہر، اگر یہ جسٹس نہ ہوتے تو بہتر ڈرامہ نویس، شاعر، سیاستدان، جاسوس، یا پھر تصنیف وتالیف جیسے شعبہ میں کامیاب ہوتے۔ یا ان سے منسلک ہوتے۔ جسٹس آصف سعید کھوسہ صاحب کی اگر ہم خوبیوں اور خامیوں پر نظر ڈالیں تو اشتعال دلانے پر فوراً غصے سے مغلوب ہو کر بہت نقصان کرنے والے، اور وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ ان کا اشتعال اور غصہ ختم ہو جاتا ہے۔ جوش میں جلد آنے والے، ناراضگی، خفگی اور ان کا غصہ ستاروں کی روشن میں وقتی نظر آتا ہے۔ اور یہاں پر ہم یہ بھی کہہ سکتے ہیں کہ یہ عموماً چھوٹی چھوٹی باتوں پر لوگوں کو ڈانٹ بھی دیتے ہیں۔ شہر شہر گھومنا اور سیر وتفریح کرنے سے ان کو سکون ملتا ہے۔ ان کے ستارے یہ بھی بتاتے ہیں کہ یہ دل ملازمین کے لئے اچھے جذبات رکھتے ہیں ملازمین کی غلطی پر باز پرس کرنے کی بجائے اُن کو اُن کے حال پر چھوڑ دیتے ہیں۔ سلیقہ پسند، نفاست پسند اور اعلیٰ درجے کے کھانے پینے کے شوقین بھی نظر آتے ہیں۔ کامیابی حاصل کر کے عزت میں منافع دوسروں پر اعتماد اور بھروسہ بھی جلد کر لیتے ہیں جس کی وجہ سے دباؤ کا شکار جلد ہونے کی کیفیات ان کے ستاروں میں نظر آتی ہے۔ دوسروں سے کئے گئے وعدے نبھانے والے انسان سیاست اور سماجی خدمات کے کاموں میں نہایت موذاں اور باصلاحیت بیمار افراد کی تیمارداری بہتر طریقے سے کرنے کا موقع ہاتھ سے نہیں جانے دیتے تعلقات عامہ کے کاموں کو خوش اسلوبی سے نمٹانے میں اپنا ثانی نہیں رکھتے۔ آرٹس اور فنون لطیفہ میں دلچسپی پُرشوق انداز کے حامل جذبات کا بہترین اظہار کرنے والے اور تصوراتی مزاج کی صفات ان کے ستاروں میں نظر آتی ہے۔ کام کیلئے دلچسپی، شوق اور دن رات ایک کرنا ان کی ذات کا حصہ ہے۔ جس کام میں دلچسپی نہ ہوا سے چھوڑ دینا کیونکہ مرضی کا کام کرنے کیلئے ایسے لوگ اپنے ستاروں کے اعتبار سے کوشاں رہتے ہیں۔ تا کہ اس کو بہترین طریقے سے تکمیل تک پہنچا سکیں۔ انتہائی خلوص، عقل مندی، دانشوری کے ساتھ اپنے کام کو انجام دینا اپنے فرائض میں شامل رکھتے ہیں۔ جس کی بناء پر ترقی اور کامیابی ان کا مقدر بنی اور اب وہ چیف جسٹس آف پاکستان بننے جا رہے ہیں۔ ان کے ستارے یہ بھی بتاتے ہیں کہ اکثر منفی سوچوں کے قاری ہونے پر اپنے کیریئر کو داؤ پر لگا سکتے ہیں۔ ایسے میں ان کو مکمل خاموشی اور آرام کی ضرورت ہے۔ مجسمہ مروت، اخلاق اور محبت کے جذبات سے بھرپور انسان جو نرمی سے کام لینا جانتے ہیں اور دوسروں کی کمزوریوں سے فائدہ نہیں اُٹھاتے۔ اپنے ساتھیوں کو مشکل، اُلجھن اور مصیبت میں نہیں ڈالتے بلکہ ہر طرح محفوظ رکھنے کی کوشش کرتے ہیں۔ بطور چیف جسٹس آف پاکستان عدلیہ کے سربراہ ہونے کی حیثیت سے یہ عدلیہ کی بہتری پر خصوصی توجہ دیں گے۔ ان کے متعدد مشورے عدلیہ کی عزت وتوقیر کی ضمانت بنے گے مشکل حالات جن کا ان کو اپنی ذمہ داریاں سنبھالتے ہی سامنا ہوگا اور یہ عرصہ 28 مارچ تک رہے گا۔ یہ اس عرصے کو بھی گھبرائے بغیر گزارنے میں کامیاب ہو جائیں گے۔ اور ان کی عزت وتوقیر میں اضافہ ہوگا۔ 2019ء جس کا مفرد عدد 3 بنتا ہے جس کا تعلق سیارہ مشتری سے ہے جو قانون ومذہب کا ستارہ ہے۔ 2019ء جناب چیف جسٹس آصف سعید کھوسہ صاحب کا سال ہے ان کی سربراہی میں عدلیہ بہتر طور پر فیصلے کرے گی۔ جسٹس آصف سعید کھوسہ کی بطور چیف جسٹس آف پاکستان تعیناتی کرپٹ عناصر کیلئے کوئی اچھا پیغام نہیں ہے۔ اور یہی پاکستانی عوام کے لئے اچھی خبر ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمارے وطن پاکستان کو سلامت رکھے اور ایک صحیح معنوں میں اسلامی وجمہوری قیادت آئے جو بلاتفریق سب کو انصاف فراہم کرے۔ مضمون کا سلسلہ جاری ہے۔ ان کے حلف کے اُٹھانے کے بعد مزید علم نجوم سے روشنی ڈالنے کی کوشش کریں گے۔

اِس پرچم کے سائے تلے ہم ایک ہیں

Pakistan

Turkey

نئے پاکستان کا نیا جھنڈا

شہزادہ سید انتظار حسین شاہ زنجانی

ہر محب وطن پاکستانی کے دل کی آواز پاکستان زندہ باد

اِس مرتبہ یوم آزادی 14 اگست 2018ء پورے ملک میں اِس جوش و خروش سے منائی گئی کہ 1947ء کا جذبہ آزادی تازہ ہو گیا۔ پورے ملک میں قومی پرچم کی بہاریں چاروں صوبوں، فاٹا، شمالی علاقوں سے کشمیر بلکہ مقبوضہ کشمیر (بھارت) میں بھی سات لاکھ بھارتی افواج کی موجودگی کے باوجود دلیر حریت پسند کشمیریوں نے پاکستانی پرچم کشمیر میں لہرا کر پاکستان سے اپنے الحاق کا اظہارِ محبت کیا۔

جس قوم کا لیڈر دانشور ہو وہ اپنی قوم کو اندھیروں سے نکال کر روشنی میں لے جاتا ہے۔ اور جس قوم کا سپہ سالار دانشور، دلیر اور جذبہ ایمانی سے سرشار ہو، وہ پاکستانی قوم کے لئے حوصلہ کا باعث بنتا ہے۔ گزشتہ دس بارہ سال سے ملک میں دہشت گردی کا راج تھا اندرونی اور بیرونی خطرات ہمارے سروں پر منڈلا رہے تھے ملک اندھیرے اور قرض میں ڈوبتا جا رہا تھا سیاست دانوں بیوروکریٹس نے کرپشن کی انتہاء کر دی تھی۔ پورے ملک کے عوام عدم احساس تحفظ میں مبتلا تھی۔ الیکشن 2018ء تبدیلی آئی اور اب تحریک انصاف کے عمران خان وزیر اعظم پاکستان ہیں۔ زنجانی جنتری کی سابقہ پیش گوئیوں کے عین مطابق دہشت گردی ملٹری کورٹس کا قیام اور سزاؤں پر عملدرآمد سے پورے ملک میں عوام نے سکھ کا سانس لیا۔ مگر **"ابھی عشق کے امتحاں اور بھی ہیں"**۔ U.N.O کے 219 ممبر ممالک کے پرچم UNO نیو یارک (امریکہ) میں لہراتے خوبصورت پرچموں کا نظارہ مجھے گزشتہ سال اپنے دورہ امریکہ کے دوران کرنے کو ملا۔ یقین جانیں جب اپنے قومی پرچم پر نظر پڑی تو دل خوشی سے جھوم اُٹھا اِس طرح بین الاقوامی ہوائی اڈوں پر سینکڑوں غیر ملکی ائیر لائنوں کی موجودگی میں ہماری قومی ائیر لائن P.I.A کے طیاروں کی دُم پر پاکستان کا قومی پرچم اتنا بھلا لگتا ہے کہ اِس کے سبز ہلالی پرچم سے نگاہیں نہیں ہٹتیں جو بہن بھائی کبھی بیرون ملک گئے ہوں وہ میری اِس بات کی تائید کر سکتے ہیں پاکستان کی ترکی سے دوستی و محبت کا رشتہ بہت پرانا ہے۔ جہاں کہیں اکٹھا پاکستان اور ترکی کا پرچم لہرا رہا ہوتا ہے جو بہت بھلا لگتا ہے۔ 22 کروڑ پاکستانی قوم سے بڑے ادب سے التماس ہے کہ وہ ترکی اور پاکستان کے پرچم کو بغور ملاحظہ کریں۔ پاکستان کا سبز ترکی کا پرچم سرخ ہمارے پرچم میں ایک چاند ستارہ اُن کے پرچم میں بھی ایک چاند ستارہ فرق صرف اِتنا ہے کہ اُن کے پرچم پر چاند ہلال کا ہے اور ہمارے پرچم پر چاند وبال کا ہے۔ عالمِ اسلام کے سبھی تہوار چاند دیکھنے سے شروع ہوتے ہیں۔ آپ ہر ماہ آسمان پر طلوع یکم اسلامی تاریخ کا چاند اور غروب 27 یا 28 تاریخ کے چاند کا مشاہدہ کر لیں تو آپ کو میری بات آسانی سے سمجھ آ جائے گی۔

کیا ہی اچھا ہو پوری پاکستانی قوم سیاستدان، دانشور، اہل علم دوست پاکستانی پرچم میں چاند کی نشست کی معمولی تبدیلی کر کے پاکستانی پرچم سے وبالی چاند ہٹا کر اِسے پاکستانی ہلالی پرچم میں بدل دیں اِس معمولی تبدیلی سے پاکستانی پرچم دنیا میں صدا سربلند رہے گا۔ پرچم کو حرمت دینا سنت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔ جنگِ خیبر کے موقع پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے 40 ویں دن فرمایا تھا کہ میں اسلام کا پرچم اُس کے ہاتھ میں دونگا جس کے ہاتھ سے قلعہ خیبر فتح ہو گا اور اُسے اللہ اور اللہ کا رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دوست رکھتا ہو گا۔ اِسی سبب ہمارا اعلیٰ جنگی نشان نشانِ حیدر بنا اور فوج کا نعرہ بھی نعرہ حیدری، یا علیؑ ہے۔ کربلا میں بھی سید الشہداء نے اسلام کا پرچم مولا غازی عباسؑ کو عطا کیا۔ اور یہ پرچم آج بھی سربلند دکھائی دیتا ہے۔ دیگرے 2019ء کیلئے پاکستانی قوم کو روحانی مشورہ آج 2019ء نئے پاکستان کا پہلا سال ہے پاکستانی بہن بھائیوں کو یہ بات ہدیہ ہے زنجانی جنتری 2018ء میں ہم نے نقشہ پاکستان پر لفظ محمدؐ پیش کیا تھا ہمارے جغرافیائی نقشہ پر لفظ محمد درج ہے تو پھر کیا یہ بات مناسب نہ ہو گی کہ مدینے جیسی ریاست کے جھنڈے پر پاکستان کے نقشہ پر لفظ محمد لکھ دیا جائے۔ انقلاب ایران کے بعد جھنڈے پر لفظ اللہ لکھا ہے اور سعودی عربیہ کے جھنڈے پر لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

یہ مختصر تحقیقی مضمون شائقین علم نجوم کے لیے لکھا گیا جسے عام قارئین بھی بہن بھائی بھی پڑھ سکتے ہیں۔ **شہزادہ سیّد مصوّر علی زنجانی**

عالمی جغرافیائی تبدیلیوں کے ساتھ عالمی نقشہ پر اُبھرنے والے ممالک کے علم الفلکیات کی روشنی میں نئے زائچے بن جاتے ہیں۔ جیسے دوسری جنگ عظیم کے خاتمہ پر بھارت اور پاکستان دنیا کے نقشہ پر اُبھرے۔ ماضی قریب میں متحدہ ہائے روس کے ٹکڑے ہوئے اور اس سے کئی آزاد مسلم ممالک نے جنم لیا یا پھر انقلاب ایران کے بعد ایران کا عالمی نقشہ تو وہی رہا مگر از روئے نجوم ایران کے بھی نئے زائچے نے جنم لیا۔ اس طرح 14 / 15 اگست 1947ء کو بننے والا سب سے بڑا اسلامی ملک مغربی پاکستان اور مشرقی پاکستان عالمی سازشوں کے سبب 1971ء میں دولخت ہوگیا۔ یوں ہمارا آدھا ملک کٹ کر بنگلہ دیش بن گیا اور مغربی پاکستان اب صرف پاکستان کہلاتا ہے۔ کچھ سنجیدہ منجم یہ خیال کرتے ہیں کہ اب پاکستان کا نیا زائچہ زیادہ مؤثر ہے۔ چند سالوں سے ہم زنجانی جنتری میں اس پر مسلسل بحث و تحریر کرتے چلے آرہے ہیں۔ اول زائچہ پاکستان کا حاکم ستارہ مریخ جس سے منگل منسوب ہے، لہٰذا گزشتہ ساٹھ سالوں میں منگل کے دن کی پاکستان میں بہت اہمیت رہی ہے۔ پاکستان میں چھ حکومتیں مارشل لاء اور جوڈیشل مارشل لاء منگل ہی کو ختم ہوئیں۔ جس کا چارٹ حسب ذیل ہے:

(1) مارشل لاء ایوب خان	7 اکتوبر 1958ء بروز منگل	(2) مارشل لاء یحییٰ خان	25 مارچ 1969ء بروز منگل
(3) سول مارشل لاء ذوالفقار علی بھٹو	21 دسمبر 1971ء بروز منگل	(4) مارشل لاء ضیاء الحق	05 جولائی 1977ء بروز منگل
(5) فوجی حکومت جنرل مشرف	12 اکتوبر 1999ء بروز منگل	(6) جوڈیشل مارشل لاء (وزیر اعظم گیلانی)	19 جون 2012ء بروز منگل

قارئین دیکھا آپ نے سبھی دن منگل ہی کے ہیں۔ کیا پاکستان میں یہ اتفاق ہے یا نحوست؟

ہمارا وطن عزیز پاکستان اگر ایک سرکاری ملازم ہوتا تو 2007ء میں ساٹھ سال کا ہو کر ریٹائر ہو جاتا۔ پاکستان ہمارا ملک ہے جو ہمیشہ قائم رہنے

کے لیے بنا ہے۔ کسی بھی شخص کے زائچہ میں ستارہ زحل آسمانی کونسل میں ایک چکر 30 سال میں مکمل کرتا ہے اور زحل کے دو چکر مکمل ہونے پر ریٹائرمنٹ کروا دیتا ہے، اس سے ہم اس نتیجہ پر پہنچے ہیں کہ پاکستان کے پہلے ساٹھ سال میں 5 بار مارشل لاء جو منگل کے دن لگے۔ اس کا نظام اب ریٹائر ہو چکا ہے۔ سابق آرمی چیف جنرل راحیل شریف کے دور میں اندرونِ ملک اور خصوصاً دارالخلافہ اسلام آباد میں سیاسی حالات اس قدر خراب ہوئے کہ ماضی کی طرح ہمارے مقبول آرمی چیف جنرل راحیل شریف اگر ملک میں مارشل لاء لگا دیتے تو پوری پاکستانی قوم ماسوائے چند سیاسی لوگوں کے جنرل راحیل شریف کے مارشل لاء کا خیر مقدم کرتی مگر مارشل لاء نہ لگا، اس سے یہ نتیجہ باآسانی عکس ہوتا ہے کہ پہلے ساٹھ سال میں جاری نظام مارشل لاء کا سسٹم ریٹائر ہو چکا ہے اور اگلے ساٹھ سال میں جوڈیشل مارشل لاء کا دور شروع ہو چکا ہے۔ ہماری عدلیہ اس وقت انتہائی مضبوط پوزیشن میں ہوتے ہوئے اہم سیاسی فیصلے کر رہی ہے۔ پہلا اہم سیاسی فیصلہ 19 جون 2012ء بروز منگل کو آیا۔ اُس وقت کے وزیر اعظم سیّد یوسف رضا گیلانی کو اپنے عہدے سے سبکدوش کر دیا گیا اور اب 2017ء میں وزیر اعظم میاں محمد نواز شریف صاحب کو 28 جولائی 2017ء بروز جمعہ جوڈیشل مارشل لاء لگا کر اُن کو اُن کے عہدے سے سبکدوش کر دیا گیا۔

شائقین علم نجوم اور منجمین و اساتذہ نجوم متوجہ ہوں کہ گذشتہ سال زنجانی جنتری 2018ء میں ہم نے توجہ دلائی تھی کہ پاکستان کا ستارہ بدل گیا ہے۔ چونکہ یہ خالصتاً تحقیق کا شعبہ ہے، چند سنجیدہ دوستوں نے ہی اس جانب توجہ دی۔ سبھی کی یادداشت ابھی تازہ ہوگی کہ پاکستان میں "فاٹا" کو شامل کیا گیا ہے۔ سیاسی نجوم میں سینئر منجمین کا ماننا ہے کہ ملکوں کی جغرافیائی تبدیلی ایک نئے زائچہ کی بنیاد بنتی ہے۔ سابق صدر پاکستان جناب ممنون حسین صاحب نے پاکستان کے نقشہ میں فاٹا کو ضم کرنے کے صدارتی حکم پر دستخط 25 مئی 2018ء دوپہر 14 بج کر ایک منٹ، اسلام آباد میں کیے۔ اس وقت اسلام آباد کے اُفق پر برج سنبلہ 6 درجہ طلوع تھا۔ یوں زائچہ پاکستان کا نیا طالع برج سنبلہ ستارہ عطارد بن گیا ہے۔ اس نئے زائچہ کی روشنی میں ریسرچ کی ابتداء کی جا رہی ہے۔ زائچہ میں مہادشا قمر 23 اگست 2020 تک جاری رہے گی۔ مہادشا قمر میں اِنتر دشا زہرہ 24 جون 2018ء تا 3 فروری 2020ء تک جاری رہے گی۔ ستارہ زہرہ سیاسی نجوم میں دوسرے (جغرافیائی وسعت) اور نویں (نئے ملکی قوانین) کا گھر ہے۔ پاکستان کے نقشہ میں وسعت کے لیے نئے قوانین کی صدر پاکستان کے دستخط سے عمل داری آگئی۔ ستارہ زہرہ زائچہ کے دسویں سربراہ مملکت کے گھر طاقتور ہو کر چوتھے ارضِ وطن کو مکمل ناظر ہے۔ یہ نئے پاکستان اور تبدیلی کا اشارہ ہے۔ پہلی اہم سیاسی تبدیلی اس نئے زائچہ پاکستان کے تحت یہ آئی کہ تحریک انصاف تبدیلی کا نعرہ لگانے والی سیاسی پارٹی کو اقتدار پانچ ووٹوں کی معمولی اکثریت سے ملا۔ وزیر اعظم عمران احمد خان نیازی صاحب نے حلف اُٹھاتے ہی پاکستان کو مدینہ جیسی ریاست بنانے کا اعلان کر دیا۔ ستارہ زہرہ سے منسوب دن جمعہ، جمعہ کو ہم سب جمعۃ المبارک ایام کا سردار اور اس کا تعلق مذہب اسلام سے ہے۔ ہم یہاں پاکستان کا نیا زائچہ بمعہ پرانے دونوں زائچے بھی شائقین و قارئین نجوم کو پیش کر رہے ہیں۔

سیاسی نجوم میں ستارہ زہرہ جمہوریت سے منسوب ہے اور ہمارے پڑوسی ملک بھارت کا بھی طالع برج ثور اور ستارہ زہرہ ہی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ بھارت میں آج تک کبھی مارشل لاء نہیں لگا اور کبھی مضبوط اور کبھی کمزور سیاسی حکومت بھارت میں ہمیشہ قائم رہی۔ اب حسن اتفاق سے پاکستان کا نیا سیاسی زائچہ برج ثور اور ستارہ زہرہ مانا جائے گا۔ اب تیسرا زائچہ طالع برج سنبلہ 6 درجے مالک ستارہ عطارد بن گیا ہے۔ جو ہم سب شائقین کے زیرِ غور ریسرچ کیلئے آ گیا ہے۔ ہمارے بزرگ دوست پروفیسر ڈاکٹر اعجاز حسین بٹ صاحب قائداعظم کے گورنر جنرل آف پاکستان بننے کے وقت 14 اگست 1947ء کراچی بوقت صبح 9 بجکر 35 منٹ کو تا زندگی اہمیت دیتے رہے یہ زائچہ بھی طالع برج سنبلہ 6 درجہ 55 دقیقہ کا ہے۔ اگر آج زندہ ہوتے تو ہمیں ضرور کہتے کہ پاکستان دوبارہ اپنے جنم میں پلٹ آیا ہے۔

از تحریر: سید محمد علی زنجانی

2019ء میں تیسری عالمگیر جنگ مشہور عالمی منجمین ناسٹروڈامس اور ایڈ کرگریسی کی پیش گوئیاں

زحل پلوٹو اور زحل کیتو قرانات 2019 2020

دنیاوی معیشت کیلئے انتہائی بُرا سال ثابت ہوگا

زحل 30 سال لگاتا ہے بارہ منطقۃ البروج کے گرد اپنا چکر مکمل کرنے کیلئے۔ اور تقریباً ہر برج میں ڈھائی سال گزارتا ہے۔ اسلئے ہم عمر لوگوں کے زائچہ میں زحل کی نشست ایک جیسی ہوئی ہے۔ مشتری کے بعد یہ وہ دوسرا سیارہ ہے جو ہمارا نسلی کردار پیش کرتا ہے۔ اگر یہ اچھی نظر کے زیر سایہ ہو تو زحل ہمیں اپنی قوت کو صحیح استعمال کرنے کا زاویہ دیتا ہے۔ اور ہمیں بہتر زندگی گزارنے کیلئے منصوبہ بندی کے اختیار، نظم وضبط اور مضبوطی دیتا ہے۔ زحل کی اگر خراب نظر یا نشست ہو تو یہ ہمیں ناکامی، مایوسی اور کاموں میں رکاوٹیں پیدا کرتا ہے۔ زحل کی خراب نشست اکثر بغاوت اور انقلاب پیدا کرتی ہے۔ ہر 33 سال بعد زحل پلوٹو قران ہوتا ہے۔

نوٹ:۔ پلوٹو ہمیشہ جدت پیدا کرنے کیلئے تباہی ضرور مچاتا ہے۔ ایسی موت جو نیا جنم دے، پلوٹو برج عقرب کا حاکم سیارہ ہے۔

زحل رکاوٹ کا سیارہ، پابندی کا سیارہ، روحانیت کے سیارے پلوٹو کے ساتھ جب قران کرے گا تو ایک پیچیدہ دور کا آغاز ہوگا جو مذہبی تنازعہ، انتشار کے واقعات اور گہری تبدیلی کے واقعات پیدا کرے گا۔ یہ نظر ایک سخت ماحول پیدا کرے گی۔ مگر ہماری مثبت تبدیلیوں کی اجتماعی طور پر حوصلہ افزائی کرے گی۔ یہ وقت اس دور کے نظام کو چیلنج کرے گا اسکے ساتھ فلسفیانہ خیالات اور مذہبی خیالات کو بھی۔ عالمی چیلنج ٹکراؤ کا ماحول بنا رہے گا۔

جو مختلف ممالک میں بیک وقت شروع ہو جائیں گی اپنے اپنے مفادات کیلئے کافی ممالک شدید نقصان اُٹھائیں گے۔ جبکہ ہمارا انٹرنیٹ، ٹرانسپورٹ، سیاست اور سماجی مصلحت کسی نا کسی طرح چلتے رہیں گے۔ اس چیز کا اندیشہ ہے کہ چھوٹے پیمانے پر ملکوں میں ایٹمی حملے ہو سکتے ہیں۔ وہ ممالک جو ان جنگوں سے بچ کر رہیں گے وہ دنیاوی مصلحت کو سیاسی اور سماجی طور پر بحال کرنے کی کوشش کرتے رہیں گے۔

خانہ جنگی عروج پر ہوگی اور ہو سکتا ہے مسئلہ کشمیر ہندوستان کے ہاتھ سے نکل جائے اور کشمیر کو آزاد ریاست تسلیم کرنے پر مجبور ہو جائے۔

ڈونلڈ ٹرمپ پر اعتراضات لگانے والے ناکام ہو جائیں گے۔

امریکی جنگی جہاز ڈوب جائے گا۔

کم جونگسن کو شمالی کوریا کے لوگ خود باہر نکال پھینکیں گے۔

امریکی افواج شمالی کوریا کے اہم تجارتی راستے کو تباہ کر دیں گی۔

تھریسا کے برطانوی وزیر اعظم طاقت میں رہے گی۔

اٹلی کے شہر نیپل میں بڑا آتش فشاں پھٹنے کا خدشہ۔

انٹارکٹیکا میں بڑے پیمانے پر برفانی چھجا ٹوٹ جائے گا۔

دنیا میں ایک بیماری پھیلے گی جسکا نام حیاتیاتی دہشت گردی رکھا جائے گا۔

ایٹمی حملہ دہشت گرد کر سکتے ہیں۔

2010-2020ء تک کی سب سے زیادہ درست اور تفصیلی عالمی پیشن گوئیاں

تو ہم سب جانتے ہیں کہ دوسری جنگ عظیم کے بعد ہم سب سے زیادہ تباہ کن دہائی سے ہم آہنگی کرنے جارہے ہیں۔مگر زیادہ تباہی کے طور پر نہیں بلکہ تصادم کے طور پر۔

آخر ہم کیا بھگتیں گے جو کہ کچھ یوں ہے:۔

1:۔ معاشی بد حالی۔ 2:۔ تشدد اور بدامنی عام نظر آئے گی۔ 3:۔ ملکوں کے درمیان ممکنہ جنگیں۔ 4:۔ اہم انفرادی شخصیات عام عوام پر اپنے بنیاد پرست نظریات (مثبت اور منفی) تھوپنے کی کوشش کریں گی۔

5:۔ اہم ٹیکنالوجی میں پیش قدمی۔

اس کی علم نجوم کے حوالے سے 2 بڑی تربیعات ہیں:۔ یورانس کا برج حمل میں آنا اور پلوٹو سے تربیع کرنا جو برج جدی میں ہے۔جس کے اثرات 2010ء سے 2020ء کے درمیان زیادہ نمایاں ہونگے جسکی شہرت آپ 2014ء میں دیکھ چکے ہیں اور 2019-2020ء میں اثرات ڈالیں گی۔

2019ء میں سب کچھ تباہ ہونے کا خدشہ ہے (سیاسی اقتصادی، حکومتی اور سماجی تباہی) زحل پلوٹو نشست عسکری قوتوں کو نقصان دے گا 2020ء سے قبل ہی۔ پیدا ہونے والے حالات 3 قسم کے ہونگے۔

1:۔ دنیا بھر میں اہم بڑی جنگیں، جبکہ یہ عالمی جنگ نہیں ہوگی بلکہ اسکو آپ چھوٹی عالمی جنگ کہہ سکتے ہیں۔

2019ء نظم وضبط کا سال

سال کی شروعات مشتری کی برج قوس میں موجودگی اور نیپچون کی حوت میں موجودگی کی تربیع سے ہوگی۔ یہ طاقتور نظر خواہش کے تصورات اور دھندلے خیالات کے درمیان چند تضادات پیدا کرے گی۔قوس، حوت، جوزا اور سنبلہ کیلئے احتیاط طلب دور ہوگا۔ برج حمل، ثور، سرطان، اسد، میزان، عقرب، جدی اور دلو میں اس سال خود اعتمادی زیادہ پیدا ہوگی اور اپنی فیصلے کو ترجیح دیں گے۔ خوش قسمتی سے زحل کی جدی میں موجودگی اور نظر خاکی اور آبی برجوں میں بصیرت اور صحت کے معاملات کو اُجاگر کرے گا۔آتشی اور بادی برجوں کو حقیقت کے ساتھ رابطے میں رہنے کی کوشش کرنی پڑے گی یا حقیقت کے زیادہ قریب ہونا پڑے گا۔زحل کی آہستہ آہستہ پلوٹو کے ساتھ ملاقات ہوگی اور یہ ملاقات فریب نظر کو دور کرے گی اور عقلی شعور پیدا کرے گی۔ برج حوت، ثور، سرطان، سنبلہ اور عقرب کے منفرد اور اچھے سفر کا آغاز ہوگا۔مگر حمل، میزان اور جدی کے لئے مشکل وقت۔ 2020ء میں مشتری کا برج جدی میں داخلہ تصورات کی کوئی گنجائش نہیں چھوڑے گا، بلکہ کلی طور پر بلند نظری اور کام پر توجہ دلوائے گا۔ یہ ان تمام لوگوں کیلئے اچھا وقت ہوگا جنکی زندگی کا مقصد صرف کام کام اور صرف کام ہے۔ جبکہ باقیوں کیلئے یہ وقت مایوسی اور نااُمیدی لے کر آئے گا۔

ہمارے عظیم کرہ ارتقاء کی خاطر اس نظر کی وجہ سے ہم میں سے ہر ایک انفرادی طور پر مجبور ہوگا کہ اپنے نقطہ نظر کو مزید وسیع کر کے اپنے اندر تبدیلی پیدا کریں۔ چیزوں سے چھٹکارا حاصل کرنا ضروری نہیں ہوگا بلکہ تبدیلی زیادہ ضروری بن جائے گی۔

2019ء میں تیسری جنگ عظیم کی پیشنگوئی دنیا کے عظیم ماہر علم نجوم کر چکے ہیں جس میں ناسٹروڈلیمس اور ایڈگر سیمس وغیرہ شامل ہیں بڑھتی ہوئی موسمی تبدیلیاں دہشت گردی جنگیں اور سیاسی عدم استحکام تیسری عالم گیر جنگ کی اہم نشانیاں ہیں۔

زحل کیتو قران برج قوس میں 19 اپریل تا 7 اکتوبر وقفہ وقفہ سے رہے گا۔

روحانی ادارہ آئینہ قسمت اس پر کافی عرصہ سے گہری تحقیق کر رہا ہے کہ آخر یہ عالم گیر جنگ کب ہوگی اور اس کے اثرات کیا ہوں گے اور اس کے بعد کیا حالات پیدا ہونگے۔ 2018ء ایک ایسا سال ہے جس میں اسکا آغاز ہو چکا ہے اور 2019ء میں تیسری عالم گیر جنگ بن کر اُبھرے گی اور اپنا وجود ظاہر کرے گی۔اور یہ عرصہ 2023ء تک رہے گا۔

دوسری جنگ عظیم میں تقریباً 30 ملکوں نے حصہ لیا تھا۔ اور تیسری جنگ عظیم میں تقریباً ہر ملک اپنا 50% حصہ ڈالے گا۔ اور اس جنگ کو شکست کا خطرہ ہوگا وہ ایٹم بم کا استعمال کریں گے اور بڑے پیمانے پر تباہی ہوگی جس میں تقریباً دنیا کی آدھی آبادی باقی رہ جائے گی اور اس کے بعد یہ جنگ چند ہفتوں میں ختم ہو جائے گی۔لوگوں کا سیاستدانوں سے بھروسہ اُٹھ جائے گا اور لوگ پیر فقیروں کی طرف رجوع کریں گے۔اس جنگ کے اثرات 30 سال لگ جائیں گے دنیا کو دوبارہ بحال کرتے کرتے۔

از تحریر: محمد علی سلیمانی، ڈیرہ اسماعیل خان

صداقت آلِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مستقبل کے آئینہ میں

یہ انسانی فطرت ہے کہ کسی کمال کے حامل افراد کی طرف اس کا جھکاؤ زیادہ ہوتا ہے اور جہاں اللہ تعالیٰ کسی کے کسی کمال کی تعریف و توصیف کردے تو قرآنی اصطلاح میں انہیں آلِ محمدؐ کہا جاتا ہے۔ آلِ محمدؐ کا سب سے بڑا کمال ان کا علم اور اُن کی صداقت ہے۔ علم کا کمال یہ کہ اللہ نے انہیں رسولؐ کی رسالت کا گواہ قرار دیدیا۔

قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ نے کونو مع الصادقین فرما کر نورانی ہستیوں کے ساتھ تمسک کرنے کا حکم دیا ہے۔ خوش نصیب ہوتے ہیں ایسے انسان جو خدا کے پاکیزہ و نورانی ہستیوں کے دامن سے متمسک ہو کر راہ نجات پا جاتے ہیں۔ محمدؐ و آل محمدؐ ہی وہ گھرانہ ہے جنہوں نے اپنے ساتھ ہر متمسک ہونے والے کو فوز عظیم کی خبر سنائی' کائنات اِدھر سے اُدھر ہو سکتی ہے مگر محمدؐ و آل محمدؐ کا فرمان کبھی جھوٹا نہیں ہو سکتا۔ ظہور امام زمانہ کے بارے جو جو حالات مستقبل کے بارے اُنھوں نے بیان فرمایا کیا مجال کہ اُن سے ذرہ بھر بھی اِدھر اُدھر حالات ہو رہے ہوں ملاحظہ فرمایئے اور لمحہ فکریہ ہے ہر قاری کیلئے کہ وہ محمدؐ و آل محمدؐ کی صداقت کا کرشمہ دیکھے:

(۱) حضور پاکؐ نے فرمایا: کہ امام مہدیؑ کے ظہور سے پہلے عورتیں حکومت کریں گی۔ عورتیں اپنے شوہروں کے ساتھ روزی کمانے میں شریک ہونگی۔ عورتیں سواری کریں گی۔

(۲) عورتوں کے بال اونٹ کی کوہان کی طرح کے ہونگے۔

(۳) عورتیں کپڑے پہنے ہونگی اُس کے باوجود عریاں ہونگی وہ زینت کر کے باہر نکلا کریں گی۔

(۴) افسوس ہے مغرب کے لمبے بالوں والے نوجوانوں پر جو اپنا مشغلہ ناچ اور گانا بنائیں گے اور جن سے متاثر ہونے والے مغرب و مشرق تک کے بہت سے فرد ہونگے۔

(۵) حضرت علیؑ نے فرمایا: ظہور امام مہدیؑ کے قریب عورتیں منبر یعنی سٹیج یا میز پر جائیں گی اور تقریریں کریں گی۔

(۶) قاری فاسق ہونگے' بیوقوف آدمی تفریح کے لئے استعمال ہونگے۔ مسجدیں خوبصورت ہونگی۔ منارے بلند ہونگے۔ بڑی بڑی عمارتیں تعمیر ہونگی۔ قہوہ کی مختلف اقسام کا استعمال بڑھ جائے گا۔

(۷) گانے بجانے کے آلات عام ہو جائیں گے۔ لوگ انہیں ہاتھ میں اُٹھائے پھریں گے۔ مکے مدینے میں آلات غنا ظاہر ہو جائیں گے اور کوئی منع کرنے والا نہ ہوگا۔

(۸) لوگ روایت ہلال میں اختلاف کرینگے یہاں تک کہ ماہِ رمضان کی پہلی کو روزہ نہ رکھیں گے اور عید کے دن روزہ سے ہونگے۔

(پاکستان میں اس کی مثال گزشتہ ۳' ۴ رمضان واضح ثبوت ہیں)

(۹) حکومت کے بارے میں فوجوں اور اہل یمن کے درمیان اختلاف ہوگا۔

(۱۰) امام جعفر صادقؑ نے فرمایا: جب تم دیکھو کہ لہو ولعب کیلئے جگہیں بنائی گئی ہیں اور لوگ وہاں آتے جاتے ہیں۔ ایک انسان دوسرے انسان کو روکنے کی جرأت نہیں رکھتا' جب تم دیکھو کہ صاحبانِ اقتدار کھانے پینے کی چیزوں کی ذخیرہ اندوزی کر رہے ہیں' شراب سے علاج کیا جا رہا ہے اُس وقت جان لو کہ رحمت خدا محسنین کے ساتھ ہے اور نزدیک ہے ظہور امام مہدیؑ۔

(۱۲) شام کا فتنہ بچوں کے کھیل کی طرح ناپائیدار ہوگا ایک طرف سے ختم ہوگا دوسری طرف سے اُبھرے گا اِس کی کوئی انتہا نہ ہوگی یہاں تک کہ آسمان سے کسی کے امیر ہونے کی نداء آئے۔

(۱۳) عربوں سے حکومت چھن جائے گی اور دوسرے لوگ اُن پر غالب آجائیں گے۔

(۱۴) ماہِ رمضان کی ۲۳ ویں رات کو منادی نداء کریگا کہ صاحب الزمان ظاہر ہو گئے ہیں۔ حدیثوں میں ہے کہ ہر زبان والا اُسے اپنی زبان سمجھے گا۔

نظراتِ سیّارگان کے عملیات برائے ماہِ فروری 2019ء

آسمانی کونسل میں نظراتِ سیارگان کی عملیات وتعویذات کی تیاری میں ایسے ہی اہمیت رکھتی ہے جیسے جسم میں روح کی ہو۔ مندرجہ ذیل اوقات تربیع میں نحس اعمال جبکہ تسدیس، تثلیث اور قران (بشرطیکہ قران نحس کواکب کا نہ ہو) میں سعد اعمال کیے جاتے ہیں۔
قارئین آئینہ قسمت! چند سال سے آپ نے اِس کالم میں تبدیلی محسوس کی ہوگی۔ نظر سیارگان کی اِبتداء، انتہا اور خاتمہ کے اوقات بن عملیات میں شامل کر کے ہم نے عاملین، شائقین عملیات کیلئے آسانی پیدا کر دی ہے۔ اب یہ اُلجھن ختم ہوگئی کہ فلاں سیارے کی نظر کب بن کر کب ختم ہوگی۔ اب عملیات کی تیاری میں پورے پورے وقت سے اِستفادہ کیا جا سکتا ہے۔ نقشہ ساعت (جو نیچے درج ہے) سے جو ہر دن طلوع آفتاب سے شروع ہوتی ہے، اپنے شہر کے طلوع آفتاب سے متعلقہ ستارے کی ساعت دیکھ کر اس ساعت میں تیار کیا گیا عمل اور بھی مؤثر ہو جاتا ہے۔ سالنامہ زنجانی جنتری **2019**ء میں بھی ہم نے اہم سالانہ نظرات سیارگان تفصیلی درج کیے ہیں۔ ہماری خدمت باعث فخر بھی بن سکتی ہے، جب آپ وقتاً فوقتاً اپنے تبصروں سے نوازتے رہیں۔ **عامل شاہ زنجانی**

کسی بھی عمل کی ابتداء سے پہلے **2** رکعت نماز اجمالاً ہدیہ روح حضرت رسالت پناہ ﷺ مع سائر انبیاء، عظامؑ اور اولیاء کرامؒ پڑھیں۔ پھر مخصوص بہ نیت رجال الغیب مردان خدا جس سمت یہ اس روز کھڑے ہوں، اُن کی طرف باادب رُخ کر کے دائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی اُس سمت کھڑی کر کے درج ذیل دعا مع ایک بار بسم اللہ شریف پڑھ کر سات بار پڑھیں۔ رجال الغیب کی تواریخ کا چارٹ حسب ذیل ہے۔ عمل کرتے وقت رجال الغیب کی جانب اپنی پشت رکھیں۔

جنوب مشرق 24`16`09`01	جنوب مغرب 25`17`10`02	جنوب 26`18`11`03	مغرب 27`19`12`04
شمال مغرب 00`20`13`05	شمال مشرق 28`21`00`06	مشرق 29`22`14`07	شمال 30`23`15`08

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا رِجَالُ الْغَیْبِ وَیَا اَرْوَاحُ الْمُقَدَّسَۃ اَعِیْنُوْنِیْ بِقُوَّۃٍ وَانْظُرُوْنِیْ بِنَظْرَۃٍ یَا رُقَبَاء یَا نُقَبَاء یَا نُجَبَاء یَا اَبْدَال یَا اَوْتَاد یَا قُطْب یَا غَوْث اَعِیْنُوْنِیْ بِحُرْمَۃ مُحَمَّد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْن

روحانی ماہنامہ آئینہ قسمت میں تمام اعمال نیک نیتی کی بناء پر عاملین وقارئین کے استفادہ کیلئے دیئے جاتے ہیں۔ جائز کام میں تو اللہ اور اس کا رسول بھی مدد کرتے ہیں۔ ناجائز عمل کرنے سے باز رہیں، ورنہ سخت رجعت بھی ممکن ہے۔ بہر حال جب بھی کوئی عمل کریں تو لازم ہے کہ عمل کی رجعت سے بچنے کیلئے **6** کلو چینی، ایک کلو سوجی یا بارہ کلو باجرہ، دو کلو چاول اپنے سر سے وار کر رکھ لیں۔ بعد از عمل استعمال سے پہلے کسی بھی قبرستان جا کر عامل شاہ زنجانی کا اور اپنا اہل قبور کو سلام عرض کریں اور فاتحہ کوانی کر کے درختوں کی جڑوں میں حشرات الارض کو صدقہ ڈال دیں اور صدقہ ڈالنے کے بعد پیچھے مڑ کر نہ دیکھیں۔ یہ صدقہ صرف ایک عمل کیلئے ہے، دوسرے عمل کیلئے علیحدہ صدقہ دیں۔

ساعات کی ترتیب آپ کے شہر کے طلوع آفتاب سے شروع ہوتی ہے۔

شمار	پہلی								دوسری							تیسری							چوتھی	
دن	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴
اتوار	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
پیر	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
منگل	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
بدھ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
جمعرات	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
جمعہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
ہفتہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ

تسدیس عطارد مشتری

تسدیس عطارد مشتری:۔اس سعد وقت کی ابتداء 03 فروری 11 بجکر 52 منٹ، مکمل نظر 04 فروری 02 بجکر 54 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 04 فروری 17 بجکر 52 منٹ پر ہوگا۔ طلبہ کی ذہانت بڑھانے حصول علم وفن ہر قسم کیلئے سورۃ طٰہٰ کا خالی البطن نقش دو نفل حاجت کے ادا کر کے باپرہیز پاس رکھیں۔

۷۸۶		
۳۳۲۷۳	۲۶۶۱۹۱	۹۹۸۱۹
۱۶۶۳۶۵	یہاں مقصد لکھیں	۲۳۲۹۱۸
۱۹۹۶۴۵	۱۳۳۰۹۲	۶۶۵۴۶

تسدیس زہرہ زحل

تسدیس زہرہ زحل:۔اس سعد وقت کی ابتداء 07 فروری 01 بجکر 21 منٹ، مکمل نظر 08 فروری 05 بجکر 32 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 09 فروری 09 بجکر 40 منٹ پر ہوگا۔ ہمت و حوصلہ بڑھانے اور روحانیت کھولنے کیلئے سورۃ فاتحہ کا نقش لکھ کر باپرہیز پاس رکھیں۔

۷۸۶		
۷۸۸	۶۳۰۹	۲۳۶۴
۳۹۴۰	یہاں مقصد لکھیں	۵۵۲۱
۴۷۳۳	۳۱۵۲	۱۵۷۶

تسدیس عطارد مریخ

تسدیس عطارد مریخ:۔اس سعد وقت کی ابتداء 07 فروری 09 بجکر 01 منٹ، مکمل نظر 08 فروری 06 بجکر 24 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 09 فروری 03 بجکر 41 منٹ پر ہوگا۔ جاری کاموں کو قائم رکھنے، کاروباری

اُمور الغرض ہر قسم کی ترقی کیلئے نقش نادِ علیؑ باپرہیز پاس رکھیں۔

قران زہرہ زحل

قران زہرہ زحل:۔اس سعد وقت کی ابتداء 17 فروری 17 بجکر 26 منٹ، مکمل نظر 18 فروری 15 بجکر 52 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 19 فروری 14 بجکر 14 منٹ پر ہوگا۔ زوجین، مرد و زن میں یا دوستوں میں محبت قائم کرنے کیلئے سورۃ یوسف کے خالی البطن نقش سے فیض حاصل کریں۔

۷۸۶		
۴۱۹۹۸	۳۳۵۹۸۸	۱۲۵۹۹۴
۲۰۹۹۹۰	یہاں مقصد لکھیں	۲۹۳۹۹۰
۲۵۱۹۹۲	۱۶۷۹۹۲	۸۳۹۹۶

تسدیس عطارد زحل

تسدیس عطارد زحل:۔اس سعد وقت کی ابتداء 19 فروری 15 بجکر 5'7 منٹ، مکمل نظر 20 فروری 07 بجکر 39 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 20 فروری 23 بجکر 43 منٹ، پر ہوگا۔ برائے حل المشکلات ہر قسم کیلئے نقش نادِ علیؑ لکھ کر باپرہیز پاس رکھیں۔

۱۵۹۶	۱۶۰۹	۱۶۰۶	۱۶۰۳
۱۶۰۷	۱۶۰۲	۱۵۹۷	۱۶۰۸
۱۶۰۱	۱۶۰۴	۱۶۱۱	۱۵۹۸
۱۶۱۰	۱۵۹۹	۱۶۰۰	۱۶۰۵

تربیع عطارد مشتری

تربیع عطارد مشتری:۔اس نحس وقت کی ابتداء 22 فروری 07 بجکر 29 منٹ، مکمل نظر 23 فروری 01 بجکر 39 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 23 فروری 20 بجکر 44 منٹ پر ہوگا۔ حاسدین، مخالفین کی املاک کو نقصان پہنچانا ضروری ہو تو سورۃ لہب کا خالی البطن نقش کو ساعت زحل میں احاطہ قبور میں دفن کریں۔ ناجائز ہرگز نہ کریں۔

۷۸۶		
۴۸۵	۲۸۸۶	۱۴۵۵
۲۴۲۵	یہاں مقصد لکھیں	۳۴۰۱
۲۹۱۶	۱۹۴۰	۹۷۰

تسدیس شمس مریخ

تسدیس شمس مریخ:۔اس سعد وقت کی ابتداء 25 فروری 07 بجکر 22 منٹ، مکمل نظر 28 فروری 07 بجکر 32 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 03 مارچ 07 بجکر 49 منٹ پر ہوگا۔ برائے تسخیرِ خلق افسران بالا کیلئے سورۃ یوسف کے خالی البطن نقش کو ساعت شمس میں لکھ کر پاس رکھیں۔

۷۸۶		
۴۱۹۹۸	۳۳۵۹۸۸	۱۲۵۹۹۴
۲۰۹۹۹۰	یہاں مقصد لکھیں	۲۹۳۹۹۰
۲۵۱۹۹۲	۱۶۷۹۹۲	۸۳۹۹۶

برائے حل المشکلات

لوحِ امامِ حُسین علیہ السلام

عملِ خاص 3 شعبان المعظم

از تحریر: گلفام حسین ہاشمی

حضرت امام حسین علیہ السلام تین شعبان ۴ ہجری کو مدینہ منورہ میں پیدا ہوئے۔ آپ کے نانا نے ہی آپ کا نام حسینؑ رکھا۔ عام قاعدہ ہے کہ بچہ جو کہ صرف چھ ماہ کا پیدا ہو زندہ نہیں رہا کرتا مگر اب تک صرف دو اشخاص دُنیا میں ایسے پیدا ہوئے جو کہ بجائے نو ماہ میں پیدا ہونے کے چھ ماہ کے پیدا ہو کر زندہ رہے۔ ایک حضرت یحییٰ پیغمبر علیہ السلام اور دوسرے حضرت امام حسین علیہ السلام ہیں۔ عرب میں قریش سب سے افضل اور بہترین قبیلہ مانا جاتا تھا۔ اور قریش قوم کا سردار اور فخر بنی ہاشم کا خاندان تھا۔ کیونکہ خانہ کعبہ کا متولی یہی خاندان تھا۔ اللہ کے رسول اسی خاندان سے تھے۔ اور حسینؑ کے نانا تھے اللہ کے رسولؐ کو امام حسینؑ سے بے حد محبت تھی۔ اس محبت میں بھی ایک مقصد اور راز تھا۔ اُمت کو نمونہ دینا تھا اور سبق سکھانا تھا۔

حدیث مبارکہ میں ہے کہ

حسین علیہ السلام مجھ سے ہے اور میں حسین علیہ السلام سے ہوں

حسینؑ مجھ سے ہے یہ تو دینوی رشتہ سے ظاہر ہے کہ آپؐ نانا تھے۔ میں حسینؑ سے ہوں۔ سے مطلب رُوحانی تعلق ہے حضرت محمدؐ اکثر فرمایا کرتے تھے۔ کہ حسینؑ جوانان جنت کا سردار ہے۔ اور حدیث کیساء میں فرمایا! ''عَلَيْكَ السَّلَامُ يَاوَلَدِیْ وَيَاشَافِعَ اُمَّتِی'' ولادت امام حسینؑ کے وقت ایک فرشتہ فطرس مجروح تھا۔ مولاؑ کے گنوارے میں گیا تو شفاء ملی۔ ہمیں قرآن سے حضرت نوحؑ کا واقعہ بھی ملتا ہے کہ جب حضرت نوحؑ تبلیغ کرتے تھے تو ردِعمل میں لوگ انہیں اس قدر پتھر مارتے تھے کہ حضرت نوحؑ زخمی ہو کر اُن پتھروں میں چھپ جاتے تھے اور رات کو حضرت جبرائیلؑ آ کر پروں کے ذریعے سے انہیں باہر نکالتے تھے اور اپنے پروں کو اُن پر پھیرتے تھے اور حضرت نوحؑ تندرست ہو جاتے تھے۔

اس واقعہ کو ایک شاعر نے یوں لکھا ہے۔

سنگ باری سے اگر کوئی نبیؑ زخمی ہو
اُس کو پر ہائے ملائک سے دواء ملتی ہے
کوئی معذور ہو مُجروح فرشتہ شوکت
اُس کو شبیرؑ کے جھولے سے شفاء ملتی ہے

لوح امام حسین علیہ السلام یہ ہے

۷۸۶

حسین علیہ السلام	۳۳۹	۷۶	۱۰۱۹
۷۷	۱۰۱۸	۱۲۹	۳۳۸
۱۰۱۷	سید	الشہداء	۱۳۰
۳۴۰	۱۳۱	مظلوم	۷۵

اگر بیمار کے لیے لوح تیار کریں تو نقش کے نیچے یہ لکھنا ہے
بحق نقش امام حسینؑ (فلوں بیماری) ختم شود و شفاء فلوں بن فلاں حاصل کندا لعجل العجل العجل الساعتہ الساعتہ الوحًا الوحًا الوحًا۔

لوح حضرت امام حسینؑ ہمہ قسم کی بندش دُور کرتی ہے ایسے لوگ جن کی دُنیا عزت نہیں کرتی اگر لوح پاس رکھیں تو خاندان عزیز واقارب اور اپنے حلقہ احباب میں عزت وتوقیر بڑھ جاتی ہے کیونکہ یہ لوح سریع العزت ہے اگر کوئی بہو بیٹی لوح اپنے پاس رکھے تو سسرالی لوگوں کی آنکھوں کا تارا بنے۔ شادی بیاہ میں رکاوٹ کو دُور کرتی ہے کاروبار و ملازمت میں ترقی ہوتی ہے قرض کی واپسی اور وصولی کے اسباب پیدا ہوتے ہس مقدمات میں کامیابی اور بیرون ملک جانے کے اسباب پیدا ہوتے ہیں بیمار کو شفاء ملتی ہے۔ غرضیکہ کے ہر طرح کی ناکامیاں کامیابیوں میں تبدیل ہو جاتی ہیں حتیٰ کہ حامل لوح تھوڑے ہی عرصے میں عروج و کمال حاصل کر لیتا ہے۔ اس لوح کو 3 شعبان نماز فجر کے بعد دو رکعت نماز حاجت حضرت امام حسینؑ پڑھ کر تحریر کریں۔ اس لوح کو زعفرانی روشنائی سے تحریر کر کے تہہ کریں۔ اور سرخ رنگ کا کاغذ یا ریشمی کپڑا لپیٹ کے خوشبو لگا کر اپنے پاس رکھیں۔ اب روزانہ نماز فجر یا عصر کے بعد 11 مرتبہ زیارت حضرت امام حسینؑ پڑھ کر خدائے بزرگ برتر کو حضرت امام حسینؑ کی مظلومیت کا واسطہ دیکر عاجزی و انکساری سے گڑگڑاتے ہوئے دُعا کریں۔ انشاء اللہ بہت جلد اپنے مقصد کو پاؤ گے۔ میں نے ہر بات وضاحت سے تحریر کر دی ہے۔

از تحریر: سید قاسم علی نقوی العسکری، سیالکوٹ

اسمائے اعظم بحساب ابجد 28 حروف

اپنے نام کا پہلا حروف اور نام کے کل حروف کی تعداد معلوم کریں پھر اس جدول سے اسمائے اعظم تلاش کریں جس کے اعداد آپ کے نام کے برابر ہوں نام کے اعداد کو استظاق کر کے جو عدد آئے اس کے مطابق اتنے دن ورد کریں۔

مثال:۔ فیضان رضا اعداد بحساب ابجد قمری

1942=1+800+10+80+1+800+200+50

استظاق 2+4+9+1 = 16 نام کا پہلا حروف ''ف''

اسمائے اعظم ''یَافَتّاحُ'' اعداد 489

''مُتَضَفِّلُ'' اعداد 1350

''مُتجیُ'' اعداد 103

میزان 1942

اب فیضان رضا جس کا اسم اعظم ''یَافَتّاحُ یَا مُتَضَفِّلُ یَا مُتجیُ'' کا ورد 16 دن ہر روز 1942 مرتبہ ورد کر کے اپنے مقصد کو پا لے گا۔

اسمائے اعظم بحساب حروف ابجد اور اعداد کی تعداد

ا:۔ اَللّٰہُ 66 اَوّلُ 37 اَحدُ 13 آخِرُ 801

ب:۔ بَاطِنُ 62 بَاسِطُ 72 بَادِیُ 17

ج:۔ جوّادُ 14 جبّارُ 206 جَلیلُ 73 جَابرُ 206 جَمِیلُ 83

د:۔ دِیانُ 65 دَائِمُ 55 دَلِیلُ 74

ہ:۔ ھَادِیُ 20

و:۔ وَلیُّ 46 وَاحِدُ 19 وَھَابُ 14 وَارِثُ 707 وَاسِعُ 137 وَکِیلُ 66

ز:۔ زَکیُّ 37

ح:۔ حَیُّ 18 حَسِیبُ 80 حَافِظُ 989 حَقُّ 108 حَکِیمُ 78 حَلیمُ 88 حَمِیدُ 62

ط:۔ طَاھِرُ 215 طَالِبُ 42

ی:۔ یٰسیٓن 131 یَاسِرُ 364

ک:۔ کرِیمُ 270 کَافِیُ 111 کَبِیرُ 232 کَفِیلُ 140

ل:۔ لَطِیف 129

م:۔ مُومِنُ 136 مُھَیمَنُ 145 مُتکَبّرُ 662 مُعِزُ 1040 مَاجِدُ 48 مَالِكُ 91 مَجِیدُ 57 مَنّانُ 141 مُتعَالُ 541 مُحصُ 148 مُبدیُ 56 مُعِیدُ 124 مُذِلُ 770 مُصَوِّرُ 336 مُعطِیُ 129 مُقتدرُ 744 مُقِّیمُ 184 مَتِینُ 500 مقیتُ 550 مُجِیدُ 57 مُمِیتُ 490

ن:۔ نُورُ 256 نَافِعُ 201 نَاصِرُ 341 نَصِیرُ 350

س:۔ سَمِیعُ 180 سَلَامُ 131 سَتّارُ 661 سَرِیعُ 340 سَیّدُ 74 سَبُوح 76

ع:۔ عَلیمُ 150 عَظِیمُ 1020 عَلیُ 110 عَدَلُ 104 عَزِیزُ 94 عَلّامَ الغیوب 1189

ف:۔ فَتّاحُ 489

ص:۔ صَمَدُ 134

ق:۔ قَادِرُ 305 قَدِیرُ 314 قَیُّومُ 156 قدیم 154 قَھّارُ 306 قَابِضُ 903

ر:۔ رَبُّ 202 رَشِیدُ 514 رَقِیبُ 312 رَزّاقُ 308 رَحمٰنُ 299 رَحِیمُ 258 رَافِعُ 350

ش:۔ شَکُورُ 526 شَھِیدُ 319 شَافِیُ 391 شَدِیدُ العِقَابُ 522

ت:۔ تَوّابُ 409

ث:۔ ثَابِتُ 903

خ:۔ خَالِقُ 731 خَبِیرُ 812

ذ:۔ ذَالجَلالِ وَالاکرام 1101 ذُوالعَرشُ 1307 ذَاکِرُ 921 ذُوالمنتِنِ 877 ذِی القُوّۃِ المَتِینُ 1743 ذواطّولُ 782 ذَارِیُ 911 ذُوالمَعارِجُ 1051 ذِیشَانُ 1061 ذُوالرّحمَتِہُ 1385 ذوانتقامُ 1298 ذُومَغفرۃ 2031

ض:۔ ضَارُ 2001

ظ:۔ ظَاھِرُ 1106

غ:۔ غَفورُ 1286 غَافِرِ الذّنوب 2070 غیاثُ 1571 غوثُ 1506 غَفورُ الرّحیم 1575 غیاثَ المُتقِین 3602

شرح وخواص کلمہ مبارکہ "بسم اللہ الرحمٰن الرحیم"

عمل نمبر1:۔ برائے شر شیطان، خواب میں ڈر جائے یا ڈراؤنے خواب آئیں، یا رات کو چوری چکاری کا خطرہ ہو، حفظ و امان کے لئے "بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ" کو 21 مرتبہ پڑھ کر سو جائے ڈراؤنے خواب یا چوری چکاری کا کوئی خطرہ نہ ہوگا۔

عمل نمبر2:۔ اگر دل میں خوف ہو یا پریشانی لاحق ہو دل میں خوف (TERNTION) ٹینشن اور بے چینی ہو، نیند نہ آئے یا بے سکونی ہو تو "بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ" کو 50 مرتبہ پڑھ کر پانی پر دَم کرکے پی لے سکون نصیب ہوگا۔

عمل نمبر3:۔ اگر بدن میں کسی حصہ میں درد ہو تو "بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ" کو 3 دن بلاناغہ 100 مرتبہ پڑھ کر جسم پر یا جائے درد پر دَم کرے تو درد فوراً بند ہوگی اور مکمل آرام نصیب ہوگا۔

عمل نمبر4:۔ اگر کان درد، دانت درد یا کمر درد کرے یا مرگی کا دورہ پڑے یا سر درد ہو تو "بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ" کو 41 مرتبہ پڑھ کر جائے درد پر دَم کرے۔ درد سے سکون ملے گا۔

عمل نمبر5:۔ مفلسی، غریبی اور روزی کی کمی دُور کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ نامعلوم وسائل کے ذریعے مدد کرے گا اور آپکو غنی کردے گا۔ اگر کسی مصیبت میں گرفتار ہو جائے تو مصیبت سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لئے "بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ" 3 دن 3 رات بلاناغہ 1000 مرتبہ پڑھے پریشانی، مفلسی اور مصیبت سے چھٹکارا حاصل ہوگا۔

عمل نمبر6:۔ اگر کوئی ناحق قید ہو جائے یا ناحق ظلم کا شکار ہو جائے تو "بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ" کو 11 دن 1200 سو مرتبہ ورد کرکے دُعا مقصد کی مانگے رہائی نصیب ہوگی اور مصیبت سے نجات ملے گی۔

عمل نمبر7:۔ کسی بھی مشکل کے لئے، بیماری کے لئے، کسی بھی حاجت کے لئے، رشتوں کی بندش کے لئے رزق کی بندش کے لئے، کاروباری بندش کے لئے بالخصوص دوکان پر کوئی گاہک نہ آئے، مایوسی کو خوشیوں میں بدلنے کا مجرب عمل:

ا:۔ 6 رکعت نماز 3 تین سلام کے ساتھ۔

ب:۔ ہر رکعت میں بعد سورۃ حمد 500 مرتبہ "بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ" خاتمہ نماز کے بعد منہ قبلہ رُخ کرکے اپنی حاجت بتوسل محمد ﷺ و آل محمدؐ ربِ کائنات کے حضور پیش کریں۔ اور درج ذیل دُعا پڑھیں اوّل و آخر 11-11 مرتبہ درود شریف پڑھیں حاجت طلب کرنے سے پہلے صدقہ ربّ کے حضور پیش کرکے پرندوں، کیڑے مکوڑوں، مچھلیوں اور کُتے بلیوں کو اور چیلوں کوؤں کو ڈالیں۔

دُعا یہ ھے:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُكَ بِفَضۡلِ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ وَ اَسۡئَلُكَ بِعَظۡمَةِ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ وَ اَسۡئَلُكَ بِجَلَالِ وَ ثَنَاءِ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ وَ اَسۡئَلُكَ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ بِحُرۡمَتِہٖ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ وَ بِجَبَرُوۡتِ وَ مَلَكُوۡتِ وَ كِبۡرِیَاءِ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ وَاَسۡئَلُكَ بِعِزَّةِ وَ قُوَّةِ وَ قُدۡرَةِ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَن یّرفَعَ قَدرِی وَ یَسرِ اَمرِیِ وَ اَجرو کَسرِ وَ اَغنِ فَقُری وَ تفضِی حَاجَتِی بِفَضلِك وَ کَرَمك وَ اَحسَانِك یَا مَن هُوَ کهٰیٰعٰصٓ حٰمٓعٓسٓقٓ الٓمٓ المرّٰ یٰسٓ الْاسمِ الْاعظمِ اَللّٰهُ لَآاِلٰهَ اِلاَّهُوَالحیُّ القیومُ الْعَلِیُّ العَظیمُ اِلْاَکرَمُ ذوالجَلالِ وَالْاکراه۔ وَ اَسئَلُك بِجَلَالِ الهیبَةِ وَ بِعّزِةِ وَ اَسئَلُك بِرَحمَتِك وَ بِالکَرِیاءِ الْعَظمَةِ وَ بِالْجَبَرُوتِ الْقُدرَةِ اَنَ تَجعَلِنِي مِنَ الذّینَ لَاخوفُ عَلَیهِم وَ لَایَحزَنُونَ وَ اَسئَلُك بِدَوَامِ الْبقَاءِ وَ ضیاءِ النُورِ اَنْ تجعَلَنِي مِنَ الصَّالِحِینَ وَ اَسَئَلُك بحُسنِ الْبَهاءِ وَ شِرُاق وَ جَهك الْکَریم اَنْ تدخلنِی بِرَحمتِك فِي جَنّاتِ النَعِیم یَا رَبُّ العَالمِینَ بِرَحمتِك یَا اَرحَمَ الرَّاحمینَ وَ صَلیّ اللّٰهُ عَلیٰ سَیّدنا وَ نَبِینَا مُحَمَّدٍ وَ آلِهِ الطیّبینَ الطَاهِرِینَ۔

عمل نمبر8:۔ روزی کے لئے، مشکل کے لئے، کاروبار میں منافع ہو، نوکری یاملازمت کے لئے، علم میں کامیابی کے لئے، مقدمے میں کامیابی کے لئے، تمام دنیاوی حاجات کے لئے مجرب عمل ''بروز بدھ بعد نماز فجر شروع کریں۔ اوّل وآخر **41-41** مرتبہ درودشریف پڑھ کر اپنی جانو مال کا صدقہ دے کر عمل کا آغاز کریں۔ **786** عدد جمل کبیر کے مطابق بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ کا ایک ہی جگہ ایک ہی وقت مقررہ پر ورد کریں۔ پہلے دن پڑھائی کے ایک نقش زعفران، عرق گلاب، کیوڑہ کے ساتھ لکھیں۔

پشت پر بنائیں:

۱۸۹	۲۰۲	۱۹۹	۱۹۶
۲۰۰	۱۹۵	۱۹۰	۲۰۱
۱۹۴	۱۹۷	۲۰۴	۱۹۱
۲۰۳	۱۹۲	۱۹۳	۱۹۸

سامنے کی طرف بنائیں:

بسم	اللہ	الرّحمٰن	الرّحیم
الرّحیم	الرّحمٰن	اللہ	بسم
اللہ	بسم	الرّحیم	الرّحمٰن
الرّحمٰن	الرّحیم	بسم	اللہ

نقش سامنے رکھ کر عمل کریں۔ ہاتھ میں اُٹھا کر خضوع اور خشوع سے مقصد کی کامیابی کے لئے دُعا کریں۔

1:۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ؕ بِسم اللّٰهِ وَ بِاللّٰهِ وَ عَلیٰ سُنَّةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَ آلِهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلیٰ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلیتَ عَلیٰ اِبراهِیمَ وَ بَارِكْ عَلَیهِم کَمَا بَارَکتَ عَلَیهِ وَ تَرحَم عَلَیهِمُ کَمَا تَرحمتَ اِنَّكَ حَمِیدٌ مَجِید یَا رَبُ۔ تمام سال بروز بدھ اپنے ورد میں رکھے اوّل وآخر **11-11** مرتبہ محمدؐ وآلِ محمدؐ پر درود پڑھے اور دُعا مانگے۔ (بحوالہ چشم رستعارے صفحہ **38** عبدالباسط شہیب زادگان قم ایران)

2:۔ عمل برائے روزی رزق حلال و دفع بلیّات وآفات زمانہ بروائیت حضرت امام جعفر صادقؑ عمل بعدازنماز فجر اوّل وآخر **11-11** مرتبہ درودشریف پڑھ کر یہ دُعا اپنے عمل میں بلاناغہ ہمیشہ جاری رکھیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ؕ یَارَازِقُ المُتقِینَ یَا ذَالْقُوّةِ الْمَتِین یَا وَلیَّ الْمُومنینَ یَا دَیّانَ یَومَ الدّینَ یَا اَرحَمَ الرَّاحِمینَ یَارَاحِمَ الْمَساکینَ اِغفِرَلی وَ ارحَمِی وَ اَغنِنِي مِنَ الْفَقرِ وَ صَلیَّ اللّٰهُ عَلَی مُحَمَّدٍ وَ آلِهِ اَجمَعِین ؕ

(بحوالہ چشم رستعارے صفحہ **39** عبدالباسط شہیب زادگان قم ایران)

3:۔ عمل بعدازنماز فجر اوّل وآخر **11-11** مرتبہ درودشریف پڑھ کر **100** مرتبہ درج ذیل کلام کو خلوص نیت سے ورد کریں۔ ''لَا اِلٰهَ اِلاَّ اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِین ؕ''

(بحوالہ چشم رستعارے صفحہ **40** عبدالباسط شہیب زادگان قم ایران)

از تحریر: قیصر احمد بی۔اے، کراچی

فتح نامہ

سات سلام کیوں؟

برسہا برس سے سینکڑوں کتابوں، مختلف رسائل و مجموعہ اوراد و وظائف میں یہ پڑھتا چلا آرہا ہوں کہ " ہفت سلام" (سات سلام) ہیں۔ میں نے جب قرآن مجید کا بہت ہی انہماک سے مطالعہ کیا تو مجھے "ہشت سلام" ملے۔ اس سے معلوم ہوا کہ ہم لوگ لکیر کے فقیر رہے اور دوسرے علماء و عاملین نقل در نقل " ہفت سلام" ہی لکھتے رہے۔ یعنی مکھی پر مکھی بٹھاتے گئے کسی کو یہ توفیق و ہمت نہ ہوئی کہ ہم تحقیق و جستجو کر کے دیکھیں کہ سلام کل کتنے ہیں؟ جس نے بھی لکھا " ہفت سلام" ہی لکھا۔ جبکہ قرآن مجید میں آٹھ سلام "ہشت سلام" کا ذکر ہے۔ آٹھ سلام قرآن مجید کی روشنی میں دلائل کے ساتھ ملاحظہ فرمائیں۔

(۱) سَلٰمٌ قَوۡلًا مِّنۡ رَّبٍّ رَّحِیۡمٍ ○

(یسین آیت ۵۸ و مالی پارہ نمبر ۲۳ اعداد ۸۱۸)

(۲) سَلٰمٌ عَلٰی نُوۡحٍ فِی الۡعٰلَمِیۡنَ ○

(الصّٰفّٰت آیت ۷۹ و مالی پارہ نمبر ۲۳۔ اعداد ۲۲۸)

(۳) سَلٰمٌ عَلٰۤی اِبۡرٰهِیۡمَ ○

(الصّٰفّٰت آیت نمبر ۱۰۹ و مالی پارہ ۲۳، اعداد ۵۰۱)

(۴) سَلٰمٌ عَلٰی مُوۡسٰی وَ هٰرُوۡنَ

(سورۃ الصّٰفّٰت آیت ۱۲۰ و مالی پارہ ۲۳ اعداد ۷۲۲)

(۵) سَلٰمٌ عَلٰۤی اِلۡ یَاسِیۡنَ ○

(سورۃ الصّٰفّٰت ایت ۱۳۰ و مالی پارہ ۲۳ اعداد ۴۰۴)

(۶) سَلٰمٌ عَلَی الۡمُرۡسَلِیۡنَ ○

(سورۃ الصفت آیت ۱۸۱ و مالی پارہ ۲۳، اعداد ۲۶۲)

(۷) سَلٰمٌ علیکم طبتم فادخلوھا خلدین ○

(سورۃ المومن آیت ۷۳ فمن اظلم ۲۴ پارہ، اعداد ۲۱۷۴)

(۸) سَلٰمٌ هِیَ حَتّٰی مَطۡلَعِ الۡفَجۡرِ ○

(سورۃ القدر آیت ۵، عم ۳۰ پارہ، اعداد ۱۰۲۸)

کل اعداد: ۶۸۴۲

نقش فتح نامہ

الحق ۷۸۶ قوله

۱۷۱۰	۱۷۱۳	۱۷۱۶	۱۷۰۳
۱۷۱۵	۱۷۰۴	۱۷۰۹	۱۷۱۴
۱۷۰۵	۱۷۱۸	۱۷۱۱	۱۷۰۸
۱۷۱۲	۱۷۰۷	۱۷۰۶	۱۷۱۷

وله ۷۸۶ الملک

ہشت سلام کے خواص و فوائد

جب بھی کوئی مسئلہ درپیش ہو اور غیر معمولی حالات کا شکار ہوں تو بلا سوچے سمجھے تعویذ گنڈوں اور پیر، فقیروں کے پیچھے بھاگنے کے بجائے فی الفور اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرنا چاہئے اور اپنے اعمال کا جائزہ لینا چاہئے اور توبہ و استغفار کرنا چاہئے اور مندرجہ بالا "فتح نامہ" سے فائدہ حاصل کرنا چاہئے۔ یہ فتح نامہ آٹھ سلاموں پر مشتمل ہے اور اس کے مندرجہ ذیل خواص و فوائد ہیں۔

(۱) اس نقش "فتح نامہ" کو جو بھی لکھ کر اپنے گلہ میں ڈالے گا وہ اپنے ہر مقصد میں کامیاب ہوگا اور اپنی ہر دلی مراد پوری پائیگا انشاء اللہ تعالیٰ مثلاً شادی بیاہ، روزی، ملازمت، تسخیر خلائق، عزت، وقار، ترقی مراتب،

دشمن کو شکست فاش وغیرہ۔

(۲) دشمنوں کو ذلت وخواری وشکست فاش پہنچانے کیلئے چھ روز کا عمل ہے۔ ہر روز ہشت سلام **101** بار اول وآخر گیارہ گیارہ بار درود ابراہیمؑ پڑھیں۔خدا تعالیٰ کی مدد سے دشمن ذلیل وخوار ہونگے

(۳) جو شخص شرِ اعداء سے مکمل طور پر محفوظ رہنا چاہے تو روزانہ ۳۱۳ بار ہشت سلام پڑھے انشاءاللہ دشمنوں کے شر سے محفوظ رہے گا۔

(۴) زہریلا جانور کاٹے تو اس پر اثر نہ ہوگا۔

(۵) شادی کا نہ ہونا' بندش' رکاوٹ' بانجھ پن' ملازمت کا نہ ملنا' سحر وجادو اس کیلئے روزانہ ۱۰۱ بار ۴۰ یوم پڑھیں ایک نقش گلہ میں پہنیں اور ایک نقش زعفران سے لکھ کر روزانہ ۴۰ یوم پئیں۔

(۶) برائے کشف اسرار غیوب' پردہ غیب سے راز خداوندی معلوم کرنے کیلئے چالیس روز کا عمل ہے۔روزانہ ۱۶۷ مرتبہ ہشت سلام پڑھیں انشاء اللہ اسرارِ علم لدنی اور پردہ غیب سے راز ہائے خداوند کشاف غیوب ظاہر ہونگے۔

(۷)عزت'وقار'ترقی مراتب کیلئے روزانہ گیارہ مرتبہ ہشت سلام پڑھے۔

(۸) تنہائی' وحشت کی دُوری اور قید و بند' پھانسی سے نجات کیلئے روزانہ ۱۶۵ مرتبہ پڑھے۔

(۹) تمام مشکلات' مہمات اور جملہ دشواریوں کے حل کیلئے ''ہشت سلام'' بکثرت ورد کرنا اکسیر ہے۔

(۱۰) تسخیر خلائق اور جس مقصد کیلئے پڑھیں گے انشاء اللہ غیب سے سامان ہوگا اور کامیابی قدم چومے گی۔

(۱۱) جو شخص روزانہ ۱۰۱ مرتبہ ایک ہی نشست میں پڑھا کرے وہ اس کے عجیب وغریب اثرات دیکھے گا اور انشاء اللہ ہر کام میں کامیابی ہوگی زیادہ فوائد لکھنے سے قلم قاصر ہے اور جو بھی ان ''ہشت سلام'' کو روزانہ پڑھے گا وہ اپنی زندگی خوشی وخوشحالی سے گزارے گا۔یہ عمل جو بھی کریگا انشاءاللہ ضرور بہ ضرور کامیاب ہوگا۔اگر ان ''ہشت سلام'' کو خلوص کے ساتھ روزانہ پڑھا جائے تو یہ کبھی خطانہیں کرتے یہ عمل اکسیر مفت ہے۔

آج کل کے دور میں کالا جادو سحر جادو کی بندشیں اتنی نہیں ہوتی ہیں جتنی نورانی بندشی ہوتی ہی۔اس میں سورۃ الفیل کی بندش، سورۃ لہب کی بندش، سورۃ القارعۃ کی بندش اور نورانی بندشیں ہو جاتی ہیں اس کے توڑ کے لئے ایک عمل لکھتا ہوں عمل کا طریقہ مندرجہ ذیل ہے۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ الٰہی کھول جا، الٰہی کھول جا بحق یا حی یا قیوم کھول جا، بحق اسم اعظم کھول جاؤ بحق یا واسع یا وکیل کھول جاؤ بحق حضرت سلطان باہو سرکارؒ کھول جا، تمام جسمانی روحانی بیماریوں کی بندشیں کھول جا، نامردگی کی بندشیں کھول جا، شادی نکاح کی بندشیں کھول جا، بحق حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیریؒ بحق یا حق یا وکیل کھول جا۔یہ عزیمت روزانہ (**166**) مرتبہ بعد نماز عشاء پڑھیں۔دو چلّوں تک پڑھیں۔دو چلّوں کے بعد روزانہ تین مرتبہ پڑھیں۔اس کی برکت سے ہر قسم کی بندش کھلے گی اور یہ نقش نوچندی جمعرات کو دوپہر **1** سے **2** کے درمیان لکھ کر پاس رکھیں۔آخر میں مجھ گنہگار سیّد شعیب الرحمٰن شاہ اور میرے شہزادے سیّد محمد ابوعبداللہ شاہ اور آئینہ قسمت کے بزرگوں کے لئے دُعائے خیر فرمائیں۔

۱	۲۱۷۳۵	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۲۱۷۳۴
۶	۹	۲۱۷۳۷	۳
۲۱۷۳۶	۴	۵	۱۰

کرشماتِ صدری عملیات

تحریر و تحقیق: زوار ملک نیر عباس علوی

بندشِ کاروبار کا توڑ روحانی تحفہ

وَاللّٰهُ يَرْزُقُ مَنْ يَشَاءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ (سورۃ البقرہ آیت 212)

۷۸۶

اجب یا جبرائیل بحقِ یا اللہ

بسم	اللہ	الرّحمٰن	الرّحیم
الرّحیم	الرّحمٰن	اللہ	بسم
اللہ	بسم	الرّحیم	الرّحمٰن
الرّحمٰن	الرّحیم	بسم	اللہ

۳۰	۳۲	۳۸
۳۴	۳۷	۳۹
۳۶	۴۱	۳۳

الٰهی بحقِ علی ابن ابی طالب علیه السلام

فلاں بن فلاں کے رزق میں غیب میں وسعت عطا فرما۔ آمین

ہر قسم کی بندش سحر و جادو ٹونہ و آسیب ملیا میٹ فرما بحقِ یا رزاق

اپنا مجرب صدری عمل حاضر خدمت کر رہا ہوں امید ہے کہ پریشان حال مخلوقِ خدا اس روحانی تحفہ سے مستفید ہو سکیں گے ''یہ آپ کا در ہے کہ در نایاب'' جس کے ذریعے مخلوق خدا تک فری پہنچ رہے ہیں۔ جو احباب اس نقش سے فائدہ اُٹھانا چاہیں وہ روزانہ (1100) بار درود شریف ضرور پڑھیں۔

ترکیب عمل:۔ نوچندی جمعرات کو باوضو ہو کر سفید کپڑے ملبوس فرمائیں۔ کھیر پر نیاز پنجتن پاکؑ دلا کر بچوں میں بانٹ دیں۔ سفید کاغذ پر بڑا سا نقش بنائیں اس پر آیت عمل (2491) عدد 70 جناب عباسؑ کے طفیل درود شریف اور استغاثہ جناب عباسؑ پڑھ کر دم کریں۔

''یا کاشف الکرب عن وجهه الحسین علیه السلام اکشف کربی و کرب المومنین بحق اخیك الحسین علیه السلام یا ابو الفضل العباس علیه السلام ادرکنی ادرکنی فی سبیل اللہ'' 7 مرتبہ پڑھ کر اپنے نام کے اعداد کے موافق یا رزاق پڑھیں۔

نوٹ:۔ جو احباب اعداد نہ نکال سکیں وہ 308 بار پڑھنا معمول بنالیں۔ ایسے احباب جو رزق کی بندش میں مبتلا ہوں اور تصدیق ہو چکی ہو کہ سحر و جادو ٹونہ یا آسیب و جنات کی وجہ سے کاروبار تباہ ہے وہ قبلہ شاہ سے پہلے بندش کی کاٹ کرالیں۔ اس نقش کی تاثیر میں اضافے کیلئے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

یا رزاق

ع	با	س
۵	۵۹	۶۹
۵۸	۷۱	۴

7 نقش لکھ کر پشت پر مقصد لکھ کر آٹے کی گولی میں بند کر کے آب رواں میں ڈال دیں۔ اُٹھتے بیٹھتے یا عباس علیه السلام پڑھیں رزق بے حد وسیع ہو جائیگا نیاز ضرور دلائیں۔

نوٹ:۔ اس نقش کو پاس رکھیں مڑوا کر گلے میں ڈالیں اور ایک نقش داخلی دروازے پر لگا دیں۔ ہر روز اگربتی جلائیں۔ ہر جمعرات کو نیاز پنجتن پاکؑ ضرور دلا کر بچوں میں بانٹ دیا کریں۔ یہ ایک صدری راز ہے۔ اسے اپنالیں غنی ہو جائیں گے۔

از تحریر: شہزادہ منظور علی سومرو، ٹنڈو محمد خان

حروف صوامت کا توڑ رجعت کا خاتمہ

لوح تحفظ "سورۃ اخلاص"

اس دفعہ روحانیت کے سمندر سے حروف صوامت کی رجعت نحوست بندش کو توڑنے کے لئے سورۃ اخلاص کا ایک مجرب عمل نقش لوح تحفظ لے کر حاضر خدمت ہوں۔ بہت سارے لوگ حروف صوامت کے عملیات میں شوق رکھتے ہیں کیونکہ حروف صوامت اپنے اندر بے شمار اور حیران کُن اثرات رکھتے ہیں۔ کچھ لوگ حروف صوامت کو قواعد عملیات کے مطابق درست استخراج کر کے کامیاب ہو جاتے ہیں۔ اور کچھ لوگ قواعد اور قانون عملیات کا لحاظ اور خیال نہیں کرتے غلط طریقہ سے ذکات قائم کر کے عملیات وغیرہ کرتے ہیں جس کی وجہ سے وہ لوگ ناکام ہو کر حروف صوامت کی خطرناک رجعت میں جکڑ جاتے ہیں جس کے بہت برے اثرات ظاہر ہوتے ہی۔ حروف صوامت یہ ہیں۔

ترتیب قمری:۔ ادھو حطك لمس عصد۔

ترتیب شمسی:۔ احد رسص طعك لموہ۔

حروف صوامت کے اعداد قمری **543** اور اعداد شمسی **3465** بنتے ہیں۔

سورۃ اخلاص:۔ یہ سورۃ مبارک بڑی طاقت رکھتی ہے اور بے شمار خواص، اثرات، کرشمات، معجزات رکھتی ہے۔ اور معنیٰ کے لحاظ سے بھی بڑا کمال رکھتی ہے۔ اخلاص سے مراد خلاصی پانا، نجات پانا، آزاد ہونا، مخلص، خالص وغیرہ اس سورت میں ق ی ن ف یہ حروف نقطے والے ہیں باقی تمام حروف صوامت ہیں۔ اس سورۃ میں کل چار آیات ہیں اور ہر آیت کے آخر میں حرف "د" ہے۔ حروف صوامت کے بھی چار جملے بنتے ہیں۔ مزید اگر غور فکر کریں تو سورۃ اخلاص کلام الٰہی میں **112** نمبر پر ہے۔ **1+12= 13** بنتے ہیں یا **2+11= 13** بنتے ہیں اور حروف صوامت بھی تعداد میں **13** ہیں۔ اگر تحقیق کے سلسلے کو مزید آگے بڑھایا جائے تو اور بھی بہت سارے کرشمات و راز ملیں گے جیسے کہ سورۃ اخلاص میں کل خالص حروف **13** بنتے ہیں اور حروف صوامت بھی **13** ہیں۔

خالص حروف ترتیب کے مطابق یہ ہیں ق ل ھ و ا ح ص م ی ک ن ف۔ ان کے اعداد قمری **444** بنتے ہیں۔ جمع **12** اور مفرد **3** بنتا ہے۔ حروف صوامت کے اعداد قمری **543** بنتے ہیں۔ جمع **12** اور مفرد **3** ہی بنتا ہے۔ مزید راز و اشارے نیچے دیکھیں۔ اگر خالص حروف کو ترتیب قمری کے مطابق رکھیں تو آپ حیران ہو جائیں گے۔

نمبر	1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12	13
سورۃ کے خالص حروف	ا	د	ھ	و	ح	ی	ک	ل	م	ن	ف	ص	ق
حروف صوامت	ا	د	ھ	و	ح	ط	ک	ل	م	س	ع	ص	د

راز:۔ سورۃ اخلاص و حروف صوامت کے پہلے والے **5** حروف ایک جیسے ہیں۔ پھر سورۃ و حروف صوامت کے نمبر **7-8-9-12** والے حروف ایک جیسے ہیں۔

سورۃ اخلاص کے خالص حروف اور حروف صوامت کے حروف میں کتنے دلچسپ اور حیران کُن معجزات اشارے راز ظاہر ہو رہے ہیں۔ مزید راز بھی میرے پاس موجود ہیں۔ سورۃ اخلاص کی برکت و طاقت سے ہر عمل کی بندش نحوست رجعت ختم ہو جاتی ہے۔ اس کے ساتھ حروف صوامت کی خطرناک رجعت بندش اور ہر طرح کی رکاوٹ اور حاسد دشمن کے عمل کا نحس اثر بھی ختم ہو جاتا ہے۔

ذکات:۔ سورۃ اخلاص کے **13** خالص حروف کو **444** روزانہ لکھیں۔

13 حروف کو ایک سطر میں لکھیں۔ ایسے کل 444 سطریں لکھیں بعد میں ہر سطر کو کاٹ کر الگ الگ کر لیں ہر ایک سطر کو گندم کے آٹے میں لپیٹ کر گولیاں بنالیں۔ پھر ہر سطر والی گولی پر 1 دفعہ سورۃ اخلاص پڑھ کر دم کر لیں اور ان تمام گولیوں کو پانی کے حوالے کر دیں۔ اسی طرح کل 13 دنوں تک عمل کرنا ہے آپ عامل بن جائیں گے پھر ہر قسم کی بندش رجعت کو ختم کر سکتے ہیں۔

لوح تحفظ:۔ عامل ہو جانے کے بعد سورۃ اخلاص کے 13 خالص حروف کے اعداد 444 کا نقش تیار کر کے اپنے پاس رکھ لیں۔ اور ایک نقش مبارک کو پانی میں گھول کر کچھ دنوں تک پیتے رہیں۔ ہر قسم کی رجعت و بندش سے آزاد ہو جائیں گے۔

لوح تحفظ

۷۸٦

بسم ق ل ہ و ا ح د ص م ی ك ن ف اللّٰہ

١٤٩	١٥٠	١٤٥
١٤٤	١٤٨	١٥٢
١٥١	١٤٦	١٤٧

الرحیم ق ل ہ و ا ح د ص م ی ك ن ف الرحمٰن

دولت وتسخیر کے لئے نایاب نقش

ازتحریر: فیض محمد جسکانی، پنوں عاقل (سندھ)

نقش مخمس خالی القلب دولت اور تسخیر کے لئے مجرب المجرب نقش ہے اسم مبارک یا مغنی یا منعم اعداد 1300 اس رقم کو 65 سے تقسیم کیا تو جواب آیا 20 یہ رقم پہلے خانہ میں رکھ کر بیس بیس زیادہ کرکے نقش مکمل کریں صرف اس نقش میں 9 خانہ اور 19 خانہ میں بیس کے علاوہ چالیس عدد رکھنا ہوگا۔ یہ نقش نئے چاند کے پہلے ہفتہ میں جمعۃ المبارک کے دن ساعتِ زہرہ میں لکھ کر بازو میں باندھیں۔ اور جمعہ کے دن ہی میں صبح کو اسم مبارک یا مُغنی یا مُنعم 1300 مرتبہ پڑھیں۔ 40 دن تک یہ عمل جاری رکھیں پھر ایک تسبیح ہمیشہ کے لئے پڑھیں۔ انشاءاللہ العزیز 40 دن میں مالامال ہوں گے اور تسخیر خلق زبردست ہوگی۔

اس نقش کی عزیمت یہ ھے:۔

"عزمت علیکم یا غشائیل دست غیب سے فلاں بن فلاں کے لئے دولت کثیرلا وَ و تسخیرِ خلق ہو، بحق یا مغنی یا منعم۔"

چال نقش یہ ھے:

۲۶	۱۲	۱	۱۰	۱۶
۳	۱۳	۱۹	۲۱	۹
۲۵	۱۴		۱۱	۱۵
۷	۲۴	۲۳	۶	۵
۴	۲	۲۲	۱۷	۲۰

نقش یہ ھے:

بسم ی ا م غ ی ی ا م ن ع م

۵۲۰	۲۴۰	۲۰	۲۰۰	۳۲۰
۶۰	۲۶۰	۳۸۰	۴۲۰	۱۸۰
۵۰۰	۲۸۰	یاغشائیل طالب مغنی منعم قسخیر دولت	۲۲۰	۳۰۰
۱۴۰	۴۸۰	۴۶۰	۱۲۰	۱۰۰
۸۰	۴۰	۴۴۰	۳۴۰	۴۰۰

ی ا م غ ی ی ا م ن ع م

سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

امابعد حضرت سلیمانؑ کو کون نہیں جانتا جس کو رب ذوالجلال نے پیغمبر ہونے کے ساتھ جن، دیو، پری کے اوپر بھی حکومت دی تھی اور اس کا تخت سلیمانی ہواؤں پر اُڑتا تھا اور اس حد تک کے پور اس روئے زمین کے جنات دیو و پریاں اس کے مسخر اور قابو میں تھے اور وہ ان کا بادشاہ اور شہنشاہ تھے اور یہ نقش مہر سلیمانی وہی نقش ہے جس کی مدد سے ان کا تخت ہواؤں میں اُڑتا تھا۔ لیکن اس میں کون سا اسم اعظم تھا وہ تو خدا کے سوا اور کسی کو نہیں معلوم مگر پھر بھی اس نقش میں یہ تاثیر ضرور ہے کہ کسی بھی ساعت میں مشک زعفران سے یہ مُہر اگر لکھا جائے تو تیر بہدف ہر کام انتہائی جلدی سرانجام ہو پاتا ہے۔ خاص طور پر یہ مُہر مشک زعفران یا کالی سیاہی والے قلم سے باوضو قبلہ رُخ ہو کر لکھا جاتا ہے لیکن کچھ بندے جس کا ستارہ شمس یا مریخ ہو وہ اس مُہر کو سونے یا چاندی کی انگوٹھی میں خواتین وحضرات ٹھیک سعد ٹائم میں لکھوا کر پہنتے ہیں۔

جوشخص بے روزگار ہو باوجود کوشش کے روزگار یا ملازمت کا کوئی سلسلہ نہ بنتا ہو تو اس نقش کے عامل کو اللہ تعالیٰ غیب سے روزی دیتا ہے اور کسی کا محتاج نہیں کرتا اگر صدقہ دیا اور کامل اعتقاد سے عمل کیا گیا تو کلام اللہ تعالیٰ کی تاثیر دیکھنے میں آئے گی۔ انشاء اللہ آخر میں شہزادہ سیّد مصور علی زنجانی صاحب کے حق میں دُعائے خیر کریں اور جملہ آئینہ قسمت کے سارے سٹاف کے حق میں دُعائے خیر کریں طالب دُعا مجھ ناچیز کے حق میں دُعائے خیر کریں۔

مثال:

نام طالب معہ والدہ کے اعداد:	237
آیت کے اعداد:	2898
آیت کے اعداد:	2186
میزان:	5321
تفریق	60
حاصل قیمت بقایا:	5261
تقسیم:	4
حاصل قیمت:	1315

خانہ اوّل حاصل قیمت 1315 رکھے 2 کے اضافہ سے نقش پُر کریں۔ کسر ا ہو تو خانہ 13 ایک اضافہ کر اگر کسر 2 ہو تو خانہ 9 ایک اضافہ کر اگر کسر 3 ہو خانہ 5 ایک اضافہ کریں۔

نقش کی رفتار یہ ھے:

۴	۱۵	۱۰	۵
۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶

اصل نقش یہ ھے:

۷۸۶

جبرائیل

۱۳۲۱	۱۳۴۴	۱۳۳۳	۱۳۲۳
۱۳۴۲	۱۳۱۵	۱۳۲۹	۱۳۳۵
۱۳۲۷	۱۳۳۷	۱۳۴۰	۱۳۱۷
۱۳۳۱	۱۳۲۵	۱۳۱۹	۱۳۴۶

عزرائیل — حمعسق | اسرافیل — کھیعص

میکائیل

اللّٰھم سخرلی بحق فلاں بن فلاں مقصد لکھئے

ترقی رزق ملازمت وغیرہ جو ہو بحق یا بدوح

دن جمعرات اروج ماہ میں ساعت مشتری میں لکھ کر ساتھ رکھیں۔

لوح سلیمانی کا یہ طریقہ طبقہ عاملین میں بہت مقبول و مشہور ہے میرا معمول ہے میں اس کے چار گوشوں میں سے ایک پہ الملك الله دوسرے پر البقاء الله تیسرے پر القدرة الله اور چوتھے پر العظمة الله ہوتا ہے۔ رعب وجلال اور علمِ مرتبت کی یہ لوح اپنے اثرات کے لحاظ سے

انسان کو وہ درجہ عطا کرتی ہو جو اس کے وہم و گمان میں بھی نہیں ہوتا اور پھر جس مرتبہ پر فائز ہو اس میں استقامت پائیداری اور عظمت پیدا کرتی ہے اگر کسی شخص کو خواہش ہو کہ بادشاہ یا وزیر یا کسی صاحب اثر حاکم سے کام لے تو لوح کو پوست آہو ر ساعت سعد میں لکھے اور عدم کافوری میں رکھ کر پگڑی میں یا بازو پر باندھے اور نزد حاکم جائے جب اس کی نظر پڑے گی تو فوراً معاون ہو گا عزت بخشے گا اور مطلوبہ کام میں مدد کرے گا۔ اگر سونے کی لوح پر شرفِ شمس میں کندہ کرے تو تھوڑے ہی عرصہ میں مرتبہ اس کا بلند ہو گا اور تسخیر خلق ہو۔

نوٹ:۔ اگر عورت کو بچہ جننے میں دشواری ہو تو یہ لوح کوری ٹھکری پر لکھے یا سفید کاغذ پر لکھے اور اس کے منہ کے سامنے رکھے انشاء اللہ بآسانی ولادت سے فارغ ہو اگر پھر بھی کسی وجہ سے توقف واقع ہو اس ٹھکری یا کاغذ پر لکھا ہوا پانی میں دھو کر حاملہ کو پلا دے جلد فارغ ہو اگر کوئی شخص قید و بند میں ہو تو اسے لکھ کر اس کے زانو کے نیچے رکھے فوراً خلاصی پائے گا۔

نقش کی رفتار یہ ہے:

٨	١١	١۴	١
١٣	٢	٧	١٢
٣	١٦	٩	٦
١٠	۵	۴	١۵

اصل نقش یہ ہے:

٧٨٦
جبرائیل

البقاء اللہ ٢٠٠	١۵٠٨	٨٠٠	الملک اللہ ١٨٧
٧٩٩	١٨٨	١٩٩	١۵٠٩
١٨٩	٨٠٢	١۵٠٦	١٩٨
١۵٠٧ العظمۃ اللہ	١٩٧	١٩٠	٨٠١ القدرۃ اللہ

شقفقائیل — کہیعص — اسرافیل — حمعسق — عزرائیل

میکائیل

اللھم سخرلی بحق فلاں بن فلاں مقصد لکھئے

لوحِ جذب محبت حاضری مطلوب کیلئے رک رفد کا عمل (اعدادِ متحابہ)

دو لوح طالب و مطلوب کے نام کی تیار کریں اور کاغذ کو اس طرح تہہ کریں کہ لکیروں پر لکیریں آجائیں مرکز طالب مرکز مطلوب سے روبہ رو مل جائے اس کا طریقہ یہ ہے کہ مرکز طالب میں طالب نام کے اعداد لکھے اور مرکز مطلوب میں نام مطلوب کے اعداد لکھے اور نقش بیوت رک اور رفد سے پُر کریں۔ یعنی نقش طالب میں رک کے اعداد بھریں جو اعداد محب اور مطلوب کے نقش میں رفد کے اعداد بھریں جو اعداد محبوب میں اس نقش کو اس وقت لکھیں جب کہ مشتری و زہرہ میں نظرِ تثلیث یا تسدیس ہو اور یا قمر بھی ان سے کسی ایک کے ساتھ سعد نظر رکھتا ہو ساعت بھی ساعت زہرہ مشتری ہو پھر سبز ریشم کے کپڑے میں معطر کر کے لپیٹیں اور طالب کو پاس رکھنے کے لئے دیں مطلوب حاضری کے لئے بے قرار و بے تاب ہو گا آخر میں شہزادہ سیّد مصور علی زنجانی صاحب کے لئے دُعا خیر کریں اور جملہ آئینہ قسمت کے سارے سٹاف کے حق میں دعائے خیر کریں طالب دُعا مجھ ناچیز سید جاوید عباس شاہ کے حق میں دُعائے خیر کریں۔

نقش کی رفتار یہ ہے:

۴ ٢١	١٨ ۵ ١٦ ١١	٢٣ ٢
١۵ ١٢ ٦ ١٧	مقصد	١٠ ١٣ ١٩ ٨
٢٢ ٣	٢٠ ٧ ٩ ١۴	٢۴ ١

اصل نقش یہ ہے:

رفد ٢٨۴ — ٧٨٦   جبرائیل   رک ٢٢٠ — ٧٨٦

٢٧ ۴۴	٢٨ ۴١ ٣٩ ۴۴	٢۵ ۴٦		١٩ ٣٦	٢٠ ٣٣ ٣١ ٢٦	١٧ ٣٨
٣٨ ٣۵ ٢٩ ۴٠	مطلوب	٣٣ ٣٦ ۴٢ ٣١		٣٠ ٢٧ ٢١ ٣٢	طالب	٢۵ ٢٨ ٣۴ ٢٣
۴۵ ٢٦	۴٣ ٣٠ ٣٢ ٢٧	۴٧ ٢۴		٣٧ ١٨	٣۵ ٢٣ ٢۴ ٢۵	٣٩ ١٦

شقفقائیل — حمعسق — عزرائیل — کہیعص — اسرافیل

میکائیل

اللھم سخرلی بحق فلاں بن فلاں مقصد لکھئے

مجرب عمل

(سورة مریم)

ازتحریر: محمد شریف شہزاد، کراچی

سورۃ مریم کی پہلی آیات (کھٰیٰعٓصٓ) کی روحانی قوت کا ایک عظیم شاہکار آپ کو دے رہا ہوں یہ کاوش میری اپنی ذاتی عمل ہے نہ کسی کتاب سے اور نہ ہی کسی سے حاصل کی ہے۔ اس پر عمل کر کے آپ روحانی بلندیوں کو چھو لے گئے۔ اِن دونوں سورتوں کی پہلی آیات سے بڑے بڑے کام لئے جا سکتے ہیں۔ چند ایک عمل اگر کوئی عطاقت وعامل اس پر عمل کرے تو کامیاب ہو جائے گا۔

1:۔ ہائف ارسال کیلئے ایک ایسا کبوتر کے پروں پر **13000** ہزار بار کھٰیٰعٓصٓ، حٰمٓعٓسٓقٓ پانچ روز تک پڑھے اس کے بعد جب کسی کو پیغام دینا ہو یا خانہ مطلوب کی طرف پیغام دینا ہو، روٹھے شخص کو منانا اور بلانا ہو، اسی طرح رُقع لکھ کر کبوتر اور خط پر دم کر کے گھر کی سمت چھوڑ دیں ایک ساعت میں پہنچ کر آجائے گا۔ مگر یاد رکھیں اس معصوم پرندے پر زیادہ ظلم نہ کریں فاصلہ شہر کے اندر ہو۔ کبوتر نسلی ہو خط کبوتر کی گردن میں ڈالیں۔

2:۔ استخارہ کیلئے یہ عمل سے بہت کوئی استخارہ نہیں جس بات یا کوئی سخت مسئلہ ہو جو کسی صورت حل نہ ہوا ہو تو ایسا کریں۔ دو رکعات نفل استخارہ کی نیت سے ادا کریں عشاء کی نماز کے بعد رات سوتے وقت پڑھ کر سو جائیں اور اس آیات کو بلا تعداد پڑھتے پڑھتے مقصد کو دھیان میں رکھ کر سو جائیں پہلی رات ہی مسئلہ حل ہوگا۔

3:۔ پریشانی کا فوری طور حل کرنا آپ کو ایسا عمل دے رہا ہوں جو کوئی عامل اپنے قابل بیٹے کو بھی شاید نہ بتاتا ہو۔ سب کچھ آنکھوں کے سامنے ہو رہا ہو۔ یعنی آئینہ سکندر حقیقی سب کچھ فلم کی طرح دیکھ رہے ہو۔ اس نقش یا باسِطُ کا کھٰیٰعٓصٓ کی روحانی طاقت سے پانچ روز کے چلّہ سے آپ دُنیا کے بڑے بڑے کام چند لمحوں میں کر لیں گے۔ اس عمل میں شرط پانچ وقت کی نماز شرط اوّل ہے۔ خدارا ناجائز کام نہ لیں درمیانی خانہ میں کالا مارکر سے بھریں اور بغیر اس مرکزی خانہ میں نگاہ کریں۔ سب کچھ معلوم کریں۔

۱۵	۹	۱	۱۱	۲۴
۸	۱۹	۱۸	۱۲	۳
۱۴	۱۰		۱۳	۲۳
۷	۵	۲۰	۲۲	۶
۱۶	۱۷	۲۱	۲	۴

پانچ روز تک **13000** ہزار بار کھٰیٰعٓصٓ خالی خانہ میں پڑھ کر دَم کریں کسی سے بات کئے بغیر سو جائیں رات کو کامیابی کی بشارت ملے گی اس کے بعد اس نقش کو خاص سفید کاغذ پر لکھیں اور سائل کا مسئلہ خود ملاحظہ فرمائیں۔ پانچ سال بعد پھر سے دوبارہ کرنا ہوگا۔

4:۔ سخت بیماری یا کینسر جیسی خطرناک بیماری کا واحد علاج یہ ہے کہ آپ خالص زعفران سے لکھ کر پانی میں اس آیات کو ڈالیں اور پانچ شب بلاناغہ **195** مرتبہ اوّل و آخر درود شریف پڑھ کر پلائیں کینسر یا موذی مرض جاتا رہے گا۔

5:۔ بے روزگار افراد اگر پانچ روز یہ عمل اس طرح پڑھیں تو باعزت روزگار ملے یا غیب سے روزینہ جاری ہو۔ اپنے مقصد میں کامیاب ہو۔ چاند کی پہلی تاریخ سے پانچ تاریخ تک عمل فوراً اثر کرے گا۔ چاند نکلتے ہی کھٰیٰعٓصٓ کا ورد زبان میں جاری رکھیں اور عشاء کی نماز کے بعد ''ک'' اوّل و آخر درود شریف **360** مرتبہ پڑھ کر سو جائیں دوسری رات ''ہ'' پھر ''ی'' پھر ''ع'' پھر ''ص'' اسی طرح پڑھیں اور آخر میں کھٰیٰعٓصٓ **360** مرتبہ پڑھیں کامیابی کی دُعا کریں اُمید ہے قارئین عمل کریں گے آخر میں مجھ ناچیز اور سیّد زنجانی صاحب کو دُعا میں یاد رکھیں۔

تسخیر ہمزاد

از تحریر: سید شعیب الرحمٰن شاہ، ایبٹ آباد

ہمزاد کی چلہ کشی کیلئے اکثر لوگ پریشان حال رہتے ہیں اکثر لوگ جاہل عاملوں سے ہمزاد کا عمل لیکر چلہ شروع کردیتے ہیں اوراس میں وہ ناکام ہوتے ہیں۔ ہمزاد کا عمل کوئی بچوں کا کھیل نہیں میں نے ایسے عاملوں کو دیکھا ہے کہ لوگوں کے ساتھ دھوکہ کر کے انہیں عمل بھی دیتے ہیں اور ساتھ میں اجازت بھی دیتے ہیں۔ دُنیا میں کم لوگ ہی چلہ کشی میں کامیاب ہوتے ہیں۔ انسان اگر سچے دِل سے ارادہ کرے اور اللہ پاک کی عبادت دِل لگا کر اور باقاعدگی سے نماز پڑھتا رہے تو اللہ پاک ان کو ہر کام میں کامیاب کردیتے ہیں۔ ہمزاد کی چلہ کشی کیلئے چند شرائط مندرجہ ذیل ہیں۔

☆ عامل جب عمل کرنے بیٹھ جائے تو دِل میں کسی طرح کی سوچ موجود نہ ہو۔

☆ عامل کی قوت ارادی مضبوط ہو۔

☆ کسی اُستاد کامل سے اعمال کی اجازت لیں اس میں اپنے پیر و مرشد سے بھی اجازت طلب کریں جس سلسلہ سے وہ بیعت ہوں۔ اُستاد محترم جس طرح فرمائیں اس میں ذرا شک دل میں نہ لائیں اور ان کی اجازت سے عمل شروع کریں بغیر اجازت رجعت شدید میں گرفتار ہونگے دیوانوں کی طرح کوچہ بہ کوچہ پھریں گے مگر اس کا کوئی علاج نہ ہوگا۔ ☆ عامل جھوٹ سے پرہیز کرے۔

☆ عمل کے دوران روزہ رکھے اور محتاجوں کو خوش رکھے اور اُن سے محبت کرے۔

☆ عمل شروع کرنے سے پہلے صدقہ دینا اور محتاجوں کو کھانا کھلانا ضروری ہے۔

☆ ترک حیوانات جلالی و جمالی کریں۔ بدبودار چیز نہ کھائیں اس لئے کہ ہمزاد اس سے نفرت کرتا ہے۔ جب کوئی شخص عمل پڑھنے بیٹھتا ہے تو ہمزاد حاضر ہوتا ہے اگر عامل کے منہ سے پڑھتے وقت بو نکلے گی تو ہمزاد پریشان ہو کر بددعا دے گا اور واپس چلا جائیگا۔ ☆ عمل کیلئے ایک الگ مکان کا بندوبست کریں جہاں عوام الناس کا گزر نہ ہو اور کمرے میں کوئی سامان وغیرہ بھی نہ ہو۔ مگر جس کمرے میں عمل کریں اس کمرے میں سونا نہیں ہے۔

☆ عمل شروع کرنے سے پہلے تین کلو مٹھائی لا کر اس پر گیارہ مرتبہ سورۃ فاتحہ، گیارہ مرتبہ سورۃ اخلاص اور گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا ثواب حضرت محمد ﷺ اور حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کو بخش دیں اور ایک عدد چراغ لیکر وہ کمر کی پشت پر رکھ کر عمل روزانہ 1100 مرتبہ پڑھیں۔ یہ عمل کل گیارہ دِن کا ہے۔ عمل کے دوران طرح طرح کی آوازیں سنائی دیں گی مگر آپ نے اپنی پڑھائی سے کام رکھنا ہے اور ایک خالی بوتل اپنے پاس رکھیں جب ہمزاد حاضر ہو جائے تو اس کو کہہ دیں کہ اے ہمزاد بہ حکم خداوند کریم اس بوتل میں آ جاؤ۔ جب اس سے عہد کرلیں تو اسے نشانی لیکر بوتل سے آزاد کر کے رخصت کردیں۔ اس عمل کی اجازت کسی عامل کامل یا براہ راست شہزادہ سید انتظار حسین شاہ زنجانی صاحب سے حاصل کریں۔ اجازت لینا شرط ہے۔

یہ عمل روزانہ 1100 مرتبہ پڑھیں۔ آخر میں مجھ گنہگار سید شعیب الرحمن اور عامل سید انتظار حسین شاہ زنجانی صاحب اور شہزادگان زنجانی برادرز کے حق میں دعائے خیر کریں۔ اللہ پاک سے دعا ہے کہ خداوند کریم آپ لوگوں کو عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور کامیابی نصیب کرے۔ (آمین)

نوٹ: عمل کرتے وقت اپنا حصار لازمی کریں۔

از تحریر: چوہدری عدیل شہزاد، راولپنڈی

نقش محبت

محترم قارئین بندہ ناچیز آپ کی خدمت میں اپنا ایک حب کا عمل لے کر حاضر ہوا ہے یہ سب مولائے کائنات کی عنایات اور میرے استاد محترم ومکرم جناب راجہ افتخار حسین صاحب آف کراچی کی محبتوں وشفقتوں کا نتیجہ ہے کہ بندہ آج اس قابل ہوا کہ قلم سے آپ کی خدمت میں کچھ تحریر کرسکوں۔ اب اپنے عمل کی طرف آتے ہیں۔ نقوش کو میں نے خود تحریر کر دیا ہے آپ نے صرف اس میں مطلوب کے نام کو قاعدہ کے مطابق پُر کرنا ہے۔ اس کے استعمال کے دو طریقے ہیں۔ پہلے طریقہ کی وضاحت مثال کے ساتھ آپ کی خدمت میں پیش ہے:

1- پہلا طریقہ

مثال: **1**-نام مطلوب مع والدہ

حنا بنت کلثوم کے اعداد = **1107**

2-مزاج مطلوب = **1107 ÷ 4**

276/3 باقی بچا

تفصیل مزاج: **1**=آتشی، **2**=بادی، **3**=آبی، **4**=خاکی

مطلوب کا مزاج = آبی ہوا

اب مطلوب کے لیے آبی نقش پُر کرنا ہے۔ ہر مزاج کے استعمال کا طریقہ آخر میں تحریر ہے۔

یا مُقلّبَ القُلُوبِ قَلِّبْ اِلَیّ	حنا بنت کلثوم	بِحَقِّ حَبّبْ حَبّبْ یا بَدُّوحُ
۱۱۰۹	۱۶۴	۶۶۲
۱۶۳	۶۶۴	۱۱۰۸

اب تمام نقوش تحریر ہیں اس میں صرف اعداد مطلوب پُر کرنا ہیں۔

1- آتشی

۷۸۶

یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ قَلِّبْ قَلْبِهَا اِلَیَّ		بِحَقِّ حَبِّبْ حَبِّبْ یَا بَدُّوْحُ
	۱۶۴	۶۶۲
۱۶۳	۶۶۴	

2- بادی

۷۸۶

یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ قَلِّبْ قَلْبِهَا اِلَیَّ		بِحَقِّ حَبِّبْ حَبِّبْ یَا بَدُّوْحُ
۱۶۴	۶۶۲	
	۱۶۶	۶۶۱

3- آبی

۷۸۶

یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ قَلِّبْ قَلْبِهَا اِلَیَّ		بِحَقِّ حَبِّبْ حَبِّبْ یَا بَدُّوْحُ
	۱۶۴	۶۶۲
۱۶۳	۶۶۴	

4- خاکی

۷۸۶

یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ قَلِّبْ قَلْبِهَا اِلَیَّ		بِحَقِّ حَبِّبْ حَبِّبْ یَا بَدُّوْحُ
	۱۶۶	۶۶۴
۱۶۷	۶۶۲	

نقوش کو پُر کرنے کا قاعدہ

1- آتشی کے خانہ نمبر **1** میں نام مطلوب معہ والدہ، خانہ نمبر **2**، میں اعداد مطلوب سے ایک بڑھا کر پُر کریں۔ اسی طرح خانہ نمبر **3** پُر کرنا ہے یعنی ایک بڑھا کر۔ **2**- بادی کے خانہ نمبر **7** میں نام مطلوب معہ والدہ، خانہ نمبر **8** میں اعداد مطلوب سے ایک بڑھا کر پُر کریں۔ اسی طرح خانہ نمبر **9** پُر کرنا ہے یعنی ایک بڑھا کر۔ **3**- آبی کو بھی نقش بادی کی طرح پُر کرنا ہے۔ **4**- خاکی کے خانہ

نمبر 7 میں اعداد مطلوب معہ والدہ سے دو عدد کم کر کے پُر کریں اور خانہ نمبر 8 کو ایک عدد کم کر کے پُر کریں اور خانہ نمبر 9 میں نام مطلوب معہ والدہ پُر کریں۔

2- دوسرا طریقہ

ہر مزاج کا ایک ایک نقش تحریر کریں اور مزاج کے مطابق استعمال کریں اور مزید 11 آتشی نقش تحریر کریں۔ ان کی روزانہ ساعت زہرہ یا مشتری میں بتیاں بنا کر چراغ میں روشن کریں اور عزیمت مندرجہ ذیل کو نام مطلوب معہ والدہ کے اعداد کے مطابق ورد کریں۔

عزیمت: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ قَلِّبْ قَلْبَهَا اِلَيَّ نام مطلوب

معہ والدہ بِحَقِّ حَبِّبْ حَبِّبْ يَا بَدُّوْحُ

استعمال مزاج

1- آتشی: ایک نقش آگ کے نیچے دبائیں، باقی 11 عدد کو روزانہ بتیاں بنا کر چراغ میں ساعت زہرہ و مشتری میں جلائیں۔ چراغ کے سامنے بیٹھ کر مطلوب کے اعداد کے مطابق عزیمت پڑھیں۔ **2- بادی:** پھل دار درخت میں لٹکائیں اور خانہ مطلوب کی طرف منہ کر کے عزیمت بمطابق اعداد مطلوب پڑھیں 11 دن۔ **3- آبی:** دریا، تالاب یا نہر کے کنارے جگہ گیلی ہو، دفن کریں اور روزانہ وہاں بیٹھ کر عزیمت بمطابق اعداد مطلوب پڑھیں، 11 دن۔ **4- خاکی:** ایک عدد نقش مطلوب کی چوکھٹ میں اور دوسرے کو صاف میدان میں دفن کریں اور روزانہ مطلوب کے اعداد کے مطابق وہاں پر عزیمت پڑھیں۔

انشاء اللہ مطلوب حاضر ہوگا۔ میں نے تمام وضاحتیں کر دی ہیں۔ سمجھ کر استعمال کریں۔

نوٹ: نقش کو تحریر کرتے ہوئے اور استعمال کرتے ہوئے اور عزیمت پڑھتے ہوئے ساعتِ زہرہ یا مشتری ہونی چاہیے۔

زندگی نے وفا کی تو انشاء اللہ آئندہ بھی اپنے تجربات/ مجربات کو احاطہ تحریر میں لانے کی کوشش کرتے رہیں گے۔

معزز قارئین کرام! آج کی محفل میں تسخیر شٹالا مائی کا عمل حاضر خدمت ہے یہ میرا اپنا تجربہ شدہ و صدری عمل ہے، نایاب عمل ہے۔ جس کی جتنی اچھی تعریف کی جائے کم ہے۔ خصوصاً آئینہ قسمت کی نظر کرتا ہوں۔ شٹالا مائی ایک طاقتور دیوی ہے جس کی عمر بھی بہت لمبی ہے۔ جب یہ حاضر ہوتی ہے تو بہت سی پرانی باتیں جو کہ راز کی ہوتی ہیں جن کو سن کر مسخر کنندہ حیران رہ جاتا ہے۔ یہ اپنی مخصوص سواری پر سوار ہو کر آتی ہے جس کے چھ ہاتھ ہیں۔ شٹالا مائی اپنے مسخر کنندہ کی ہر طرح سے اور بھرپور طریقہ سے اس کے دنیاوی کاموں میں مدد کرتی ہے جو شخص اس کو مسخر کر لیتا ہے وہ آرام سے اپنی زندگی گزارتا ہے اسے دوسرے کسی بھی عمل کی حاجت باقی نہیں رہتی کیونکہ یہ ہر کام آپ کے کہنے پر سیکنڈوں منٹوں میں کرے گی حب بغض عداوت گریختہ کی واپسی رشتوں کی بندش دور کرنا، جادو ٹونہ ختم کرنا اور پرائز بانڈ و ہر قسم کے لاٹریوں کے شرطیہ نمبرز بتاتی ہے جو لوہے پر لکیر ہوتے ہیں۔ اس کے عمل کی تفصیل بہت طویل ہے جو یہاں بیان کرنا ناممکن ہے۔ اس کو جو شخص مسخر کرنا چاہتا ہے تو اس کو چاہیے کہ سب سے پہلے پرہیز جمالی کرے پھر نوچندی ہفتہ یا منگل کی شب رات بارہ بجے عمل شروع کرے اپنے سامنے چنبیلی کا چراغ روشن کرے جس کی لو پر دوران عمل آپ کی نظر ہو اور اپنے سامنے سات رنگ کی مٹھائی عطر چنبیلی گلاب کے پھول، سرمہ، کنگھی رکھے اور پھر عبارت عمل کو **1080** مرتبہ پڑھے باحصار عمل کرے سات یوم کا عمل ہے اس دوران عمل کے اثرات ظاہر ہوتے ہیں لیکن آپ گھبرائیں نہ اور عمل بغیر خوف و خطر جاری رکھے اور آخری یوم حاضری ہوگی سبز ریشمی لباس میں حاضر ہوگی چہرہ نہایت حسین وجمیل ہوگا۔ جب حاضر ہو تو قول و قرار لے لیں حاضری کا طریقہ و نشانی بھی لے لیں وہ تمام طریقہ کار بتا دے گی اس کے بعد جب بھی کبھی ضرورت ہو تو اس کے بتائے ہوئے طریقہ پر عمل کریں حاضر ہوگی او جو کام ہو کہیں لحہ بھر میں ہر کام بخوشی کرے گی یہ اپنے مسخر کنندہ کو اس کے طلب کرنے پر اسے مال و دولت سے بھی نوازتی ہے۔ جس سے آپ خوش وخرم زندگی گزار سکتے ہیں۔ آخر میں عرض کرتا چلوں کہ اس عمل کی اجازت شاہ زنجانی صاحب یا پھر مجھ سے ضرور لیں بغیر اجازت عمل کرنے سے ناکامی کے ساتھ ساتھ رجعت کا اندیشہ ہے۔ لہٰذا اجازت ضرور لیں۔ عمل یہ ہے۔

اوم ایں کلیں ھریں شریں آ گچھ شٹالا سواھا

ازقلم: صوفی مشتاق احمد، لاہور

سلسلہ وار روحانی علاج

بُری عادت اور بدکاری چھڑانے کا عمل

جس کی بری عادت چھڑانا منظور ہو اگر وہ پردیس میں ہے یا کسی قسم کے نقش کے پانی کو پینے سے گریزاں ہو تو ترکیب عمل میں لائیں کہ 7 جمعرات متواتر قبرستان میں جائیں اور کسی ٹوٹی ہوئی پرانی قبر کے پاس بیٹھ کر منہ قبلہ رخ کرلیں اور سورۃ یٰسین شریف ایک بار پڑھ کر ایک مٹی کے ڈھیلے پر دم کریں یہ مٹی کے ڈھیلے اپنے ساتھ باہر سے ہی لے جائیں اور یہ کہہ کر قبر میں ایک مٹی کا ڈھیلہ ڈال دیں اور یہ کہیں کہ یاالٰہی فلاں بن فلاں (یہاں نام بمعہ والدہ لیں جس کی بری عادت چھڑانی ہو) کا دل شراب، جوئے، زنا سے ایسا مردہ کردے جیسا کہ یہ مردہ پڑا ہے۔ اسی طرح پھر دوسری بار پڑھ کر ڈھیلے پر دم کر کے وہی اوپر والا جملہ ادا کر کے ڈھیلہ قبر میں ڈال دیں ہر مرتبہ ڈھیلے پر دم کرتے جائیں اور وہی جملہ بھی ادا کرتے رہیں۔ جب سات بار یہ عمل دہرالیں تو صاحب قبر کے لیے مغفرت کی دعا کر کے واپس آجائیں۔ یہ عمل متواتر سات جمعرات کو کرنا ہے۔ انشاء اللہ اس مبارک عمل کی برکت سے بری سے بری عادت بالکل ختم ہوجائے گی۔

بچے کے دانت بے تکلیف نکلنے کا عمل

جب بچہ کا دودھ چھڑا دیا جاتا ہے تو بچہ بڑا مضطرب ہوجاتا ہے کہ ماں کو بھی بڑی کشمکش کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ یہ دعا لکھ کر دھو کر بچہ کو پلائیں۔ مولیٰ تعالیٰ تسکین فرمائے گا اور یہ نقش بچہ کے دانت نکلنے کے زمانہ میں لکھ کر بچہ کے گلہ میں ڈال دیں۔

هو	ع	مسح	۲
ط	و	۲	و
و	وط	س	ر
حد	سی	ح	ده

انشاء اللہ تعالیٰ بچہ کو دانت نکالنے میں کوئی تکلیف نہیں ہوگی۔ لکھ کر پلانے والی دعا یہ ہے:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ المتیۡنُ الذی یَرۡزُقُ مَنۡ یَّشَآءُ بِقُوَّۃِ المتیۡنُ بِرَحۡمَتِكَ یَا اَرۡحَمَ الرّٰحِمِیۡن٥

اگر بچہ ماں کا دودھ نہ پیتا ہو تو یہ نقش لکھ کر ماں کے دودھ سے دھو کر یا بارش کے پانی سے دھو کر یا آب زم زم سے دھو کر بچہ کو پلائیں۔ انشاء اللہ العزیز بچہ دودھ پینے لگ جائے گا۔

نوٹ: ق، م اور واؤ کے منہ کھلے رکھنے چاہئیں، نقش مندرجہ ذیل ہے۔

قیوم	قیوم	قیوم	قیوم
قیوم	قیوم	قیوم	قیوم

بچے کے رونے کا علاج

یہ نقش لکھ کر موم جامہ کر کے بچے کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ مولیٰ کریم بچہ کے رونے کی عادت جاتی رہے گی۔ نقش یہ ہے۔

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷
ط	ط	ط	ط	ط	ط	ط
هی	هی	هی	هی	هی	هی	هی

فروری 2019ء کیلئے پرائز بانڈز خریدنے کی تواریخ بمعہ اوقات

3	9
1	5

تاریخ: 01-02-2019
دن: جمعہ
شہر: مظفر آباد/کوئٹہ
مالیت بانڈ: -/25,000/7,500

2	9
8	1

تاریخ: 15-02-2019
دن: جمعہ
شہر: حیدر آباد/فیصل آباد
مالیت بانڈ: -/100/1500

فروری 2019ء کے لئے پرائز بانڈز خریدنے کی لکی تواریخ بمعہ اوقات

نمبر شمار	تاریخ	نیک وقت خریداری
1	02 فروری	09 بجکر 15 منٹ سے لے کر 09 بجکر 45 منٹ تک
2	13 فروری	10 بجکر 00 منٹ سے لے کر 11 بجکر 00 منٹ تک
3	19 فروری	12 بجکر 10 منٹ سے لے کر 13 بجکر 00 منٹ تک
4	21 فروری	15 بجکر 10 منٹ سے لے کر 16 بجکر 00 منٹ تک
5	26 فروری	09 بجکر 00 منٹ سے لے کر 11 بجکر 00 منٹ تک

نوٹ: یہ اوقات پاکستان سینڈرڈ ٹائم کے مطابق دیے جا رہے ہیں۔

	0	1	2	3	4	5	6	7	8	9	ممکنہ ٹنڈولے	
0		01	02						08	09	012	098
1			12	13	14				18	19	132	189
2	20	21							28	29	201	298
3		31			34	35				39	345	391
4		41		43		45				49	431	459
5		51		53	54					59	514	593
6	60		62				66	67	68		620	687
7		71		73	74		76				731	764
8	80	81	82							89	810	829
9	90	91	92						98		912	982

تاریخ: 01-02-2019
دن: جمعہ
شہر: مظفر آباد/کوئٹہ
مالیت بانڈ: -/25,000/7,500

13	43	49	95
59	19	54	93

تاریخ: 15-02-2019
دن: جمعہ
شہر: حیدر آباد/فیصل آباد
مالیت بانڈ: -/100/1500

09	90	80	21
19	28	98	12

	3			
5	9	1		
	4			

	8	
1	2	9
	0	

تاریخ: 01-02-2019
دن: جمعہ
شہر: مظفر آباد/کوئٹہ
مالیت بانڈ: 25,000/7,500/-
712856

56	71
28	85

تاریخ: 15-02-2019
دن: جمعہ
شہر: حیدرآباد/فیصل آباد
مالیت بانڈ: 100/1500/-
427963

42	63
96	79

2956-3596

158 359 573 576 579 536 537

8	0
2	6

مرکز: 8

15 35 57 29 53

5739-5793

2207-2048

238 220 207 420 883 888

0	3
2	8

مرکز: 8

23 22 20 42 88

2079-8836

F: 39 25 95 90

9	3
6	5

مرکز: 0

S: 65 50 09

اوپن 5-6-7-9

مظفر آباد	مالیت بانڈ: 7,500/-	تاریخ: 01-02-2019					
95	81	62	59	13	03	(بونس)	5962

حیدرآباد	مالیت بانڈ: 1500/-	تاریخ: 15-02-2019					
92	89	78	42	21	12	(بونس)	8929

گولڈن انعام لکی نمبرز

مظفر آباد	تاریخ: 01-02-2019	013/350 =531
مالیت بانڈ: 7,500/-		821/520 =852
حیدرآباد	تاریخ: 15-02-2019	129/391 =921
مالیت بانڈ: 1500/-		890/921 =892

لکی نمبرز

ہماری دعا ہے کہ آپ ان لکی نمبرز سے فیض یاب ہوں۔ کسی نقصان سے بچنے کے لیے پرچی نمبر کی بجائے پرائز بانڈز کی خرید پر توجہ دیں۔
ماہرین علم الاعداد کی تمام تر ذہانت آپ کے لیے وقف ہے۔ (ادارہ)

آپ کا ماہِ فروری 2019ء کیسا رہے گا؟

astrology February

خصوصی عزیمت رجعت ونحوست سیارگان

یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا حَافِظُ یَا نَاصِرُ یَا مُعِیْنُ یَا شَافِیُ یَا کَافِیُ یَا قَادِرُ یَا کَرِیْمُ بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ بِحَقِّ حٰمٓعٓسٓقٓ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ اَحْفِظْنِیْ مِنَ النَّحُوْسَتُ الشَّمْسُ وَالْقَمَرِ وَالْمُشْتَرِی وَالزُّحَلِ وَالزُّھْرَہِ وَالْعَطَارَدِ وَالْمِرِّیْخِ وَالرَّاسِ وَالذَّنَبِ بِحَقِّ یَا اَللّٰہُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّ آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ۝ اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا بھی درود شریف پڑھ لیں۔ بچوں کیلئے والدین بھی پڑھ سکتے ہیں۔ اگر آپ مندرجہ بالا عزیمت کو صرف **9** بار روزانہ پڑھنا اپنا معمول بنالیں تو پھر کسی سیارے کی نحوست آپکے قریب نہ آئیگی۔ میری طرف سے آپکو اس عمل کی عام اجازت ہے۔ **دعا گو عامل شاہ زنجانی**

جن قارئین کو اپنی صحیح تاریخ پیدائش یاد نہیں وہ برج دو طرح سے معلوم کر سکتے ہیں۔ ایک نام کے پہلے حرف سے اور دوسرا حروف ابجد سے۔ پھر تحقیق کریں کہ برج کا احوال ان پر صحیح بیٹھتا ہے۔

پہلا طریقہ آپکے نام نامی میں جو پہلا حرف ہے اسی سے برج بنتا ہے۔ ذیل میں دیئے گئے بارہ بروج میں سے اپنے نام کا پہلا حرف تلاش کر کے پہلے برج معلوم کریں پھر اسی برج کے تحت نیک وبد حالات ملاحظہ فرمائیں۔ ساتھ ہی اپنا ستارہ اور برج معلوم کر کے ادارہ آئینہ قسمت سے مفت مشورہ بذریعہ کو پن لے کر نگینہ پہنیں۔

دوسرا طریقہ اگر خدانخواستہ نام برج سے آپ کے حالات درست نہ آتے ہوں تو اس طریقہ سے اپنے نام کا برج معلوم کریں۔ اپنا مکمل نام اور اپنی والدہ کے نام کے حروف ابجد قمری سے اعداد نکالیں اور ان کو بارہ پر تقسیم کریں۔ اگر باقی **1** بچے تو برج حمل ہے۔ اگر **2** باقی بچے تو ثور۔ **3** بچے تو جوزا۔ **4** بچے تو سرطان۔ **5** بچے اسد۔ **6** بچے تو سنبلہ۔ **7** بچے تو میزان۔ **8** بچے تو عقرب۔ **9** بچے تو قوس۔ **10** بچے تو جدی۔ **11** بچے تو دلو اور اگر **0** باقی بچے تو برج حوت ہوگا۔

نوٹ صحیح تاریخ پیدائش معلوم ہو تو ان قواعد کو نظر انداز کر دیں۔

حروف ابجد قمری

ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی
1	2	3	4	5	6	7	8	9	10
ک	ل	م	ن	س	ع	ف	ص	ق	ر
20	30	40	50	60	70	80	90	100	200
ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ		
300	400	500	600	700	800	900	1000		

ARIES حمل

آپکا حاکم ستارہ یکم تا**14** فروری طالع میں رہتے ہوئے مثبت پلاننگز کے ساتھ تحمل مزاجی بھی ضروری رہے جبکہ مریخ **15** تا **28** فروری خانہ مال میں رہتے ہوئے مالی لین دین اور ذرائع آمدن بڑھانے کیلئے اقدامات۔ **3,2** فروری مریخ پلوٹو تربیع کے باعث معاملات میں سوچ سمجھ کر قدم اُٹھائیں دیگر جنسِ مخالف سے محتاط رہیں۔ **9,8** فروری مریخ عطارد تسدیس سے جذبہ ایمانداری بڑھے۔ فرض شناسی سے عزت میں اضافہ جبکہ کام میں تیزی اور بہتری ایک ساتھ ہو سکے۔ **14,13** فروری مریخ یورانس قران سے مضبوط قوت ارادی، خود اعتمادی کی بحالی ممکنات میں سے رہے۔ قائدانہ صلاحیت بڑھے اور دوسرے افراد آپ کو خاص اہمیت دے سکیں۔ **28** فروری مریخ شمس تسدیس سے حالات کے مطابق فیصلے کرسکیں اور مسائل کا مثبت حل ملے۔

پہلا ہفتہ: بیرون ملک مقیم دوست احباب رابطے میں رہیں گے اور مالی معاملات پر توجہ مرکوز رہے گی۔ خواہشات پوری ہونے سے انجانی خوشی محسوس ہوگی۔ اس ہفتے جو بھی نیا کام شروع کریں گے وہ آپ کی زندگی میں بہت اہمیت کا حامل ہوگا۔ کیرئیر میں بہتری لاسکے گا اور کاروباری معاہدے طے کرنے میں آسانی رہے گی۔ شعور اُجاگر ہوسکے گا اور زندگی کو نئے رُخ سے دیکھ سکیں گے۔

دوسرا ھفتہ: حاسدین زیر ہونگے۔ اخراجات میں کمی ممکن ہے۔ صحت بہتر رہے گی۔ غلط فہمیاں دور ہونے سے رشتے مزید مستحکم ہونگے۔ کاروباری معاملات روٹین کے مطابق چل سکیں گے۔ ملازم پیشہ افراد کی ذمہ داریوں میں اضافہ ممکن ہے۔ شریک کار کے ساتھ تعاون رہے گا۔ قوت ارادی مضبوط رہے گی۔ جدت پسندانہ سوچ رہتے ہوئے مفید آئیڈیا ذہن میں آسکیں گے۔ تخلیقی کاموں میں حصہ رہے گا۔ معاملات میں مفید تبدیلیاں لاسکیں گے۔

تیسرا ھفتہ: سوچ مثبت ہونے سے بہت سے مسائل کا خاتمہ ہوگا۔ کاروباری معاملات ملتوی ہوسکتے ہیں۔ ملازمت سے متعلقہ معاملات حساس رہیں گے۔ دوران سفر اجنبی افراد سے محتاط رہیں نقصان کا اندیشہ ہے۔ گھریلو ماحول سازگار رہیگا۔ بیرون ملک سفر میں ابھی کچھ تاخیر ہے۔ ماہرانہ صلاحیت اُجاگر ہو سکے گی۔ مسائل کا حل مثبت اور بہتر انداز میں نکال سکیں گے۔

چوتھا ھفتہ: عزت و وقار میں اضافہ اور اساتذہ کا تعاون حاصل رہے گا۔ روحانیت کے شوق میں بتدریج اضافہ ہوسکے گا۔ خواہشات پوری ہوسکیں گی۔ دوست نقصان پہنچا سکتے ہیں۔ لہٰذا محتاط رہیں۔ خواہشات پوری ہونے سے انجانی خوشی محسوس ہوگی۔ تفریح کے مواقع میسر آئیں گے۔ آرٹ کے شعبہ میں دلچسپی رہے گی۔ شراکتی امور میں تحمل مزاجی کی ضرورت ہے۔

سعد تواریخ: **28,20,16,15,13,8,5** فروری **نحس تواریخ**: **24,17,11,7,3,2** فروری

21Marc
20April

ستارہ: مریخ
حروف: ا، ل، ع
دن: منگل
عدد: 9
رنگ: سرخ یا قرمزی
پتھر: یاقوت، مرجان، سرخ عقیق، ہیرا

Element: Fire
RulingPlanet: Mars
Symbol: The Ram
YourStone: Ruby
LifePursuit: The thrill of the moment.
SecretDesire: To lead the way for others.

TAURUS ثور

آپکا حاکم ستارہ زہرہ یکم تا**3** فروری آٹھویں جبکہ **4** تا **28** فروری نویں رہتے ہوئے نصیب میں بہتری اور بیرونِ ملک حج و زیارات کی خواہش کوشش کرنے سے پوری ہوسکے۔ دیگر طلباء بیرونِ ملک تعلیم کی خواہش بھی عملی طور پر پوری کرسکیں۔ **4,3** فروری زہرہ یورانس تثلیث کے باعث منفرد خیالات کا اظہار باعثِ عزت ذہنی و تخلیقی صلاحیتیں نکھریں۔ **18,17** فروری زہرہ نیپچون تسدیس سے عشق و محبت کے اُمور حساس، مثبت و مستحکم فیصلے، خواہشات جنم لے سکیں۔ **19,18** فروری زہرہ زحل قران سے فرض شناسی، ایمانداری، خوداعتمادی، سچائی جیسی خوبیاں بڑھنے سے اہم کاروباری اُمور اور روزمرہ کے اُمور میں بہتری آئے۔ **24,23** فروری زہرہ پلوٹو قران سے حالات میں احتیاط برتیں۔ خاص مقاصد کے تحت دوسروں سے روابط بڑھیں۔

پہلا ھفتہ: شریک حیات کا تعاون رہے گا۔ جس سے گھریلو ماحول خوشگوار ہوگا۔ اولاد خواہشات کا احترام کرے گی۔ عزت و شہرت میں اضافہ ہوسکے گا۔ محبت سے متعلقہ معاملات احسن طریقے سے چل سکیں' ملازمت سے متعلقہ معاملات بہتر ہونگے۔ اخراجات میں اضافہ اور حاسدین کو وار کرنے کا موقع فراہم ہو سکتا ہے لہٰذا محتاط رہئے اور احتیاطی تدابیر اپنائیں۔

دوسرا ھفتہ: خواہشات کی تکمیل سے انجانی خوشی محسوس ہوگی۔ رنجشیں ختم ہوسکیں گی اور تعلقات مزید پائیدار ہونگے۔ کیرئیر میں بہتری کے امکان ہیں۔ دوستوں کا تعاون حاصل ہوگا۔ ملازمت سے متعلقہ معاملات بہتر رہیں گے۔ روحانیت میں اضافہ ممکن ہے۔ نیک خواہشات کی تکمیل میں اہم کام سرانجام دے سکتا ہے۔ دوست شراکتی امور میں تعاون کرسکیں گے۔

تیسرا ھفتہ: شراکتی کاروبار منافع بخش رہیں گے۔ رشتے داروں کا تعاون حاصل ہوگا۔ گھریلو مسائل بہتر طور پر حل ہوسکیں گے۔ ذمہ داریوں میں اضافہ ہو سکے گا جس سے مصروفیت بھی بڑھے گی۔ فنکارانہ صلاحیتیں نکھر سکیں گی۔ خیالات کا اظہار بہتر انداز میں کرسکیں گے۔ معاملات و حالات کا غلط اندازہ لگاسکیں گے جس کے باعث وقت کا ضیاع ہوگا۔

چوتھا ھفتہ: بحث و تکرار سے گریز کریں ورنہ مسائل بڑھیں گے' ذاتی تعلقات متاثر ہوسکتے ہیں۔ سفر کا پروگرام بن سکتا ہے۔ اجنبی افراد سے محتاط رہیں ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے۔ گھریلو معاملات احسن طریقے سے حل ہوسکیں گے۔ ملازم پریشانی کا باعث ہوسکتے ہیں۔ تقریبات کا اہتمام رہے گا۔ بیرون ملک سے متعلقہ امور میں پیش رفت ممکن ہے۔ عشق و محبت سے متعلقہ امور اہمیت کے حامل رہیں گے۔

سعد تواریخ: **25,21,11,6** فروری **نحس تواریخ**: **23,16,9** فروری

21April
21May

ستارہ: زہرہ
حروف: ب۔و
دن: جمعہ
عدد: 6
رنگ: ہلکا نیلا یا سبز
پتھر: اوپل، سبز پکھراج

Element: Earth
RulingPlanet: Venus
Symbol: The Bull
YourStone: Emerald
LifePursuit: Emotional and financial security.
SecretDesire: To have a secure, happy and wealthy life/ marriage.

Gemini

جوزا

22May – 21June

ستارہ: عطارد
حروف: ق ک
دن: بدھ
عدد: 5
رنگ: پیلا یا ملے جلے
پتھر: عقیق سبز، زمرد، فیروزہ

Element: Air
RulingPlanet: Mercury
Symbol: The Twins
YourStone: Aquamarine
LifePursuit: To Explore a little bit of everything.
SecretDesire: To be ahead of the crowd.

آپکا حاکم ستارہ عطارد یکم تا 10 فروری نوی رہتے ہوئے روحانی ریاضت و تعلیمی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔ 11 تا 28 فروری عطارد دسویں رہتے ہوئے کیرئیر کاروبار و عزت میں اضافہ اور نئے مواقع ملیں۔ 5,4 فروری عطارد مشتری تسدیس سے حالات کے مطابق فیصلے کرنے کی صلاحیت۔ دوسروں کو مثبت پہلو سکھا سکیں۔ 9,8 فروری عطارد مریخ تسدیس سے مزاج میں حوصلہ مندی، ایمانداری سے سوچ مثبت اور تکنیکی مہارت بڑھنے سے کام میں تیزی اور نکھار آسکے۔ 11,10 فروری عطارد یورانس تسدیس سے تجرباتی رویہ اور خیالات کا بہتر انداز میں اظہار کر سکیں۔ 20,19 فروری عطارد نیپچون قران سے مزاج میں حساسیت اور تخیل کو حقیقی رنگ دے سکیں۔ 21,20 فروری عطارد زحل تسدیس سے مسائل کا مثبت حل نکال سکیں۔ سوچ میں پختگی، 24,23 فروری عطارد مشتری تربیع کے باعث ذہن پریشان اور قوت فیصلہ متاثر۔ محتاط رہیں۔ 24,23 فروری ہی عطارد پلوٹو تسدیس سے نفسیاتی مسائل حل کر سکیں اور الفاظ میں تاثیر رہے۔

پہلا ھفتہ: نصیب یاوری کرنے سے بہت سے بگڑے ہوئے کام بن جائیں گے اور کاروباری سفر فائدہ مند رہے گا۔ روحانیت کے شوق کو فروغ حاصل ہوگا۔ دوست احباب کی وجہ سے پریشانی ہوسکتی ہے۔ صحت بہتر رہے گی۔ ہمسائیوں کا تعاون حاصل ہوگا۔ اعلیٰ تعلیم کے حصول کے مواقع مل سکیں گے۔ مسائل کا سامنا رہے گا۔ بیرون ملک سے متعلقہ امور میں تاخیر ممکن ہے۔

دوسرا ھفتہ: مالی پوزیشن مستحکم رہے گی۔ کاروباری معاملات میں خواہ مخواہ کی رکاوٹیں آسکیں گی۔ لیکن یہ مسائل جلد حل ہوسکیں گے۔ شریک کار کے ساتھ تعلقات مستحکم رہیں گے۔ صحت متاثر ہوسکتی ہے۔ بہن بھائیوں کا تعاون حاصل ہوگا۔ قوت برداشت اور خود اعتمادی میں اضافہ ممکن ہوسکے گا اور شریک حیات کے باعث گھریلو امور خوشگوار رہیں گے۔ خیالات کا اظہار بہتر انداز سے کر سکیں گے۔

تیسرا ھفتہ: شخصیت میں نکھار آئے گا۔ ذہن منتشر رہے گا۔ کاروباری معاملات مسائل کا شکار رہیں گے۔ بہن بھائیوں کا تعاون رہے گا۔ بحث اور تکرار سے گریز کریں ورنہ لڑائی کی صورت پیش آسکتی ہے۔ جس کے باعث مسائل اور پریشانی میں اضافے کے سوا کچھ حاصل نہ ہوگا۔ رشتے داروں کیساتھ تعلقات کشیدہ رہ سکتے ہیں، بہن بھائیوں کیساتھ وراثتی مسائل کو لے کر جھگڑا چل سکتا ہے لیکن تحمل مزاجی سے کام لیں اور دریادلی کا مظاہرہ کریں۔

چوتھا ھفتہ: محبت کے معاملات میں مصروفیت رہے گی اور قسمت کا ساتھ بھی رہے گا۔ اس کے علاوہ نصیب یاوری کرنے سے کاروباری معاملات میں بھی فائدہ ہوگا اور نامکمل کام مکمل کر سکیں گے جس کے باعث ذہنی بوجھ میں کمی آئے گی۔ شراکتی امور میں مالی نقصان کا اندیشہ ہے۔ حالات میں جلد تبدیلی آسکے گی۔ ذہنی کھچاؤ رہ سکتا ہے۔ کچھ بھی کہنے سے پہلے اچھی طرح سوچ لیں تاکہ تعلقات میں تلخیاں نہ آئیں۔

سعد تواریخ: 16,11,10,8 فروری **نحس تواریخ:** 28,20,14 فروری

Cancer

سرطان

22June – 23July

ستارہ: قمر
حروف: ح ہ
دن: پیر
عدد: 2
رنگ: دودھیا
پتھر: درِ نجف، سفید مرجان

Element: Water
RulingPlanet: The Moon
Symbol: The Crab
YourStone: Moonstone
LifePursuit: Constant reassurance and intimacy.
SecretDesire: To feel safe (emotionally, spiritually, romantically and financially).

آپکا حاکم ستارہ قمر اس ماہ 3,2 فروری وبال جبکہ 25,24 فروری ہبوط یافتہ رہے تو تب اپنے الفاظ کا چناؤ سوچ سمجھ کر کریں اور جلد بازی سے گریز کریں۔ نئے کام کی شروعات سے اجتناب۔ اس ماہ کی سعد تواریخ 13,12 فروری شرف جبکہ 18,17 فروری عروج یافتہ رہے تو ان ایام میں مسائل کا حل، مثبت اقدامات اور تب نیا کام شروع کریں تو پھلے پھولے۔ 5,4 فروری عطارد مشتری تسدیس سے سفر وسیلہ ظفر اور ملازمت کے خواہشمند افراد کو حسبِ منشاء ملازمت مل سکیں جبکہ عزیز و اقارب، بہن بھائی بھی تعاون کریں۔ 19,18 فروری زہرہ زحل قران سے خانگی سکھ، دیرینہ خواہشات کی تکمیل اور مشترکہ کام میں بہتری اور ازدواجی سکھ بڑھے، 28 فروری شمس مریخ تسدیس سے مالی لین دین میں مسائل کا حل اور فیملی میں اضافہ کیلئے کی گئی کوششیں راحت دیں۔

پہلا ھفتہ: صحت بہتر ہوسکے گی اور گھریلو ماحول خوشگوار اور پرسکون رہے گا جس سے آپ اپنے آپ کو تر و تازہ محسوس کریں گے۔ خواہشات کے مطابق کام ہوسکے گا۔ اولاد کا ساتھ رہے گا۔ جس سے مصروفیت میں کمی ہوسکے گی۔ شریک حیات مددگار ثابت ہوگا۔ عزت کیرئیر کاروباری امور میں بہتری لائیگا۔ شراکتی ازدواجی امور میں بھی خاطر خواہ بہتری اور فوائد ملیں گے۔ انعامی فوائد لاٹریوں یا دیگر ذرائع سے آمدن میں اضافہ ممکن ہے۔

دوسرا ھفتہ: مالی پوزیشن بہتر ہوسکے گی۔ سرمایہ کاری منافع بخش ثابت ہوگی۔ سوچ مثبت رہے گی۔ جس سے بہتر فیصلے کر سکیں گے۔ آرٹ اور محبت سے متعلقہ معاملات میں دلچسپی بڑھے گی۔ اولاد سے خوشی عشق و محبت کے معاملات میں گرمجوشی کا امکان ہے۔ کاروباری امور میں خاطر خواہ فائدہ ممکن ہے اور نیا کاروبار شروع کر سکتے ہیں۔ قائدانہ صلاحیت کے باعث طلبہ سکول و کالج میں نمایاں مقام حاصل کر سکیں گے۔

تیسرا ھفتہ: گھریلو معاملات خاص توجہ کے مستحق ہونگے۔ شراکتی کام منافع بخش رہیں گے۔ لمبے عرصے کیلئے سرمایہ کاری کرتے وقت اچھی طرح سوچیں اور تسلی کریں تاکہ بعد میں پچھتاوا نہ ہو۔ دوست مددگار رہیں گے۔ بیرون ملک مقیم دوست احباب، رشتہ دار رابطہ کر سکتے ہیں جس سے مالی فوائد ممکن ہوں گے۔ مسائل کے حل کیلئے جدوجہد ضروری ہے۔ قوت ارادی مضبوط رہنے کے باعث نقصان بھی ہوسکتا ہے لیکن آپ کو اُس کی پرواہ نہ رہے گی۔

